بسم اللہ الرحمن الرحیم

نعت نبی ﷺ میں شعر جو منہ سے نکل گیا
خرمن میرے گناہوں کا فی الفور جل گیا

غنچۂ معرفت حصہ پنجم

# کلامِ ریاض

کرڑوی بعدۂ فتحپوری رحمۃ اللہ علیہ


اعلیٰحضرت مولانا شاہ صدر العالم فقیر

جناب سید محمد ریاض احمد صاحب حسینی رحمۃ اللہ علیہ

حنفی۔ نقشبندی۔ مجددی۔ انجمی

رہبر مجذوب وسالکین

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نعت نبی ﷺ میں شعر جو منہ سے نکل گیا
خرمن میرے گناہوں کا فی الفور جل گیا

## غنچہ معرفت حصہ پنجم

# کلامِ ریاض

کڑوی بعدۂ فتحپوری رحمۃ اللہ علیہ

اعلحضرت مولانا شاہ صدر العالم فقیر

## جناب سید محمد ریاض احمد صاحب حسینی رحمۃ اللہ علیہ

النجمی
حنفی۔ نقشبندی۔ مجددی۔ ابجمی۔ رہبر

مجذوب وسالکین

Marfat.com

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں

84679

مصنف: صدر العالم فقیر جناب سید محمد ریاض احمد صاحب حسینی رحمۃ اللہ علیہ

نام کتاب: غنچۂ معرفت حصہ پنجم کلام ریاض کڑوی بعدہٗ فتحپوری رحمۃ اللہ علیہ

ناشر: فقیر سید امین احمد حسینی

حنفی نقشبندی مجددی النجمی ریاضی عرف قاسم ریاض

طبع اول: فروری 2006ء

مطبع: کنگز پرنٹرز لاہور پاکستان

تعداد اشاعت: -/500

ہدیہ: -/155

Marfat.com

ذخیرہ
لاہور پاکستان

# فہرست نمبر شمار



| نمبر شمار | مصرعہ اولیٰ | زبان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|
| ۱ | لڑکپن جوانی بڑھاپا ہے کیا | اردو | ۱ |
| ۲ | فاتحہ کہتے ہیں جس کو ہے وہ دل کا مدعا | اردو | ۳ |
| ۳ | دونوں عالم میں نہیں ہمسر خدائے پاک کا | اردو | ۵ |
| ۴ | اُسجدو کا حکم تھا کس واسطے اللہ کا | اردو | ۷ |
| ۵ | حکمِ خدا سے جس گھڑی شیطان بدل گیا | اردو | ۹ |
| ۶ | مجلیٰ بہ انوارِ ربُّ العلا | اردو | ۱۲ |
| ۷ | تھا اول سے پہلے جو ہاہوت لا | اردو | ۱۳ |
| ۸ | حجت شیر و شکر گردد فزون حق پوش را | فارسی | ۱۵ |
| ۹ | یاالٰہ العالمین اے خالقِ ارض وسما | فارسی | ۱۶ |
| ۱۰ | علوم ظاہری پڑھ کر نہ تم مغرور ہو جانا | اردو | ۱۸ |
| ۱۱ | بہ تعظیم و تکریم و حسن وفا | اردو | ۱۹ |
| ۱۲ | جو محرم ہوا حسن انسان کا | اردو | ۲۰ |
| ۱۳ | دِلا تو خودی کو مٹائے چلا جا | اردو | ۲۱ |





Marfat.com

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۴ | امر ربی اُسجدوا سے جبکہ شیطاں پھر گیا | اردو | ۲۳ |
| ۱۵ | واللہ خدا نور مقدر میں ملیگا | اردو | ۲۴ |
| ۱۶ | اہلِ ایماں کو نہیں زیبا کریں جور و جفا | اردو | ۲۵ |
| ۱۷ | شہنشاہ کونینؐ فخر عرب | اردو | ۲۶ |
| ۱۸ | شہنشاہ کونینؐ ماہ عرب | اردو | ۲۸ |
| ۱۹ | اللہ لا اِلٰہ اِلّا بشانِ رفعت | فارسی | ۳۰ |
| ۲۰ | اللہ یا محمدؐ حقا توئی بہ وحدت | فارسی | ۳۲ |
| ۲۱ | ثبوت محبت ہے حسن اطاعت | اردو | ۳۳ |
| ۲۲ | کم کر کے خواہشوں کو ہو جاؤ بے ضرورت | اردو | ۳۴ |
| ۲۳ | جب آدمؑ کو اللہ نے دی امانت | اردو | ۳۵ |
| ۲۴ | ہر کہ را پیرے نہ باشد پیر او شیطان بود | فارسی | ۳۷ |
| ۲۵ | شعاع نور ایمانی کہ در خفتن نمی آید | فارسی | ۳۹ |
| ۲۶ | لِللہ الحمد کہ پُر نور سحر می آید | فارسی | ۴۰ |
| ۲۷ | اللہ لا اِلٰہ اِلّا انا محمدؐ | فارسی | ۴۲ |
| ۲۸ | عشق اول در دلِ معشوق پیدا می شود | فارسی | ۴۵ |
| ۲۹ | اے رب میں بندہ تیرا ہوں عاجز گنہ گار | اردو | ۴۶ |
| ۳۰ | ہے جانوں کی جان ایک خیر البشرؐ | اردو | ۴۸ |




Marfat.com

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۳۱ | حبیبؐ کبریا اللہ اکبر | اردو | ۵۰ |
| ۳۲ | یا الٰہ العالمیں اے مالک زیر و زبر | اردو | ۵۱ |
| ۳۳ | حمد رب العالمیں جان جہاں خیر البشرؐ | اردو | ۵۲ |
| ۳۴ | ہے نورِ اعلیٰ نور اللہ برتر | اردو | ۵۴ |
| ۳۵ | بخیل از بود زاہد بحر و بر | فارسی | ۵۵ |
| ۳۶ | جو ہے دین و اسلام سے بے خبر | اردو | ۵۶ |
| ۳۷ | کند ہم جنس با ہم جنس پرواز | فارسی | ۵۷ |
| ۳۸ | نور جانم چراغ باشد و بس | فارسی | ۵۸ |
| ۳۹ | جانِ من بہرِ خدا در خُلق خوش گفتار باش | فارسی | ۵۹ |
| ۴۰ | میرے آقا میرے مولے اے مرے اللہ پاک | اردو | ۶۰ |
| ۴۱ | جسم انسانی میں حق پر ظرف ایمانی ہے ایک | اردو | ۶۳ |
| ۴۲ | تو اے نفس ناداں خدا کو نہ بھول | اردو | ۶۴ |
| ۴۳ | شانِ رب العالمین پر الصلوٰۃ والسلام | اردو | ۶۵ |
| ۴۴ | حسنِ ربُ العالمیں پر الصّلوٰۃُ والسلام | اردو | ۶۷ |
| ۴۵ | عدم را شد تحیر در وجودم | فارسی | ۶۸ |
| ۴۶ | بحمد اللہ خوش بختم کہ پیشِ یار می رقصم | فارسی | ۶۹ |
| ۴۷ | بے نشان را چو بانشان دیدم | فارسی | ۷۰ |


ذخیرہ



Marfat.com

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۴۸ | بحمد اللہ اِلَّا اللہ دگر چیزے نمی دانم | فارسی | ۷۲ |
| ۴۹ | حضوریؑ در گہِ سرکارؐ عالم | فارسی | ۷۵ |
| ۵۰ | خدائے پاک رحمت بود شب جائے کہ من بودم | فارسی | ۷۶ |
| ۵۱ | بحمد اللہ چون خود را نہ بینم | فارسی | ۷۸ |
| ۵۲ | عدم کی نفی ہے فنا کا مقام | اردو | ۷۹ |
| ۵۳ | خدا کی ذات برتر کو تعالٰی اللہ کہتے ہیں | اردو | ۸۰ |
| ۵۴ | نہ جب تک غیب پر اللہ کے ایماں لے آئیں | اردو | ۸۱ |
| ۵۵ | رسولؐ اللہ کی عظمت کو اہل نار کیا جانیں | اردو | ۸۳ |
| ۵۶ | ہے جو اِلَّا اللہ میں رازِ محمدؐ بالیقیں | اردو | ۸۵ |
| ۵۷ | لا کی ضمیر ہے الہ النفسِ جلالِ اولیں | اردو | ۸۷ |
| ۵۸ | پردۂ اوہامِ باطل در گمان | فارسی | ۸۸ |
| ۵۹ | مہر تابانِ ولایت رونما شد بر زمین | فارسی | ۹۱ |
| ۶۰ | اے خدا اللہ اکبر شانِ رب العالمین | فارسی | ۹۳ |
| ۶۱ | سیرت وصورت بہ عقل وہوش جان مرد وزن | فارسی | ۹۴ |
| ۶۲ | ہم جرم کریں اور اِترائیں وہ عفو کریں اور بخشائیں | اردو | ۹۵ |
| ۶۳ | جو دنیا میں حق سے پھرے جارہے ہیں | اردو | ۹۶ |
| ۶۴ | انبیاء واولیاء الحمدُ رب العالمیں | اردو | ۹۷ |


د



Marfat.com

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۶۵ | جونامحرم ہیں کیا جانیں شریعت کس کو کہتے ہیں | اردو | ۹۸ |
| ۶۶ | حسد کی وجہ سے جو گمراہ ہیں | اردو | ۹۹ |
| ۶۷ | ایک پردہ نشیں حسینوں میں | اردو | ۱۰۰ |
| ۶۸ | یا الٰہ العالمیں مقصود رب العالمیں | اردو | ۱۰۱ |
| ۶۹ | بہ ظلمت نفس امارہ کو غیر اللہ کہتے ہیں | اردو | ۱۰۲ |
| ۷۰ | خدا ایک ہے ہر جگہ نور جاں | اردو | ۱۰۴ |
| ۷۱ | اللہ کا جو نور ہے ام الخطاب میں | اردو | ۱۰۶ |
| ۷۲ | امتحان ابلیس کا تھا حکم ربی اُسجدو | اردو | ۱۰۷ |
| ۷۳ | اللہ کا خلیفہ جو آدمؑ ہے روبرو | اردو | ۱۰۸ |
| ۷۴ | امتحانی جانچ میں تھا حکم ربی اُسجدو | اردو | ۱۱۰ |
| ۷۵ | اللہ برتر سے ڈروائے دوستو مسلم بنو | اردو | ۱۱۲ |
| ۷۶ | ہر شے کی زندگی ہے قدرت کا اک فسانہ | اردو | ۱۱۴ |
| ۷۷ | شمس و قمر ستارے دنیا کا کارخانہ | اردو | ۱۱۶ |
| ۷۸ | ہے اللہ برتر کا اک نام زندہ | اردو | ۱۱۸ |
| ۷۹ | لا اِلٰہ وجود اِلّا اللہ | فارسی | ۱۱۹ |
| ۸۰ | لِلّٰہ الحمد زہے نور حییمؐ باللہ | فارسی | ۱۲۲ |
| ۸۱ | ذات اقدس بحسنِ اِلّا اللہ | فارسی | ۱۲۴ |




Marfat.com

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۸۲ | لا إلٰہ بحق إلّا اللہ | فارسی | ۱۲۵ |
| ۸۳ | خداوند عالم ہے انساں کے ساتھ | اردو | ۱۲۶ |
| ۸۴ | دنیاوی زندگی میں بیہوش ہے زمانہ | اردو | ۱۲۷ |
| ۸۵ | خدا کا دو عالم میں ہے کارخانہ | اردو | ۱۲۸ |
| ۸۶ | ہر شے ہے حجاب إلّا اللہ | اردو | ۱۳۰ |
| ۸۷ | بحقِ نورِ ذاتِ کبریائی | اردو | ۱۳۱ |
| ۸۸ | اللہ پاک و برتر ہے نور مجتبائی | اردو | ۱۳۵ |
| ۸۹ | اللہ یا محمدؐ حق است ہر چہ خواہی | فارسی | ۱۳۶ |
| ۹۰ | لِلّٰہ الحمد نور لا ثانی | فارسی | ۱۳۷ |
| ۹۱ | یا إلٰہ العالمین از بہرِ ذاتِ سرمدی | فارسی | ۱۳۹ |
| ۹۲ | حجابِ لا إلٰہ چون بخیر وشر شود فانی | فارسی | ۱۴۱ |
| ۹۳ | ایکہ غافل ہوش کن مرد مسلمان نیستی | فارسی | ۱۴۳ |
| ۹۴ | بخدائے نور برتر دُر حسن کبریائی | فارسی | ۱۴۵ |
| ۹۵ | بجمد اللہ إلّا اللہ شانِ ذات ربانی | فارسی | ۱۴۶ |
| ۹۶ | خدا کا بندہ وہی ہے حق پر نبیؐ کی جسکو ملی غلامی | اردو | ۱۴۷ |
| ۹۷ | ایک ہستی ہے نور سبحانی | اردو | ۱۴۸ |
| ۹۸ | فقط تعلیم ہوتی ہے مدرسوں میں اطاعت کی | اردو | ۱۴۹ |




Marfat.com

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۹۹ | حرصِ دنیا بہ قلب انسانی | اردو | ۱۵۱ |
| ۱۰۰ | خود پرستی ہے جہل نادانی | اردو | ۱۵۲ |
| ۱۰۱ | خدا کا ہے اقرار پیری مریدی | اردو | ۱۵۴ |
| ۱۰۲ | زیارت ہوئی جس کو ایمان کی | اردو | ۱۵۶ |
| ۱۰۳ | ہوئی صاف ظاہر خدا کی خدائی | اردو | ۱۵۷ |
| ۱۰۴ | ہوئی نور وحدت کی جب دستگیری | اردو | ۱۵۹ |
| ۱۰۵ | خدا کی شان قدرت کا مرقع ظرف نورانی | اردو | ۱۶۰ |
| ۱۰۶ | پنجوقتہ نماز جسمانی | اردو | ۱۶۲ |
| ۱۰۷ | خدائے پاک کی عظمت ہے سر پر تاج سرداری | اردو | ۱۶۴ |
| ۱۰۸ | خدائے پاک کا باغی ہے ظالم نفس شیطانی | اردو | ۱۶۵ |
| ۱۰۹ | ایکہ نادان بہ نفس شیطانی | فارسی | ۱۶۶ |
| ۱۱۰ | خدا کی محبت ہے حب نبیؐ | اردو | ۱۶۷ |
| ۱۱۱ | مخالف حق تعالےٰ کا ہے ظالم نفس شیطانی | اردو | ۱۶۹ |
| ۱۱۲ | حق تعالےٰ کے زیر نگرانی | اردو | ۱۷۰ |
| ۱۱۳ | بحمد اللہ اِلاّ اللہ حمد ذات ربانی | اردو | ۱۷۳ |
| ۱۱۴ | قدر و قیمت مصطفٰےؐ کے نور بسم اللہ کی | اردو | ۱۷۴ |
| ۱۱۵ | بظاہر نفس کو مرغوب ہے دنیا کی سرداری | اردو | ۱۷۵ |




Marfat.com

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۱۶ | آداب خوش خصالی ہے عجز وانکساری | اردو | ۱۷۶ |
| ۱۱۷ | بے نشاں کا نشاں ہے نورانی | اردو | ۱۷۷ |
| ۱۱۸ | کیا پہیلی ہے زندگی اپنی | اردو | ۱۷۹ |
| ۱۱۹ | لڑکپن گزر کر جوانی جب آئی | اردو | ۱۸۲ |
| ۱۲۰ | رب نے چاہا کرے خدائی دم میں جوت دیو چمکائے | ہندی | ۱۸۳ |
| ۱۲۱ | ہم تم سوامی ایک ہیں گھن سُنن کو دوے | ہندی | ۱۸۴ |
| ۱۲۲ | اللہ کی قدرت کیا کہیئے توحید کی عظمت کیا کہیئے | اردو | ۱۸۵ |
| ۱۲۳ | قسم ہے خدا کی خدا ایک ہی ہے | اردو | ۱۸۶ |
| ۱۲۴ | بوجھے کوئی پہیلی انسان کے پاس کیا ہے | اردو | ۱۸۸ |
| ۱۲۵ | بحمد اللہ جانوں میں امانت باکرامت ہے | اردو | ۱۸۹ |
| ۱۲۶ | بحمد اللہ بسم اللہ نورانی محمدؐ ہے | اردو | ۱۹۰ |
| ۱۲۷ | بہت دور سے ہم ہیں آئے ہوئے | اردو | ۱۹۲ |
| ۱۲۸ | خبر ہے کہ ابلیس کیا کر رہا ہے | اردو | ۱۹۶ |
| ۱۲۹ | لا کی ہستی لام الف تک جینے مرنے کیلئے | اردو | ۱۹۸ |
| ۱۳۰ | دلوں میں یقینی جو رشکِ قمر ہے | اردو | ۱۹۹ |
| ۱۳۱ | طیبہ والے آقا کے قدموں میں جائینگے | اردو | ۲۰۰ |
| ۱۳۲ | اے رب میں بندہ تیرا ہوں غربت کے سامنے | اردو | ۲۰۲ |




Marfat.com

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۳۳ | جو نورِ اعلیٰ نورِ ربّ العلا ہے | اردو | ۲۰۵ |
| ۱۳۴ | اللہ پاک ذات مرے دل میں نور ہے | اردو | ۲۰۷ |
| ۱۳۵ | نورِ وحدت جان و دل میں خالق تقدیر ہے | اردو | ۲۰۸ |
| ۱۳۶ | زندہ ہے دو عالم دُرِ انوارِ نبیؐ سے | اردو | ۲۰۹ |
| ۱۳۷ | نہ مانے جو خدا کو حق تعالیٰ سے جو پھر جائے | اردو | ۲۱۱ |
| ۱۳۸ | سب دلائل ہیں کافروں کیلئے | اردو | ۲۱۳ |
| ۱۳۹ | جہل و خودی تفاخر ظلمت کا راستہ ہے | اردو | ۲۱۶ |
| ۱۴۰ | عبدہٗ کہتے ہیں جس کو نفس جسم و جان ہے | اردو | ۲۱۸ |
| ۱۴۱ | سبحان اللہ بسم اللہ حق اللہ احمدؐ ہے | اردو | ۲۱۹ |
| ۱۴۲ | جانوں میں عقل و ہوش بہ حُسنِ مجاز ہے | اردو | ۲۲۰ |
| ۱۴۳ | نام تیرا اے خدا ستار ہے | اردو | ۲۲۱ |
| ۱۴۴ | خدا کی خلافت نبیوںؑ میں ہے | اردو | ۲۲۲ |
| ۱۴۵ | لا الٰہ مقام فانی ہے | اردو | ۲۲۳ |
| ۱۴۶ | ہیں اللہ والے بڑی شان والے | اردو | ۲۲۴ |
| ۱۴۷ | نفس و شیطاں کا جو پجاری ہے | اردو | ۲۲۵ |
| ۱۴۸ | میلاد مصطفیٰؐ بہ قیام و سلام ہے غفلت میں سوئے ادبی یقینی حرام ہے | اردو | ۲۲۷ |




Marfat.com

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۲۲۸ | اردو | کوئی بوجھے کہ فاتحہ کیا ہے | ۱۴۹ |
| ۲۲۹ | اردو | کسی چیز میں کچھ برائی نہیں ہے | ۱۵۰ |
| ۲۳۱ | اردو | قراں ہے نور پاک اطاعت کیواسطے | ۱۵۱ |
| ۲۳۴ | اردو | میلاد مصطفےٰ بہ قیام و سلام ہے دونوں جہاں میں نور کی شہرت عام ہے | ۱۵۲ |
| ۲۳۶ | اردو | محفل میلاد نبویؐ رحمتی دربار ہے | ۱۵۳ |
| ۲۳۸ | اردو | سرکو جھکادو خالق اکبر کے سامنے | ۱۵۴ |
| ۲۳۹ | اردو | جو مسکین و عاجز ہیں رحمان والے | ۱۵۵ |
| ۲۴۰ | اردو | بحمد اللہ عالم میں تیری قدرت نرالی ہے | ۱۵۶ |
| ۲۴۱ | اردو | خدا کے نیک بندوں کی علامت حسن طاعت ہے | ۱۵۷ |
| ۲۴۲ | اردو | لا الٰہ عبدہٗ کی شان ہے | ۱۵۸ |
| ۲۴۳ | اردو | کچھ نہیں کا مقام فانی ہے | ۱۵۹ |
| ۲۴۵ | اردو | دل وجاں کے پردوں میں نور خدا ہے | ۱۶۰ |
| ۲۴۶ | اردو | بندوں میں ایک بندہ پُر نور پُر ضیا ہے | ۱۶۱ |
| ۲۴۷ | اردو | خوب سونچو دوستو دنیا میں کیا سامان ہے | ۱۶۲ |
| ۲۴۹ | اردو | حق تعالےٰ بالیقیں اللہ برتر ایک ہے | ۱۶۳ |
| ۲۵۱ | اردو | مسجد خدا کے بندوں کا دربار عام ہے | ۱۶۴ |




Marfat.com

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۶۵ | واللہ لاجواب خدا کا کلام ہے | اردو | ۲۵۲ |
| ۱۶۶ | جسم خاکی بہ نفس ناداں ہے | اردو | ۲۵۳ |
| ۱۶۷ | بتاؤ دلوں میں چھپا کون ہے | اردو | ۲۵۵ |
| ۱۶۸ | بس اب اُٹھ کھڑے ہو دعا کے لیے | اردو | ۲۵۸ |
| ۱۶۹ | علم اک انساں ہے نوری خاک دامن گیر ہے | اردو | ۲۵۹ |
| ۱۷۰ | دائرہ تنظیم کا اول حرف لام ہے | اردو | ۲۶۱ |
| ۱۷۱ | پیر حق اللہ اکبر نور بسم اللہ ہے | اردو | ۲۶۲ |
| ۱۷۲ | عالم لا کچھ نہیں کا راز ہے | اردو | ۲۶۳ |
| ۱۷۳ | جان بہ غفلت بہت پریشاں ہے | اردو | ۲۶۴ |
| ۱۷۴ | یا خدا جسم میں جب تک کہ میری جان رہے | اردو | ۲۶۵ |
| ۱۷۵ | شجرہ شریف نسبی حضرت محمد مصطفےٰ ﷺ | اردو | ۲۶۶ |




Marfat.com

نَحۡمَدُہٗ وَ نُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِهِ الۡکَرِیۡمِ ۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۔

## "تحدیث نعمت"

جو دنیا اور مافیہا سے دل کو موڑ لیتے ہیں
خودی کو نفس امّارہ سے حق پر توڑ لیتے ہیں
وہی اللہ والے اہل جنّت ہیں حقیقت میں
خدا کی راہ میں رشتے نبیؐ سے جوڑ لیتے ہیں

---

وَالۡعَصۡرِ ۝ اِنَّ الۡاِنۡسَانَ لَفِیۡ خُسۡرٍ ۝ اِلَّا الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡ وَعَمِلُوالصّٰلِحٰتِ وَ تَوَاصَوۡ بِالۡحَقِّ ۙ وَ تَوَاصَوۡ بِالصَّبۡرِ ۝ (قسم ہے زمانے کی (جس میں نفع ونقصان واقع ہوتا ہے) بیشک آدمی ضرور نقصان میں ہے (بوجہ تضیع عمر کے) مگر سوائے ان لوگوں کے جو ایمان لائے اور اچھے کام کئے اور ایک دوسرے کو حق کی تاکید کی اور ایک دوسرے کو صبر کی وصیّت کی یعنی ایمان اور عمل صالح کی پابندی کی فہمائش کرتے رہے اور تکلیف برداشت کرتے رہے دین کی راہ میں)

اللہ تبارک وتعالیٰ کا ارشاد ہے کہ قُلۡ اِنَّ صَلوٰتِیۡ وَ نُسُکِیۡ وَ مَحۡیَایَ وَ مَمَاتِیۡ لِلّٰهِ رَبِّ الۡعٰلَمِیۡنَ ۝

ل



Marfat.com

حضور نبی اکرم ﷺ سے مسلک نبوی اور اسی طرح مسلک اہل ایمان کا اعلان و اظہار فرمایا یہ بات اظہر من الشمس ہے کہ مومن بہر حال اور بہر شان اَللّٰہُ وَلِیُّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا کے خلعت سے مستفید فرمایا گیا ہے اور اسی خاص شرف کے باعث ہی اس کی زندگی کا ہر لمحہ اللہ کے اور اس کے رسولؐ کے پسند کردہ قاعدہ اور ضابطہ کے ماتحت ہے۔ اس دنیا سے جانے اور اسکے بعد کے مراحل ناواقفیت کے سبب صحیح طرز عمل نہیں اختیار کرتے جو اللہ کے رسول ﷺ اور اس کے برگزیدہ بندوں کا طرز عمل رہا ہے۔

ہمارے پیرو مرشد واقف اسرار کاملی مخزن معرفت محبوبی محو حق بالذّات ید اللٰہی رہبر مجذوب وسالکین مولائی وملجائی اعلیٰ حضرت صدر العالم فقیر سید محمد ریاض احمد حسینیؒ میاں صاحب قبلہ حنفی نقشبندی مجدّدی النجمی ایک بزرگ اور سادات گھرانے سے تعلق رکھتے تھے آپ کے آباؤ اجداد عرب شریف سے بغرض تعلیمات دینی اور تبلیغ اسلام ہجرت کر کے بخارا، مشہد، سمرقند ہوتے ہوئے ملتان پہنچے اور ملتان میں تعلیمات دیتے ہوئے اپنے قافلہ کے لوگوں کو مختلف مقامات پر منتقل کرتے رہے کچھ کوڑا، کڑا، کرّہ، مکن پور، اجھوا، ایرایاں، دمگڑھا، بارہ بنکی، پھولپور، رسولپور، گونتی وغیرہ منتقل ہوئے اور پیرو مرشد کے مورثِ اعلیٰ جناب سید شاہ ہیبت اللہ حسینیؒ گونتی کے آبادی سے کافی دور ایک ٹیلہ پر مع اپنے اہل وعیال کے قیام پذیر ہوئے

م



Marfat.com

اور اسی مناسبت سے اس مقام کا نام ہیبت پور گونتی پڑ گیا آپ کے خاندان میں کافی جلیل القدر بزرگ گزرے ہیں ایک بزرگ جن کا نام سید شاہ محمد سلیمانؒ ہے جن کا لقب کفر شکن تھا۔ آپ کے لئے کہا گیا ہے کہ آپ جنگ کرتے ہوئے جس مقام تک پہنچے اس مقام تک کفر کا خاتمہ ہو گیا آپ ہی کے خاندان کے ایک بزرگ سید ابوالخیر محمد فریدالدین مشہدیؒ نے آکر کڑے میں قیام کیا ان ہی دونوں خاندانوں میں شادیاں ہوتی رہیں۔

آپ کی جائے پیدائش بنارس ہے یہ اس وقت کی بات ہے جب اشاعتِ اسلام کے سلسلہ میں آپ کے والد بزرگوار سیّد محمد فیاضؒ احمد بنارس گئے اور وہیں ایک ہاسپٹل میں سب اسسٹنٹ سرجن کے عہدہ پر فائز ہو گئے اور اپنے بچّوں کو اپنے ساتھ رکھا وہیں ۱۸۸۹ء میں محلّہ مدن پورہ میں پیدا ہوئے ابتدائی تعلیم بنارس میں ہوئی بعدہٗ وہ اپنے ماموں جو بعد میں خسر بھی ہو گئے ان کے پاس بیانا میں تعلیم حاصل کی آپ کے ماموں بیانا میں شہر کوتوال تھے آپ نے اپنی دینی اور دُنیوی تعلیم حاصل کرنے کے بعد ریلوے میں اسٹیشن ماسٹر کے عہدہ پر فائز ہو گئے چونکہ دینی تعلیم اور گھر کا ماحول بزرگانہ تھا اور ساتھ ہی ساتھ سینہ بہ سینہ تعلیم ملتی ہی رہتی تھی وہ رنگ لائی اور آپ کا رجحان حمد، نعت، منقبت، معارف، تصوف کی طرف ہو گیا اور اشعار کی شکل میں گوہر نایاب ہم لوگوں کے سامنے آیا۔ ایک

ن



Marfat.com

وقت ایسا آیا جب کہ آپ فتحپور کے روشن ضمیر صوفی منش سید شاہ نجم الدینؒ صاحب کے خدمت بابرکت میں حاضری دی انھوں نے دُرِّ انمول کو ایک ہی نظر میں پہچان لیا اور سینہ سے لپٹا کر روحانی تصرّفات سے معمور کردیا اور ایسا مخمور کیا جسکی مثال آپ کے ہمعصروں میں نہیں پائی جاتی۔ کہاں تو نجم الدین شاہ صاحبؒ کسی سے ملتے نہ تھے اور کہاں یہ حال ہو گیا کہ وہ آپ کو دیکھنے کے لئے بے چین رہتے تھے اور آخر کار محبت کا جذبہ اس حد تک پہنچا کہ آپ کو تمام مدارج طے کرادیئے اور آپ کو صدرالعالم کے عہدہ سے سرفراز فرمایا اللہ الصمدی صدرالعالم کا درجہ دُنیا میں صرف ایک ہی فرد ہوتا ہے اور وہ مقام آپ کے پیر مُرشد نے مرحمت فرمایا اور ساتھ ہی ساتھ ۲۷ اکتوبر ۱۹۳۳ء کو اپنا قائم مقام و خلیفہ اکبر منتخب کیا۔

آپ کی حیات کا ایک لمحہ بھی ایسا نہ تھا جو عبادت، ریاضت، رُشدوہدایت، تصنیف و تالیف، نصائح، پند و عبرت، آئینہ عبرت نسواں میں صرف نہ ہوتا۔

آپ نے اپنی زندگی اللہ و رسول اور اپنے پیر کے فکر میں منہمک ہو کر عبادت الٰہیہ میں وقف کردی یہاں تک کہ اپنی جائداد جو کڑا اور ہیبت پور میں تھی اس تک کو نہ دیکھا دیگر لوگ اس سے افادہ حاصل کرتے رہے اور

س



Marfat.com

کرتے رہیں گے آپ سادہ لوح مزاج اور بہت کم سخن تھے زبان مبارک کھلتی تو وہ اپنے پیر کی توصیف میں ہی کھلتی زندگی کے مجاہدہ ظاہری و باطنی بہت کیئے ۱۲ برس تک روزہ صرف ایک پیالی چائے کے افطار پر رکھا جس کے باعث آپ کی اہلیہ بہت پریشان تھیں جس کی عرضداشت آپ کے پیر جواُن کے بھی پیر تھے کی ۔ اس وقت آپ کو اپنے پاس روک لیا اور تھوڑی غذا اپنے ہی ہاتھوں سے کھلاتے رہے یہی طریقہ آپ نے اپنے مریدین اور بچوں کے ساتھ رکھا اگر آپ کے کھانے کے وقت کوئی بھی آجاتا تو اس کو اپنے ہی ہاتھوں سے کھلاتے اور اسی ہاتھوں سے خود بھی کھاتے سبحان اللہ یہ ہیں اللہ والے جس کے لئے اللہ تبارک وتعالیٰ کا ارشاد ہے اَلَآ اِنَّ اَوْلِیَآءَ اللّٰہِ لَا خَوْفٌ عَلَیْھِمْ وَلَا ھُمْ یَحْزَنُوْنَ ۝ (القرآن)

آپ کی شادیاں یکے بعد دیگرے تین ہوئیں دو اہلیہ سے اولادیں ہوئیں پہلی اور تیسری بیوی حقیقی بہنیں تھیں۔ اب آپ کی اولادِ پاک پانچ ہیں جن میں تین صاحبزادے اور دو صاحبزادیاں ہیں۔ سید سعیدؒ احمد، سیدہ بی فاطمہ، سید صدیقؒ احمد، سیدہ ریاض النساء، سید امین احمد عرف قاسم ریاض۔ یہ پانچوں اولادیں پاک اور دونوں داماد سلسلہ میں داخل ہو کر فیوض و برکات سے مستفیض ہو رہے ہیں۔

ع



Marfat.com

آپ نے اپنے منجھلے صاحبزادے جناب ڈاکٹر سید صدیق احمد حسینیؒ
کو ۱۹۴۸ء میں خلافت دے کر بحیثیت خلیفہ اکبر فائز کیا اور اپنے بڑے داماد
جناب سید افتخار حسینؒ صاحب کو جن کو آپ نے اپنے اولادوں پر بھی ترجیح دی
ان کو بھی دستار فضیلت سے مزّین کیا۔ بڑے صاحبزادے بھی بہت عبادت
گزار اور فقیر منش آدمی ہیں ان کو بھی اللہ تبارک وتعالیٰ نے حج کے فریضہ سے
سبکدوش کیا اور سبھی اولادیں اپنے پیر و مُرشد کے بتائے ہوئے اصول اور
ارشادات پر گامزن ہیں۔

آپ کے مریدین کی تعداد بے شمار ہیں جن میں کثیر تعداد اُتّر
پردیش، مدھ پردیش، پاکستان خاص کر جبلپور میں ہیں۔ یہ تمامی لوگ بھی
اپنے پیر کے بتائے ہوئے اُصول اور طریقہ پر عمل پیرا ہیں۔

آپ کی حضوری جن خوش نصیبوں کو حاصل ہے ان کا کیا کہنا وہ
تو حضور میاں صاحب قبلہؒ کے فیوض و برکاتِ لامتناہی سے متمتّع ہوتے ہی
رہتے ہیں لیکن ان لوگوں کو بھی فیضان و برکات سے محروم نہیں ہونے دیا
جاتا جو آپ سے یا آپ کے کسی مُرید سے عقیدت ومحبت رکھتا ہے۔

اللہ تعالیٰ اپنے حبیب پاک احمد مصطفیٰ محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے
تصدّق اور بزرگان دین سلسلہ عالیہ نقشبندیہ و جملہ سلاسل کے طفیل میں

ف



Marfat.com

تمامی بھائیوں کو توفیق نیک عطا فرمائے تا کہ اس کتاب سے کما حقہٗ، مستفیض ہوں اور اپنی زندگی کو میاں حضور کی تعلیمات کے سانچے میں ڈھال سکیں۔

اللہ پاک ہم لوگوں کا خاتمہ بالخیر بزرگان دین کے عقائد پر کرے تا کہ حشر کے دن بطفیل حضور نبی کریم ﷺ اپنے مرشد کامل محو حق بالذات ید اللّٰہی جناب شاہ صدر العالم سیّد محمد ریاض احمد حسینی میاں صاحب نقشبندی مجدّدی انجمی کے دامنِ رحمت کے سایہ میں الطافِ خداوندی سے سرفراز فرمائے۔ آمین ثُمَّ آمین۔ ساتھ ہی ساتھ اللہ پاک ان لوگوں کو بھی جزائے خیر عطا فرمائے جن کی کاوشوں کے باعث یہ جواہر پارے ہمارے اور آپ کے سامنے آئے۔ اللہ پاک تمامی مُریدین، مُعتقدین کو تمامی مراحل دینی و دُنیاوی جلد سے جلد طے کرائے تا کہ اپنے پیرو مُرشد کے روبرو سُرخروئی نصیب ہو۔ آمین اور اس فقیر کو بھی دعائے خیر میں یاد کرتے رہیے۔

وَالسَّلَامُ عَلٰی مَنِ اتَّبَعَ الْهُدٰیo

فقیر سید امین احمد حسینی
حنفی نقشبندی مجددی انجمی ریاضی عرف قاسم ریاض عفی عنہ
خلف و سجادہ نشین آستانہ عالیہ ریاض المعارف
146 ریاض منزل سیدواڑہ شہر فتح پور (یو۔ پی) انڈیا پوسٹ کوڈ 212601
فون نمبر 0091-05180-225205
موبائل 0091-9335010936



Marfat.com

# تبلیغ

لڑکپن جوانی بڑھاپا ہے کیا
محبت کا جانوں میں جلوہ ہے کیا

بہ تذکیر و تانیث و حُسنِ وفا
دلوں میں برحمت سراپا ہے کیا

پہیلی ہے دنیا میں ہر خیر و شر
خودی کا جہاں میں تماشا ہے کیا

ہوئی عقل حیراں بہ عجز و حیا
گمانِ غلط کا معمّہ ہے کیا



Marfat.com

ہمیشہ سے ہے جو رہے گا سدا
نہیں موت جس کو وہ زندہ ہے کیا

نہیں سوجھتا جن کو اچھا بُرا
کوئی بوجھے آنکھوں میں پردہ ہے کیا

خدا کے خدائی میں خیر البشرؐ
رسولوںؑ میں چھپ کر مجلّٰی ہے کیا

نہ جانا کسی غیر نے با خدا
نبیوںؑ میں احمدؐ کا رتبہ ہے کیا

ریاضِؒ شہِ نجمِؒ دینِ ولیؒ
بہ شمس و قمر میں ستارہ ہے کیا



Marfat.com

ذخیرہ

# مناجات

فاتحہ کہتے ہیں جس کو ہے وہ دل کا مدعا
مغفرت اللہ سے پیشِ حبیبِؐ کبریا

بیکسی و بے بسی میں خستہ حالی رنج و غم
ہے خدا کے سامنے فریاد با آہ و بُکا

رب العزت کی رضا جوئی محبت کیلئے
رو برو اللہ کے عرضی ہے سورۂ فاتحہ

آرزو دل کی تمنا بیکلی و عرضِ حال
سارے بندوں کی طرف سے ہے خدا سے التجا



Marfat.com

بھول کر چھوڑو نہ یارو فاتحہ حسنِ عمل
رحمتہ اللعالمینؐ کی یاد میں ذکر خدا

ہے درودِ مصطفےٰؐ میں راحت و صبر و سکون
نسخہِ اکسیر ہے داروئے درد ہر بلا

یا الٰہی رحم فرما بہر ختم المرسلینؐ
دُور کر دے اضطرابی دل کی اے رب العلا

اے مرے غفار و ستار العیوب عاصیاں
بخشدے سارے گناہوں کو طفیلِ مصطفےٰؐ

بندۂ نجمیؒ ریاضِؒ ناتواں کے حال پر
ہو نگاہِ فضل و احساں یا نبیؐ خیرالوریٰ



Marfat.com

# تصوف

دونوں عالم میں نہیں ہمسر خدائے پاک کا
ایک ہی اللہ برتر ہے یقینی برملا

یا الٰہ العالمین از بہر ختمؐ الانبیاء
خاتم پیغمبرانؑ محبوبؐ ذاتِ کبریا

انبیاؑء و اولیاؒء پیرانؒ و شاہِ مرسلانؐ
رحمتہ اللعالمینؐ جانِ جہاں صدر العلا

مظہرِ حق الیقیں ہیں آپ ہی امّی لقبؐ
مجتبیٰؐ و مصطفےٰؐ شمس الضحیٰ بدر الدجیٰؐ



Marfat.com

ختم کی ذات مقدس پر تمامی نعمتیں
خالقِ ارض و سما نے ابتدا و انتہا

یا شفیع المذنبینؐ الحمد رب العالمین
دستگیر بیکساں لِللّٰہ اے حاجتؐ روا

اے مرے مشکلکشا صدقہ رسولؐ پاک کا
مشکلیں حل کیجیے دیدیجیے خاکِ شفا

آپکا نجمیؒ ہے یہ بندہ ریاضِؒ ناتواں
اے حبیبؐ کبریا سُن لیجیے دل کی دعا

نجمِؒ دینِ مصطفٰےؐ عبدالسلامِؒ احمدیؐ
نور ایمان کا بھکاری ہے ریاضِؒ پُر خطا



Marfat.com

# تبلیغ

اُسجدو کا حکم تھا کس واسطے اللہ کا
حق تعالیٰ کا تھا سجدہ یا کہ غیر اللہ کا

کون منکر ہے خلافت کا خدا کے روبرو
کون کافر ہو گیا دشمن نبیؐ اللہ کا

حضرت آدمؑ کو سجدہ کُل فرشتوں نے کیا
کیوں کیا ابلیس نے انکار حق اللہ کا

بد دماغی سرکشی شیطان بہ جہل و خودسری
کینہ ور حاسد بنا باغی ہوا اللہ کا

سجدۂ آدمؑ کو جانا شرک جب ابلیس نے
ہو گیا مردود خود مجرم بنا اللہ کا



Marfat.com

بے ادب راندہ گیا مردود و ملعون ہو گیا
بد نصیبی طوق لعنت ہے غضب اللہ کا

انبیاءؑ و اولیاءؒ کو جس نے سمجھا غیر حق
نار دوزخ میں گرا ہو کر عدو اللہ کا

نور ہے امیؐ لقب مرسل حبیبؐ کبریا
مظہرِ حق الیقین مقصود حق اللہ کا

فاتحہ میلاد سے اے دوستو غافل نہ ہو
ترکِ تعظیمِ نبیؐ انکار ہے اللہ کا

بد تمیزی سوئے ادبی اہلِ حق کی شان میں
شعلۂ نارِ جہنم ہے عذاب اللہ کا

ہے ریاضؒ احمدیؐ بندوں میں نجمؒ العارفاں
خاکپائے مصطفےٰؐ شیدا رسولؐ اللہ کا



Marfat.com

# قصیدہ

حکمِ خدا سے جس گھڑی شیطان بَدل گیا
ہیبت سے دل فرشتوں کا اِکدم دَہَل گیا

تھّرا گئے تمام ملائک سجود میں
قہرِ خدا سے نقشۂ عالم بَدل گیا

ابلیس اپنے زُہد و عبادت کے زعم میں
مغرور ہو کے پتلۂ خاکی سے جل گیا

کبر و حسد میں ہوتے ہی گستاخ و بے ادب
زُمرہ سے وہ فرشتوں کے باہر نکل گیا

ملعون ہو کے جا گِرا نارِ جہیم میں
جونہی قدم حُدود شرع سے پھسل گیا



Marfat.com

راندہ گیا ذلیل ہوا دوزخی بنا
اللہ کے غضب کا جو دریا اُبل گیا

آدمؑ کے گھات میں رہا ابلیس پُر فریب
خوش ہو گیا جو مکر کا اِک داؤں چل گیا

گندم کِھلا کے موردِ جور و ستم کیا
آنا زمین پہ خُلد سے آدمؑ کو کُھل گیا

لیتے ہی نام پاک خدا کے حبیبؐ کا
طوفاں تھا جو بَلاؤں کا سر پر وہ ٹل گیا

یارو پڑھو ہمیشہ وظیفہ درود کا
افسوس ورنہ ہو گا جو موقعہ نکل گیا

تکرار اسم پاک ہے بیشک نماز میں
جس نے پڑھی نماز یقینی سنبھل گیا



Marfat.com

ذکرِ حبیبؐ کم نہیں وصلِ حبیبؐ سے
قرآن کے پڑھتے ہی دلِ نجمیؒ بہل گیا

کرتے ہی غور و فکر بہ فیضان سرمدی
سارا جہاں جمالِ حقیقت میں ڈھل گیا

عاشق ہے جو رسولؐ کا ہو کر وہ کامیاب
محبوبِ حق سے ملنے کو پیشِ اَجل گیا

اللہ کی تلاش و معارف کی جستجو
ہجرِ نبیؐ میں جسم کا ہر تار گل گیا

ہو جائے اب نثار نبیؐ پر یہ جان و دل
جوشِ جنوں میں پھر دلِ مضطر مچل گیا

دل میں ریاضؒ لے کے خدا کے حبیبؐ کو
اللہ کے حضور بہ ختمِ رُسلؐ گیا



Marfat.com

# تصوف

مجلیٰ بہ انوارِ ربُّ العُلا
محمدؐ ہے واللہ نُور الہُدیٰ

ہے شمس الضحیٰؐ وہ ہی بدر الدحیٰؐ
بقرآنِ ناطق کلامِ خدا

ہوا عقدۂ لا و اِلَّا جو حل
نفی در عدم شد فنا ء الفنا

وہی جلوہ گر ہو کے بالائے عرش
بقا ء البقا ہے ورا ء الوریٰ

ہو اللہ اِلَّا ریاضِؒ وحی
اولی الامر منکم ہے صدر العُلا



Marfat.com

# تصوف

تھا اول سے پہلے جو ہاہوت لا
وہ پردوں میں لاہوت کے تھا چھپا

عدم کے نفی پر فناء الفنا
بسرِّ خفی اور اخفیٰ رہا

بجبروت و ملکوت و ناسُوتِ حق
رسالت کی تکمیل ہے پُر ضیا

خدا کی تجلی ہے حق الیقیں
بہ ھُوَ اللہ اکبر حبیبِؐ خدا

ظہورِ اتم مالکِ خیر و شر
بذات و صفت عبد و مرسل ہوا



Marfat.com

خلافت نبیوںؑ کی ہے نورِ حق
نہیں جب خودی ہے خدا ہی خدا

فنا میں بقا نور خیر البشرؐ
نفی عین اثبات ہے با خدا

خودی لا و اِلَّا کی پیشِ اجل
عدم کی ہے ظلمت وجودِ فنا

ہے شمس الضحیٰؐ وہ ہی بدر الدجیٰؐ
سراجاً مُنیرا ہے ربٌ العُلا

نہیں غیر حق سے کوئی واسطہ
وہی ابتدا ہے وہی انتہا

خدا ایک ہے مصطفٰےؐ ایک ہے
ریاضِؒ تمنا ہے نجمؒ الہدیٰ



Marfat.com

# تصوف

جحت شیر و شکر گردد فزون حق پوش را
این چنین و آن چنان گم کرد عقل و ہوش را

درمیانِ این و آن باشد دلیل نور حق
چون خدائے چشم عبرت کرد شیدا گوش را

عالمِ ناسوت را آورد بہرِ امتحان
تا زبان مصطفےؐ قرآن بود رُوپوش را

در حجابِ وصلِ جانان لذتِ عشق خدا
حُسن و خوشبو می بَرد سوئے نبیؐ مے نوش را

ہر نفی را معنیِ اثبات می بینم ریاضؒ
فاضلان را ظلِّ نوری پُر کند آغوش را



Marfat.com

# حمد

یا اِلٰہ العالمین اے خالقِ ارض و سما
مالکِ زیر و زبر محبوبؐ ذات کبریا

حاضر و ناظر توئی واللہ اے ابر کرم
حیؒ یا قیوم و قادر دُور کن رنج و بلا

جز تو ہرگز نیست در کونین شاہِ بحروبر
بس توئی فریاد رس بخشندۂ جرم و خطا

دستگیری کن برحمت یا نبیؐ خیرالوریٰ
اے رحیم العاجزان اے معدنِ جو دو سخا



Marfat.com

رحمتہ اللعالمینؐ یا شفیع المذنبینؐ
رحم کن بر حالِ زارِ بیکس و این بینوا

ایکہ اُمیؐ جانِ عالم شاہد و مشہودِ حق
لطف و احسان از تو خواہم مغفرت پیشِ خدا

نور جانم یک توئی مرسل ظہورِ سرمدی
مہ جبین آرزو مقصود حسنِ مدعا

تا ابد بُلوا الٰہی الصلوٰۃ والسلام
با ادب حمد و ثنا پیہم درودِ مصطفےٰؐ

فاعفو عنی ایخدا ہستم ریاضؒ احمدیؐ
نجمؒ دینم یا حبیبیؐ عاشقِ نور الہدیٰ



Marfat.com

# تبلیغ

علوم ظاہری پڑھ کر نہ تم مغرور ہو جانا
شراب خود پرستی میں نہ تم مخمور ہو جانا

حبیبؐ کبریا کی سوئے ادبی نار دوزخ ہے
نبیؐ کی ہمسری کر کے نہ تم مقہور ہو جانا

خدا کا علم حرفوں اور لفظوں سے مبرّا ہے
عبادت زہد و تقویٰ پر نہ تم مسرور ہو جانا

بزرگوں کے مخالف ہو کے شیطاں کی اطاعت میں
کہیں ابلیس ناری کے نہ تم مزدور ہو جانا

خدا کے نیک بندوں میں فقط اللہ والے ہیں
انہیں حق سے جدا کہکر نہ تم مفرور ہو جانا

شفیع عاصیاں واللہ نورانی پیمبرؐ ہے
مسلمانو گناہوں پر نہ تم رنجور ہو جانا

ریاضؔ اللہ والوں کی محبت حق پرستی ہے
سراغ مصطفائیؐ میں نہ تم مجبور ہو جانا



Marfat.com

# تصوف

بہ تعظیم و تکریم و حسن وفا
مراد دلی ہے حبیبؐ خدا

نبیؐ سے جو دنیا میں واقف نہیں
وہ ہے دین و ایماں سے اپنے جدا

نہ سمجھا جو قراں کو ہے بیخبر
عبث عمر کو اُس نے ضائع کیا

دلوں میں ہے ایمان حُب نبیؐ
یہی نور ہے گوہر مدعا

ریاضِؒ ہدایت بہ نجمؒ الہدیٰ
اطاعت کے پردوں میں ہے رہنما



Marfat.com

# معرفت

جو محرم ہوا حسن انسان کا
وہ ہے مستحق نور ایمان کا

دل و جاں میں ہے روح امیؐ لقب
کہ اسلام جلوہ ہے سبحان کا

نبیوںؑ ولیوںؒ میں خیر البشرؐ
حبیبِؐ خدا ہے بڑی شان کا

سراغ ودیعت ہے نور الہدیٰ
بخیر النبیؐ علم قرآن کا

جو اللہ والوں سے ہے منحرف
وہ خود اپنا دشمن ہوا جان کا

حسد بغض و کینہ ہے دل میں اگر
یقینی وہ بندہ ہے شیطان کا

بہ نجمؒ المعارف سرِ مدعا
ریاضؒ ایک کلمہ ہے رحمان کا



Marfat.com

# تصوف

دِلا تو خودی کو مٹائے چلا جا
خدا کا پتہ یوں لگائے چلا جا

نبیوںؑ ولیوںؒ کی خدمت میں اے دل
محبت کو اپنے بڑھائے چلا جا

جو دنیا میں آیا ہے نیکی کمانے
بھلائی کو اپنے بڑھائے چلا جا

شیاطیں ہیں بدبخت ایماں کے دشمن
کمینوں سے دامن بچائے چلا جا



Marfat.com

جو ظالم ہیں گمراہ مغرور و حاسد
جہنم سے اُن کو ڈرائے چلا جا

گناہوں سے توبہ بہ اخلاص کر کے
تو بگڑی کو اپنے بنائے چلا جا

ادب حسن و اخلاق عجز و حیا کی
شریفوں کی سب خو سکھائے چلا جا

نبیؐ کی محبت میں ہے افتخاری
مقدر کو یونہی جگائے چلا جا

ریاضِؒ ودیعت ہے نجمؒ المعارف
خدا کو خودی میں چھپائے چلا جا



84679

Marfat.com

# تبلیغ ہدائت

امر ربی اُسجدو سے جبکہ شیطاں پھر گیا
شان وشوکت مٹ گئی قراں سے ناداں پھر گیا

کفر پر قائم رہا ابلیس ناری بے ادب
نور کی تعظیم سے وہ دشمن جاں پھر گیا

حق تعالےٰ کی خلافت کا ہے منکر وہ لعین
جو نبیؐ کے روبرو آدمؑ سے ناداں پھر گیا

خود پسندی خود سری ہے اہل غفلت کی خطا
حرص دنیا کے سبب سے حق سے انساں پھر گیا

پاک و طاہر دل ہوا ناپاکیاں زائل ہوئیں
صحبت اغیار سے جسدم مسلماں پھر گیا

رحمتہ اللعالمینؐ ہے بادشاہِ دو جہاں
اہل غفلت جاہلوں سے نور ایماں پھر گیا

بندۂ نجمؒ الھدیٰ ہے بہ ریاضِؒ احمدیؐ
غیر حق سے اس لئے رحمت کا جویاں پھر گیا



Marfat.com

# تصوف

واللہ خدا نور مقدر میں ملیگا
مرسل بہ وحی پیر و پیمبرؐ میں ملیگا

پردوں میں دل و جاں کے چھپا ہے دُر یکتا
گوہر بصدف قعرِ سمندر میں ملیگا

باغات جہاں میں ہیں شجر برگ و ثمر بھی
گلشن میں پتہ حق کا گل تر میں ملیگا

اے دل بخدا نور نبیؐ حسن تمنا
اللہ کا دلبر تجھے محشر میں ملیگا

محبوبِؐ خداوند دو عالم کا ستارہ
والنجمِ ریاضؒ دل مضطر میں ملیگا



Marfat.com

# پند و نصیحت

اہلِ ایماں کو نہیں زیبا کریں جور و جفا
بیوفائی حق تعالیٰ سے شریعت سے دغا

قبر پر جانا دعا کرنا و کہنا السلام
اہلِ مرقد کو خدا بخشے رضائے کبریا

ہے بزرگوں کی وہاں دنیا سے بہتر زندگی
گور میں اللہ والوں پر ہے رحمت برملا

حضرتِ حمزہؓ کا تیجہ اور دسواں فاتحہ
بیسواں چالیسواں برسی نبیؐ نے خود کیا

جعفرؓ طالب کے گھر تیجہ میں کھانا بھیج کر
خود نبیؐ نے غمزدوں کو کر دیا غم سے رہا

فاتحہ پڑھتے رہو کرتے رہو میلاد بھی
تا حبیبِؐ کبریا سے اور الفت ہو سِوا

ہیں یہ سب احکام کارِ خیر سنت اے ریاضؔ
ترک کرنا نیکیوں کا غافلوں کی ہے خطا



Marfat.com

# نعت

شہنشاہ کونینؐ فخر عرب
حبیبؐ خدا گوہر فضل رب

مکین دو عالم ہے حق الیقیں
بہ علم الیقیں مظہر عین رب

نہ جب تک ہو دیدار رب العلا
احادیث و قراں پڑھو روز و شب

خلافت کا منکر منافق ہوا
کہ ہے نفس نارؔ، بہ قہر و غضب



Marfat.com

جو فرمان حق اُسجدو سے پھرا
وہ ہے غیر محرم بہ رنج و لقب

قیام و سلام و صلوٰۃ و ثنا
اقامت میں جلسہ ہے ترک ادب

بِلا عذر شرعی نہ بیٹھے رہو
کھڑے ہو بہ تعظیم تم سب کے سب

نہ حجت کرو حق سے ڈرتے رہو
کہ ہے سوئے ادبی خودی کے سبب

ریاضِ احد گوہر نجمِ دیں
دُر میم احمدؐ ہے امی لقب



Marfat.com

# معارف

شہنشاہ کونینؐ ماہ عرب
حبیبؐ خداوند عالم ہے امیؐ لقب

خزانہ دو عالم کو اللہ نے
بحق الیقیں دیدیا سب کا سب

دیا جس نے ترجیح اغیار کو
وہ کرتا ہے اللہ کو پرُ غضب

جو اپنے کو عالم سمجھنے لگا
وہ ابلیس ناری ہے ملعون رب



Marfat.com

خدا جس سے بیزار و ناخوش ہوا
وہ ہے ترکِ تعظیم و ترکِ ادب

سدا دوستو حق سے ڈرتے رہو
کہ ہے بدنصیبی خودی کے سبب

مسلماں جو پڑھ لکھ کے عالم ہوئے
سبق لیں وہ اللہ والوں سے اب

کریں صدق دل سے وہ توبہ اگر
معارف کے ابواب کُھل جائیں سب

ریاضؒ النبیؐ کوثر نجمِؒ دیں
بدارالشفا ہے خدا کا مطب



Marfat.com

# تصوف

اللّٰہ لا اِلٰہ اِلّا بشانِ رفعت
حقا کمالِ عظمت وحدت بہ نور کثرت

زنہار شد نہ ہمسر بر درگہِ کرامت
بیمثل و بے نیازی یکتا توئی بہ عظمت

شرطِ ادب شریعت عرفانِ حق طریقت
صدق و یقین اطاعت جانم خدائے نعمت

اصل الاصولِ امکاں اظہارِ مصطفائیؐ
واللہ ذوالجلالی مقصود شانِ قدرت



Marfat.com

ظلّ و ضیائے نوری از تو حجاب دیدم
خوشبوئے مشک و عنبر چوں گل بروئے نگہت

اِنی انا کتابؒ اَسرارِ قل ہُواللہ
لا ریب فیہ قرآن وحی کلامِ حکمت

قادر بکلِ شیءٍ رحمٰن و ہم رحیمی
حق الیقین بلا شک ھستی توئی بہ وحدت

اعلیٰ بحسنِ بالاؔ اللہُ یا محمدؐ
عبد و رسولِؐ برحق صلِ علیٰ برحمت

رُوحِ ریاضِؒ احمدؐ آخر بحق نمائی
نجمؒ السلامؒ عالم جانِ ہزار صنعت



Marfat.com

# تصوف

اللہ یا محمدؐ حقا توئی بہ وحدت
ہر جا بشانِ رحمت خاتم بہ نور کثرت

اول توئی بالآخر حسنِ اَنا و اِنیّ
اصل الاصولِ امکان اعجازِ علم و حکمت

ایمان و دین امانت اللہ لا اِلٰہ
اِلاّ شعور امیؐ نور است فضل و رحمت

عبد و رسولؐ برحق لیل و نہارِ عالم
والشّمس و بدرِ کامل روشن توئی بہ عظمت

معراج کبریائی مرسلؐ بحق نمائی
شد نور مصطفائیؐ واصل بسر قدرت

واللہ بیمثالی یکتا بحسن و خوبی
در عالمِ تخیل بالائے قدر و قیمت

روحِ ریاضِؒ احمدؐ نجمؒ السلامؒ گشتہ
حق است امر منکم جانم بخیر و برکت



Marfat.com

# تبلیغ

ثبوت محبت ہے حسن اطاعت
کہ ہے عہد شکنی بدوں کی علامت
فریب دغا مکر و حیلہ بہانہ
کمینوں میں بیحد بری ہے یہ عادت
اگر بغض و کینہ کپٹ ہے دلوں میں
نمایاں ہے غفلت میں اپنی خباثت
جو خود غرض و حاسد ہیں ایماں کے دشمن
سمجھتے نہیں وہ خودی کی نجاست
بخیلوں کا دل تنگ رہنا ہے مردہ
نہیں اُس کے اندر ذرا بھی شرافت
جو دنیا کی خاطر مرے جارہے ہیں
اُنہیں میں خودی کی بھری ہے جہالت
ریاضؒ ہدایت بہ نجمؒ المعارف
خدا کی ہے رحمت نبیؐ کی شفاعت



Marfat.com

# نصائح

کم کر کے خواہشوں کو ہو جاؤ بے ضرورت
حرص و ہوس کی خاطر چاہو نہ مال و دولت

ابلیس کی غذا ہے ناپاک ساری چیزیں
کبر و خودی بہ غفلت ہے کفر کی نجاست

فانی ہیں جتنی چیزیں اُن سب سے دور رہکر
مر جاؤ زندگی میں زندہ ہو تا بہ راحت

مرتے ہیں سارے کافر مشرک ہوں یا منافق
بے موت اہل حق ہیں اسلام کی بدولت

اسلام نور جاں ہے توحید عبد و مرسل
روحانی امر منکم ہے گوہر ودیعت

آنکھوں کی پتلیوں میں واللہ ایک ہستی
دل میں نبیؐ ولیؒ ہیں اَسرار علم و حکمت

نجمؒ السلامؒ ہو کر دل میں ریاضِؒ احمدؐ
ہے نور مصطفائیؐ بندوں میں شان قدرت



Marfat.com

# نصائح

جب آدمؑ کو اللہ نے دی امانت
خِلافت ولایت نبوت رسالت

خدا نے دو عالم کو پھر حکم دے کر
کریں سجدہ آدمؑ کو با حسن طاعت

ہوئے سر بہ سجدہ سب اللہ والے
بہ تعظیم و تکریم با استقامت

بنا صرف ابلیس انساں کا دشمن
کیا جس نے انکار و حق سے بغاوت



Marfat.com

وہ مردود و ملعون راندہ گیا پھر
حسد بغض و کینہ ہے شیطاں کی عادت

بالآخر وہ ہمزاد انساں سے مل کر
بدی پر تلا ہے براہ ضلالت

بڑی جانچ تھی سب کے ایمان و دیں کی
کہ ہے کون حق پر بہ اصلی شرافت

خدا معاف کرتا ہے ساری خطائیں
رجوع ہے جو بندہ بہ عجز و ندامت

ریاضؔ ودیعت کے جان و جگر میں
بہ نجمؔ المعارف ہے نوری ہدایت



Marfat.com

# حقائق

ہر کہ را پیرے نہ باشد پیر او شیطان بود
راہِ حق ہرگز نہ یا بد غافل و حیران بود

رہزنِ ایمان و دین حائل شود در راہِ حق
نفس ناری می شود ابلیس گر سُلطان بود

غیر ممکن دان بجائے پیر خود رابہرہ ور
زہد و تقوٰی ہیچ گرد و ضعُف در ایمان بود

تانہ بیند پیر و مرشد را بچشم نورِ حق
کے تواند غیر حق با آئتِ قران بود



Marfat.com

بر درِ حسنِ عمل صدق و یقین رازِ دلی
ہُو ضمیرِ امرِ منکم مظہرِ خوبان بود

آئینہ در آئینہ باشد حضوری با خدا
چون بہ فخرِ امتیازی اشرفِ انسان بود

نسبتِ عشقِ نبیؐ چون مرکزِ خالص شود
منزلِ مقصود از فضلِ خدا آسان بود

پیر و مرشد را ببین از چشمِ پیرِ مدعا
تا بَسرِّ امرِ منکم دل بہ نورِ جان بود

در فنا فی الشیخ دیدم گوہرِ معنی ریاضؒ
از بقائے نجمِؒ دین مرسل دُرِ عرفان بود



Marfat.com

# تبلیغ

شعاعِ نور ایمانی کہ در خفتن نمی آید
شعورِ روحِ انسانی پئے مُردن نمی آید

ظهورِ نور امکانی نشانِ بے نشان باشد
بچشمِ حیرتم بینا کہ در دیدن نمی آید

توئی بیمثل و بیچونی ز جانم ہوش گُم کردی
چہ شد در عقل و دانائی کہ در خواندن نمی آید

کلام حسن در عالم زبانِ بے زبان باشد
خموشی معنی دارد کہ در گفتن نمی آید

ریاضِؒ گوہر عرفان درونِ قلب نورانی
دُرِ انمول جانم شد کہ در سفتن نمی آید



Marfat.com

# تصوف

لِللّٰہ الحمد کہ پُر نور سحر می آید
شاہد نور خدا شمس و قمر می آید

بدر کامل بہ فلک چون بہ نظر می آید
نہ بزورون نہ بزاری نہ بزر می آید

ایکہ جانم توئی واللہ بقائے ہستی
جلوۂ نور نبیؐ صاف نظر می آید

نور حق است نگاہم توئی از چشم جُدا
خالق ارض و سما زیر و زبر می آید

جان و دل رُوح روان نطق زبانم گویا
از کجا عقل و گمان نور بصر می آید



Marfat.com

مثلکم راز انا حیرت یوحیٰ باشد
عبد و مرسل بہ حجاب تو بشر می آید

روح جان است جمالِ شہِؐ لولاک لما
سوے اسفل ز عدم بہر سفر می آید

حسن و خوشبو سراغ گل خندان چہ عجب
درگہِ قدس بہ معراج ہنر می آید

ہاتف غیب ندا کرد سرِ عرش دنیٰ
مرحبا صل علیٰ رشک قمر می آید

خلوتِ خاص بہ قوسین ورائے عالم
عاشق نور بہ معشوق نظر می آید

نجمؔ دین است وجودم بہ ریاضِ احمدؐ
مصطفےٰؐ پیشِ خدا سینہ سپر می آید



Marfat.com

# نعت

اللہ لاالٰہ اِلّا اَنا محمدؐ
سِرِّ خفی و اخفیٰ اِلّا اَنا محمدؐ

ہاہوت لا مکانی لاہوت پُرمعانی
جبروت و ظلِّ اخفیٰ اِلّا اَنا محمدؐ

ناسوتِ ربُّ العزت والنجم پُرجمالی
ظرف ملائے اعلیٰ اِلّا اَنا محمدؐ

وحدت دُرونِ کثرت اصل الاُصولِ امکان
الحمد سِرِّ احمدؐ اِلّا اَنا محمدؐ

عبد و رسولِؐ برحق اِنی انا حبیبیؐ
ذات و صفات رَبی اِلّا اَنا محمدؐ

اول توئی بالآخر واللہ یا محمدؐ
بیمثل و بے نیازی اِلّا اَنا محمدؐ

رازِ فنا بقائی اثبات در وجوم
بینم الوہیت را اِلّا اَنا محمدؐ



Marfat.com

اَلَّا سُراغِ اِلَّا اللّٰہُ نورِ ذاتی
حُسنِ خدائے برتر اِلَّا اَنا محمدؐ

اِنّی اَنا بہ اِلَّا اللّٰہُ لا اِلٰہ
واللہ نورِ عظمت اِلَّا اَنا محمدؐ

الحقُ یا محمدؐ واللہ شانِ برتر
مظہر بہ مصطفائیؐ اِلَّا اَنا محمدؐ

حق الیقین برحمت مقصود کبریائی
اِنّی بہ لا اِلٰہ اِلَّا اَنا محمدؐ

اللّٰہُ یا محمدؐ واللہ امرِ منکم
شمس و قمر درخشان اِلَّا اَنا محمدؐ

اِنّی بذاتِ اقدس محبوبؐ ہر دو عالم
وصفِ اَنا خلافت اِلَّا اَنا محمدؐ

قطرہ ز بحر ایقان گوہر بود بعرفان
خورشید لا یزالی اِلَّا اَنا محمدؐ



Marfat.com

وحیِ کلام ناطق اقرار بِاللّسانی
ذوق کمالِ یوحیٰ اِلّا اَنا محمدؐ

رُوحِ روان شد ایمان انوار و حُسن و خوشبو
عقل و حواسِ خمسہ اِلّا اَنا محمدؐ
آخر شدی بہ اسرا آئینۂ حقیقت
معراج اُدنُ مِنّی اِلّا اَنا محمدؐ

لاریب فیہ قراٰن اُمُّ الکتابِ یوحیٰ
یٰسین قل ہُواللہ اِلّا اَنا محمدؐ
شاہد بشانِ ارفع رحمٰن و ہم رحیمی
مشہودِ ذوالجلالی اِلّا اَنا محمدؐ

صلِّ علیٰ محمدؐ سُبحان یا الٰہی
اُمّی بہ عبد و مُرسل اِلّا اَنا محمدؐ
حَقّا توئی بہ جانم سید ریاضِؒ احمدؐ
نجمؒ السلامؒ وحدت اِلّا اَنا محمدؐ



Marfat.com

# تصوف

عشق اول در دلِ معشوق پیدا می شود
نور جان عبدہٗ بر حسن شیدا می شود

پُر جمالی شان قدرت خاتم پیغمبرانؑ
بینظیر و بے بدل خود نور پیدا می شود

ذوالجلال و ذوالکرم محبوبؐ ذات کبریا
مظہر خیرالوریٰ امیؐ ہویدا می شود

کنز مخفی شد وجود ذات رب العالمین
رحمتہ اللعالمینؐ بر خویش شیدا می شود

نجمؒ دین مصطفےٰؐ جان ریاضِؒ احمدیؐ
در دلم حُبِ نبیؐ از فضل پیدا می شود



Marfat.com

# مناجات

اے رب میں بندہ تیرا ہوں عاجز گنہ گار
ناقص بہت حقیر ہوں ناچار روزگار

رنج و محن میں کس کو پُکاروں ترے سوا
مشکل میں تو ہی حامی و مُونس ہے غمگسار

محتاج و بینوا کو تو چاہے غنی کرے
دم بھر میں بادشاہ کو کرتا ہے بے وقار

تُو تو بڑا کریم و غفور الرّحیم ہے
رحمت سے بخشدے کہ تجھے سب ہے اختیار

عالم میں تیرے لُطف وسخاوت کی دُھوم ہے
محروم آج تک نہ پھرا کوئی زینہار



Marfat.com

معبود تو اکیلا غنیُ الحمید ہے
سب کا تو ہی کفیل ہے بیمثل کردگار

کیونکر تری ثنا و صفت یہ گدا کرے
اکرام سب پر عام ہے احسان بیشمار

خیرات اپنے پیارےؐ کی مولےٰ مجھے بھی دے
رحمت سے اپنے فضل و کرم سے اے ذی وقار

منگتوں کو بھیک دینے میں اِسدرجہ ہے سخی
دیتا ہے بے شمار انعامات خوشگوار

لِللہ اک نگاہ ایدھر بھی ہو اے رحیم
تجھ کو ہی تک رہا ہے یہ سائل بحالِ زار

اپنے حبیبؐ پاک کا صدقہ نکال دے
نجمیؒ ترا ریاضؒ نہایت ہے بیقرار



Marfat.com

# نعت

ہے جانوں کی جان ایک خیرالبشرؐ
شہنشاہ کونینؐ زیر و زبر

اُسی کی دو عالم میں ہے روشنی
بروح رواں ہے وہی جلوہ گر

بہ ختم رسلؐ جان جانِ جہاں
حبیبؐ خدا ہے دُر خیر و شر

بہ عقل و گماں ہوش و علم و ذکا
نبوت کی کرنیں ہیں سینہ سپر



Marfat.com

اُسی کی شعاعوں سے ہے زندگی
ہے آنکھوں کی پتلی میں وہ با ہنر

برحمت وہی ایک ہے ہر جگہ
محبت خدا کی ہے دردِ جگر

حسینوں میں حسن خدا رنگ و بو
کہ شجر الیقیں ہے یہی پُر ثمر

اُسی کا تصرف دو عالم میں ہے
وہی ذرہ ذروں سے ہے با خبر

ریاضؒ احد گوہر احمدیؐ
بہ نجمؒ المعارف ہے رشک قمر



Marfat.com

# نعت

حبیبؐ کبریا اللہ اکبر
خدا کا نور ہے نور پیمبرؐ
وہی خیرالبشر امیؐ لقب ہے
نہ کوئی اُس کا ثانی ہے نہ ہمسر
اکیلا ہے وہی کون و مکاں میں
شفیع عاصیاں میدان محشر
اُسی کی مصطفائیؐ ہے جہاں میں
نبیوںؑ میں ولیوںؒ میں فزوں تر
ہوا بندوں میں جو مقبول رحماں
خلافت مُہر ایمانی ہے دل پر
محبت پیر کی حب نبیؐ میں
دُر انمول ہے قرآنی گوہر
یقینی رحمتہ اللعالمینؐ ہے
ریاضِؒ نجمؒ نورانی مقدر



Marfat.com

# حمد

یا اللہ العالمیں اے مالک زیر و زبر
تیری بخشیدہ ہے نعمت جان و دل نور نظر

سارے عالم پر عیاں بیحد ترا احسان ہے
تو نے سب کچھ دیدیا عقل و سمجھ علم و ہنر

وحدۃ المقصود ہے واللہ ذات کبریا
دین و ایماں سے مزین گوہر نور بصر

تیری قدرت تیری صنعت تیری عظمت دیکھ کر
نور کی تصدیق ہے واللہ با خیر البشرؐ

شکر تیرا غیر ممکن ہے زباں سے ہو ادا
سر بسجدہ ہے ریاضؔ نجمؔ دیں با چشم تر



Marfat.com

# حمد

حمد رب العالمیں جان جہاں خیر البشرؐ
بالیقیں روح رواں ہے با خدا نور بصر

خالق ارض و سما اللہ برتر ایک ہے
پیکر انوار عالم مالک زیر و زبر

بالیقیں علم الیقیں عین الیقیں حق الیقیں
ہے مکین لا مکاں اندر مکان خیر و شر

ہے وہ خلاق دو عالم جانشین احدیت
بینظیر و بے بدل بیمثل و یکتا با خبر



Marfat.com

وحدۃ المقصود والموجود شاہ مرسلاں
شاہد و مشہود ہے واللہ نورانی گہر

اِنّیِ نحن اَنا بندوں میں ہے سِرِّ خدا
عبد و مرسَل با ضیائے نور حق پیشِ نظر

عقل و دانائی میں جو ذرہ ہے حسن مدعا
ذہن و ادراک و خیال و فہم ہے علم و ہنر

غیر ممکن ہے شریک ذات نور لم یزل
دونوں عالم میں اکیلا ہے خدائے بحر و بر

رحمتہ اللعالمینؐ امیؐ لقب نجمؐ الہدیٰ
ہے ریاضِؒ احمدیؐ خوشبوئے گل برگ و ثمر



Marfat.com

# معارف

ہے نوراً علیٰ نور اللہ برتر
حبیبؐ خدا مصطفائیؐ پیمبرؐ

رسالت ہے حق الیقیں کی شعاعیں
نبیوںؑ ولیوںؒ میں روحانی پیکر

بَظلِّ احد خاتم الانبیاءؐ سے
خلافت ہے اسلام کا حسن اطہر

بہ تصدیق ایمان و دیں سرِ وحدت
دُر امر منکم ہے بندوں میں اکثر

بہ تنظیم و تقویٰ اطاعت کی خاطر
ہیں قرآن کے احکام قانون داور

طہارت ہے با نفس ناداں ضروری
سَر حق و باطل شعور مقدر

ریاضِؒ ودیعت بہ نجمؒ المعارف
نبیؐ کی محبت ہے ایمانی گوہر



Marfat.com

# تبلیغ

بخیل از بود زاہد بحروبر
بہشتی نہ باشد بحکم خبر
کُنی گر نہ تعظیم خیر البشرؐ
فزوں تر بخیلی بود اے پسر
ز پیر و پیمبر کنی گر حذر
ترا بد نصیبی مود بار سر
قیام و سلام و صلوٰۃ و ثنا
شعور است آداب اہل ہنر
بجو بغض و کینہ دروں خودی
کہ خواری ہمیں است نار سقر
بہ حب نبیؐ چوں تو کامل شوی
ترا نخل ایمان شود بارور
بجز مصطفٰےؐ نیست جانم ریاضؒ
کہ نجمؒ السلامؒ است سینہ سپر



Marfat.com

# تبلیغ

جو ہے دین و اسلام سے بے خبر
خود اپنا ہی دشمن ہے وہ بے ہنر

فقط حق پرستی میں ہے زندگی
کہ مردہ دلی کفر ہے پُر خطر

بہ رنج و الم ہیں پریشانیاں
زر و مال دنیا میں ہے درد سَر

بہ صبر و قناعت بھروسہ کرو
خدا خود ہے بندوں کا سینہ سپر

بہ حبِ نبیؐ ہے مراد دلی
ریاضؒ ہدایت بہ نجمؒ البصر



Marfat.com

# تصوف

کند ہم جنس با ہم جنس پرواز
کبوتر با کبوتر باز با باز

نزیبد ہم چنین از اہل عرفان
گرفتن جاہلان را محرمِ راز

ببین فرق مراتب گوش واکن
خودی از خود ندارد ہیچ آواز

کسے با غیر و نا اہلان نشیند
بجق پوشی بود ابلیس و مساز

ہمیشہ سرکشی بینی زِ نادان
بخود غرضی فریب و مکر ہم آز

حیا دارند در عشقِ حقیقی
حسینانِ جہان با ناز و انداز

ریاضِؒ نجمؒ گشتہ نور جانم
جمالِ مصطفائیؐ حسنِ شہ ناز



Marfat.com

# قصیدہ

نور جانم چراغ باشد و بس
مصطفائیؐ سراغ باشد و بس

وحی قرآن بہ فضل ربانی
بر رسولاں بلاغ باشد و بس

کنت و کنزاً بہ ظرف انسانی
روح ناطق چراغ باشد و بس

علم و حکمت شعور ایماں را
مصطفائیؐ دماغ و باشد و بس

حسن و خوشبو بہ نور سبحانی
وحی قرآن بلاغ باشد و بس

عرش و کرسی حروف لوح و قلم
عارفان را دماغ باشد و بس

نجمؒ دینِ ریاضؒ پُر معنی
میم احمدؐ چراغ باشد و بس



Marfat.com

# تبلیغ

جانِ من بہرِ خدا در خُلق خوش گفتار باش
با حیا و با ادب ہمراز حسنِ یار باش

شوق دیدار و وصال کبریا خواہی اگر
صابر و شاکر بچشمِ آرزو بیدار باش

نازنینِ مصطفےٰؐ را با جمالِ سرمدی
چون تو بینی در جہان مرعوب پیشِ یار باش

ہجر جانان می برد تاب و توان عقل و خرد
دستگیری کن الٰہی تا ابد دلدار باش

شرط الفت را وفائے راز محبوبی بدان
اے ریاضؔ احمدیؐ با درد دل غمخوار باش



Marfat.com

# مناجات

میرے آقا میرے مولےٰ اے مرے اللہ پاک
بالیقیں حق الیقیں فریاد رس اللہ پاک

انتہائی بیکلی میں ہے تمنا بس یہی
آرزو تیری ہے ہر دم جُستجو اللہ پاک

ناتوانی بے بسی رنج و بلا درد و الم
خستہ حالی سے ہوں عاجز اے مرے اللہ پاک

بیکس و مجبور ہوں ناچار و نادیدہ ترا
بندۂ مسکین ہوں میں اے کبریا اللہ پاک

ساری دنیا ہے پریشان چھوڑ کر دینِ نبیؐ
راستہ حق کا دکھا دے اے مرے اللہ پاک

سو گئے مرنے سے پہلے چھا گئی مُردہ دلی
خوابِ غفلت سے جگا دے اے مرے اللہ پاک

سوجھتا بالکل نہیں اندھے و بہرے ہو گئے
دستگیری کر ہماری اے مرے اللہ پاک



Marfat.com

ہے تو ہی مشکلکشا شمس الضحیٰ بدر الدُجیٰ

مالکِ زیر و زبر صدرالعلیٰ اللہ پاک

یا غیاث المُستغیثین اغثنا و المدد

شافعِ روزِ جزا جانِ جہاں اللہ پاک

تیرے در پر آ پڑا ہوں فکر و غم سے کر رہا

مشکلیں حل کر دے ساری اے مرے اللہ پاک

پاک و طاہر اور طیب رزق نورانی بھی دے

غیر کے در پر نہ لیجا اے مرے اللہ پاک

ہے گھٹا چھائی ہوئی رحمت کی اے ابرِ کرم

فضل سے برسا دے ہم پر اے مرے اللہ پاک

خوب بارش ہو جھما جھم نور کی چاروں طرف

ریشہ ریشہ ہو منور اے مرے اللہ پاک

کھول دے سینہ مرا روشن ہو چشمِ جان و دل

روز و شب دیکھا کروں رُوئے نبیؐ اللہ پاک



Marfat.com

دردِ فرقت نے کیا ازبسکہ حیراں جان بلب
وصل کا ساغر پلا دے اے مرے اللہ پاک

رَبَّنَا اَتمم لنا نورِ حبیبؐ کبریا
بہرِ ختم المرسلینؐ مولٰے مرے اللہ پاک

حَیُّ یا قَیُّومُ قادِر ذُوالجلال و ذوالکرم
یا قَوِیُّ قائمُ رحمتؐ نما اللہ پاک

مالکِ ارض و سما خیرالبشرؐ اُمی لقبؐ
مظہرِ ذاتِ احد نورِ وَحی اللہ پاک

یا شَفِیعُ المذنبین واللہ اے حُسنِ خدا
صاحبِ لُطف و عطا جُود و سخا اللہ پاک

دین و دنیا آخرت میں ہو تو ہی پیشِ نظر
دل میں تیرا نور ہو رگ رگ میں ہو اللہ پاک

اک نگاہِ فضل و رحمت بر ریاضِؒ احمدیؐ
یا نبیؐ یا مصطفےٰؐ نجم الھدیٰ اللہ پاک



Marfat.com

# معارف

جسم انسانی میں حق پر ظرف ایمانی ہے ایک
حامل نور خلافت قلبِ انسانی ہے ایک

انبیاؑء و اولیاؒء ہیں نور ختم المرسلینؐ
شاہد و مشہود عالم حسن روحانی ہے ایک

جس امانت کو اُٹھا سکتے نہ تھے جن و ملک
حق تعالےٰ کا وہ مظہر وحی قرانی ہے ایک

رحمتہ اللعالمینؐ واللہ ذات کبریا
دونوں عالم میں اکیلا فضل رحمانی ہے ایک

نجمِ دین مصطفےٰؐ امیؐ ریاضِؒ احمدیؐ
روبرو اللہ کے با نور سبحانی ہے ایک



Marfat.com

# تبلیغ

تو اے نفس ناداں خدا کو نہ بھول
رہیگا دو عالم میں ورنہ ملول

نہ کی تو نے خدمت اگر پیر کی
خدا ہو گا راضی نہ تجھ سے رسولؐ

تغافل نہ کر پیر و ماں باپ سے
مرادیں ہوں تا دل کی تیرے حصول

سمجھ لے مقدر ہے روشن تیرا
کرے تجھ سے گر شیخ ہدیہ قبول

گرانی نہ ہو نیتوں میں تیرے
جہاں تک ہو دے اپنی ہمت کو طول

دعا کر نمازوں میں با ہوش دل
میسر ہو تا نور عرفاں کا پھول

بہ نجمؒ المعارف سرِ مدعا
ریاضؒ النبیؐ ہے بہ اصل الاصول



Marfat.com

# سلام

شانِ رب العالمین پر الصلوٰۃ والسلام
رحمتہ اللعالمینؐ پر الصلوٰۃ والسلام

ذاتِ پاک اولین پر الصلوٰۃ والسلام
نورِؐ ختم المرسلین پر الصلوٰۃ والسلام

احدیت کے جانشین پر الصلوٰۃ والسلام
میم کے پردہ نشین پر الصلوٰۃ والسلام

دونوں عالم کے مکینؐ پر الصلوٰۃ والسلام
جان و دل کے ہم نشین پر الصلوٰۃ والسلام

مالک خُلدِ برینؐ پر الصلوٰۃ والسلام
تاجدارِ مرسلینؐ پر الصلوٰۃ والسلام



Marfat.com

نعمتِ علم الیقینؐ پر الصلوٰۃ والسلام
رحمتؐ عین الیقین پر الصلوٰۃ والسلام

وصف ذات آخرینؐ پر الصلوٰۃ والسلام
مظہرؐ حق الیقین پر الصلوٰۃ والسلام

بے بدل یکتا حَسین پر الصلوٰۃ والسلام
رشکِ حُسنِ مہ جبین پر الصلوٰۃ والسلام

انبیاءؑ و مرسلینؑ پر الصلوٰۃ والسلام
اولیائےؒ کاملین پر الصلوٰۃ والسلام

افتخارِ نازنین پر الصلوٰۃ والسلام
عبد و مرسل کے نگین پر الصلوٰۃ والسلام

تا ابد نور الامین پر الصلوٰۃ والسلام
ہو ریاضِؒ نجمؒ دین پر الصلوٰۃ والسلام



Marfat.com

# پیام وسلامِ رحمت

حسنِ ربُ العالمیں پر الصّلوٰۃُ والسلام
بادشاہِ دوجہاں پر الصّلوٰۃُ والسلام

با ادب ہو کر پڑھو نعتِ حبیبؐ کبریا
رحمتہ اللعالمینؐ پر الصّلوٰۃُ والسلام

مالکِ یومِ جزا ہے وہ شفیع المذنبینؐ
خاتمِ روحِ رواں پر الصّلوٰۃُ والسلام

ہے جو ختم الانبیاؐ اُمیؐ لقب حسنِ خدا
شافعِ روزِ جزا پر الصّلوٰۃُ والسلام

محفلِ میلادِ نبویؐ میں کھڑے ہو کر پڑھو
بالیقیں حق الیقیں پر الصّلوٰۃُ والسلام

اُسجدو کا حکمِ ناطق مظہرِ تعظیم ہے
دل سے پڑھ لو مصطفٰےؐ پر الصّلوٰۃُ والسلام

اے ریاضؒ احمدیؐ با جان و دل روحِ رواں
پڑھ اُسی نجمؒ الہدیٰ پر الصّلوٰۃُ والسلام



Marfat.com

# تصوف

عدم راشد تحیر در وجودم
دروں لا و اِلاَّ چوں رسیدم

خودی از کفر و ظلمت چوں بر آمد
نفی را با خدا اثبات دیدم

ز لطفِ عبد و مُرسل شانِ رحمت
بحُسنِ کبریائی خوش نصیبم

بقائے لم یزل وصفِ جمالی
کمال ذوالجلال شد جبیںم

فنا فی اللہ اِلاَّ اللہ باشد
بقا باللہ نورِ مہ جبینم

حضوریؒ درگہِ اللہُ اکبر
زہے خیرالوریٰؐ حقا کریمم

اِلٰہ العالمیں سِرِّ محمدؐ
ریاضؒ مصطفائیؐ نجمِ دینم



Marfat.com

# معارف

بحمداللہ خوش بختم کہ پیشِ یار می رقصم
بذوقِ حسن محبوبی پئے دیدار می رقصم

طوافِ خانۂ کعبہ شود در قلبِ نورانی
حریم جان و دل ہستم پسِ دیوار می رقصم

مکینِ لامکان شد در مکانِ آب و گل پنہان
خوشا تقدیر پیشِ حق زِ بس ہشیار می رقصم

جمالِ قدس در عالم عیان گر دید بے پایان
چو من خود رانمی بینم سرِ بازار می رقصم

ریاضِ گلشنِ ہستی ز رحمت چون برون آمد
ز فیضِ نجمِ دین مستم سوئے دلدار می رقصم



Marfat.com

# تصوف

بے نشان را چو بانشان دیدم
حیرت اندر گمانِ جان دیدم

در حجابِ کلامِ ربانی
صوتِ سرمد زِ لامکان دیدم

در جمالِ خدائے بخشندہ
شاہد حُسن نورِ جان دیدم

شانِ ارفع بلند و بالا تر
ذکر پاکِ تو بر زبان دیدم

ذرّہ ذرّہ ز وصفِ تو گویا
قطرہ قطرہ فدائے جان دیدم



Marfat.com

حسن و عشقِ تو با دلِ مضطر
اُنس با خُلق چیستان دیدم

توئی خالق بشانِ رزاقی
بے سبب رزق در جہان دیدم

جلوہ کردی بقدرت و صنعت
در بہاران چو گلستان دیدم

آب و آتش بہ خاک و باد عجب
جوہر اصل را نہان دیدم

حقِ اثبات بر ظہورِ اتم
فضل و رحمت ز کن فکان دیدم

بہر عرفانِ حق ریاضؒ ترا
سوئے ختمِ رسلؐ روان دیدم



Marfat.com

# معارف

بحمداللہ اِلّا اللہ دگر چیزے نمی دانم
بجز یا ہُو و یا من ہُو دگر چیزے نمی دانم

اِلٰہ العالمینی اے خدائے پاک یزدانی
توئی واللہ بیچونی دگر چیزے نمی دانم

ندانم ہیچ کس را جز تو اے محبوبؒ سبحانی
درین دنیا و مافیہا دگر چیزے نمی دانم

ہوالمقصود والموجود بالذات و صفت عینی
ہوالمعبود بسم اللہ دگر چیزے نمی دانم

شفائے دردِ دل ہستی توئی بیمثل در عالم
شہود حسن رحمانی دگر چیزے نمی دانم



Marfat.com

عدم را ظلمت فانی بقائے این و آن باشد
درونِ معنیِ امکان دگر چیزے نمی دانم

گمان را بیگمان کردی نہان را چون عیان کردی
برحمت کن فکان کردی دگر چیزے نمی دانم

ترا حسن جہان دیدم بیان گوہر فشان دیدم
عیان راز نہان دیدم دگر چیزے نمی دانم

سرِ حمد و ثنا قائم شدی با نور لاثانی
توئی مشہود بر جانم دگر چیزے نمی دانم

ظہورِ حسن یکتائی جمالِ نازنین گردد
درُونِ مصحفِ قران دگر چیزے نمی دانم



Marfat.com

توئی در وحدت و کثرت مجلٰی آئینہ گشتی
تحیر در گمان بینم دگر چیزے نمی دانم

نمایان در کمالِ ذات و اوصاف خداوندی
توئی اَسرار محبوبی دگر چیزے نمی دانم

دُرِ کون و مکان ہستی توئی با روح انسانی
برفعت نور ایمانی دگر چیزے نمی دانم

بہ ہوش و گوش حیرانم بیان اندر زبان خوانم
عجب دردِ نہان دارم دگر چیزے نمی دانم

ریاضِؒ معرفت بود ند جملہ انبیاءؑ مرسلؑ
معطر از تو شد عالم دگر چیزے نمی دانم



Marfat.com

# تصوف

حضوریؐ درگہِ سرکارؐ عالم
میسر کن الٰہی نور جانمؐ

توئی واللہ حسنِ ذاتِ عالی
ظہورِ حق تعالےٰ شد جیبمؐ

ز جان بینم عیان نجمؒ السلامی
بشانِ رحمتہ اللعالمینمؐ

صلوٰۃ و صومِ رمضان المبارک
برائے زہد و تقوےٰ می گذارم

تراویح سحری و افطار با شد
رضامندیِ خالق ہر دو عالم

نویتُ حقہٗ بِالصَّومِ غَدٍ
الٰہی مصطفےٰؐ را از تو خواہم

مرادِ جان و دل شد نور ایمان
ریاضمؒ یا محمدؐ نجمِؒ دینم



Marfat.com

# قصیدہ

خدائے پاک رحمت بود شب جائے کہ من بودم
ورائے عقل و دانش بود شب جائے کہ من بودم

جلالی ذات ربانی جمالی شان رحمانی
شعاع روح عالم بود شب جائے کہ من بودم

ز ہاہوتی و لاہوتی درونِ عالم حیرت
بجبروتی مشرف بود شب جائے کہ من بودم

بہ ظِلّ نور ملکوتی ضیائے سِرّ ناسوتی
بحسن عبد و مرسل بود شب جائے کہ من بودم



Marfat.com

خلافت نور حقانی درونِ قلب انسانی
امانت دار آدمؑ بود شب جائے کہ من بودم

رسالت آئینہ حق ہیں شدہ بیمثل در جانم
احد با میم احمدﷺ بود شب جائے کہ من بودم

ظہور حضرت اُمیﷺ حبیبؐ اللہ سبحانی
مجسم نور وحدت بود شب جائے کہ من بودم

شریعت را عیان دیدم بہ عقل و ہوش دانائی
سراپا نور قرآں بود شب جائے کہ من بودم

حضوری درگہِ معبود و مقصودِ خداوندی
ریاضِؒ نجمؒ دینم بود شب جائے کہ من بودم



Marfat.com

# تبلیغ

بحمداللہ چون خود را نہ بینم
شہنشاہ جہان پردہ نشینم

بچشم حیرتم بنیا ز رحمت
نگار ماہ تابان مہ جبینم

توئی واللہ محبوبؐ الٰہی
شفیع عاصیان حقا کریمم

بہار باغ ہستی چوں برآمد
دروں حسن و خوشبو نازنینم

ترحم یا نبیؐ اللہ برتر
ریاضِؒ مصطفائیؐ نجمؒ دینم



Marfat.com

# تصوف

عدم کی نفی ہے فنا کا مقام
فنا میں نفی ہے عدم حرف لام
بہ اخفیٰ ہے کنز خفی لام الف
فنا و بقا گردش صبح و شام
بہ تنظیم و تعلیم امر و نہی
ادب اور تعظیم ہے لا کلام
خودی لا اِلٰہ میں با خیر و شر
سیاست بہ اِلّا شریعت ہے عام
بہ ہر رنگ و بو نور ختم رسل
ہے اللہ اکبر برحمت تمام
رسالت بہ عرفان حق الیقیں
بہ مہر نبوت ہوئی اختتام
دل و جاں میں ہے جلوہ گر با خدا
ریاضؒ النبیؐ روحِ نجمؒ السلامؒ



Marfat.com

# تصوف

خدا کی ذات برتر کو تعالٰی اللہ کہتے ہیں
مجسم نورِ وحدت کو حبیبؐ اللہ کہتے ہیں

دلوں میں جو امانت ہے اُسی نورِ مقدر کو
صفیؑ اللہ خلیلؑ اللہ کلیمؑ اللہ کہتے ہیں

ضیائے نور ظلِّ نور شانِ عبد و مُرسل ہے
ظہورِ حُسن یکتائی کو حق اللہ کہتے ہیں

کمالِ ذات و اوصاف جمالِؐ ذُوالجلالی کو
بوحیِ نصِّ قرآنی رسولؐ اللہ کہتے ہیں

ریاضؒ اللہ والوں میں خلافت امر منکم ہے
اُسی کے نجمِ عرفانی کو نور اللہ کہتے ہیں



Marfat.com

# تبلیغ

نہ جب تک غیب پر اللہ کے ایمان لے آئیں
ملے کیونکر خدا بندوں کو بے دیکھے جو گھبرائیں

نبیوںؑ سے عبث کٹ حجتی کرتے ہیں وہ جاہل
جو کہتے ہیں ہمیں اللہ کو آنکھوں سے دکھلائیں

دلائل کافروں پر حجتیں ساری منافق پر
مسلمان نفس کو اپنے فقط آداب سکھلائیں

طلب ہے نور ایماں کی مسلمانوں کو گر حق سے
کریں تصدیق دل سے پھر صداقت اپنی دکھلائیں

خدا نے اپنے بندوں کی ہدایت کیلئے بھیجا
پیمبرؐ کی اطاعت کر کے تا شیطاں سے بچ جائیں



Marfat.com

محض قطرے کو دریا کر کے ظاہر کر دیا حق نے
کہ بندے اپنے خالق کو صفت میں نورِ جاں پائیں

نبیوںؑ سے جو غافل ہیں خدا کو پا نہیں سکتے
یہی اک راہ سیدھی ہے جو قرآن کو سمجھ جائیں

بڑے جاہ و حشم سے حق تعالیٰ نے نبیؐ اپنا
جہاں میں اس لئے بھیجا کہ بندے راہ پا جائیں

تمامی اولیاءؒ اللہ سارے انبیاءؑ مُرسلؑ
جلو میں ساتھ ہوتے ہیں جہاں شاہِ جہاں جائیں

نہ کیوں خوش ہو خدائے پاک ایسے قلبِ مومن سے
حبیبِؐ کبریا جس دل میں خود تشریف لے جائیں

ریاضؒ اللہ والوں نے خدا کو دل میں پایا ہے
نبیؐ پر کیوں نہ جان و دل سے ہم ایمان لے آئیں



Marfat.com

# تبلیغ

رسولؐ اللہ کی عظمت کو اہلِ نار کیا جانیں
مُعارف کو کلام اللہ کے کُفار کیا جانیں

یہ انساں پتلۂ خاکی ہے ناری ہے نہ نوری ہے
نبیوںؑ سے جو غافل ہیں وہ نور و نار کیا جانیں

ضروری ہے سمجھنا سب سے پہلے اپنی ہستی کا
خدا کی شانِ قدرت کو یہ دُنیا دار کیا جانیں

پڑھیں کلمہ کریں توبہ نہ پوجیں نفس و شیطاں کو
دلوں میں جو امانت ہے اُسے اغیار کیا جانیں

مُجلّٰی ہو نہ جب تک قلب گمراہی نہیں جاتی
جو نا محرم ہیں وہ اللہ کے اَسرار کیا جانیں



Marfat.com

شرافت حسنِ یکتائی نمایاں ہے رسالت میں
شعاعِ نور قرآنی کو بدکردار کیا جانیں

عقائد کی درستی ہے ادب میں حسنِ طاعت میں
نبیؐ کو حق تعالیٰ کے سوا اغیار کیا جانیں

علومِ ظاہری کے بعد لازم دل کی پاکی ہے
بِلا مرشد کے رسم و راہ کو نادار کیا جانیں

رُموزِ کلمۂ طیب کا مظہر حرفِ اول ہے
نہیں جو اہل باطن 'ل' کے انوار کیا جانیں

اطیعُو الشیخِ کامل امرمنکم ہے شریعت میں
جو غافل ہیں طریقت کے بھلے اطوار کیا جانیں

ریاضؔ اللہ والوں سے نبیؐ کو جو محبت ہے
مسلماں دل سے اقراری ہیں وہ انکار کیا جانیں



Marfat.com

# تصوف

ہے جو اِلّاَ اللہ میں رازِ محمدؐ بالیقیں
مظہرِ سرِ خدا حقا شفیعُ المذنبینؐ

حسن وخوشبو کی شعاؤں میں ہے جس کی روشنی
با خدا شجر الیقیں ہے رحمتہ اللعالمینؐ

ہے نفی اثبات میں وہ ذاتِ پاکِ احدیت
معنیِ سرِّ خفی اخفیٰ و حُسنِ مہ جبینؐ

ایک ہی معبود ہے واللہ نورِ مصطفےٰؐ
ظاہر و باطن ہویدا اولین و آخرینؐ

کلمۂ طیب بڑی مشکل سے ہوتا ہے نصیب
مغزِ قرآں ہے یقینی نورِ ختم المرسلینؐ



Marfat.com

پیر کی آنکھوں سے جس نے پیر کو دیکھا نہ ہو
کیا خبر اُس کو ہے کیا اللہ کیا قرآنِ دیں

لا و اِلاَّ کی حقیقت ہے ہُو اللہ الاحد
اس لیے ثابت اجل سے ہے شعورِ علمِ دیں

علم پر عقل و سمجھ پر نفس جو مغرور ہے
زہد و تقویٰ پر فقط نازاں ہے ابلیسِ لعیں

مت جُدا سمجھو نبوت کو خدائے پاک سے
سلب ہو جائے گا ورنہ شرک سے ایمان و دیں

وہ مسلماں ہی نہیں جس نے کبھی دیکھا نہیں
مصطفائیؐ آئینہ میں حسنِ رب العالمیں

غیر ممکن ہے ریاضؒ اللہ کو جانے کوئی
نجمِؒ دینِ احمدیؐ جب تک نہ ہو دل کے قریں



Marfat.com

# معارف

لَا کی ضمیر ہے اِلٰہ نفسِ جلالِ اولیں
مظہر ذات وحدہٗ روحِ جمالِ آخریں

اِلَّا اِلٰہ کا الف شرطِ بقائے لَم
ایک ہی نور پر کیا ختم کمال مرسلینؑ

عبد و رسُول ہے صفت جلوۂ قدس با ہمہ
راز و نیاز و سِرِ حق شاہد حال ہم نشیں

بندۂ ظلمتِ عدم ظرفِ فنائے غیر حق
اپنی نفی نہ کر سکا وائے بحالِ غافلیں

بعد فنا ہے تو ہی تو نجمِؒ ریاضِؒ مصطفٰےؐ
محوِ خدا ہے بیخودی رازِ وصالِ کاملیں



Marfat.com

# تصوف

پردۂ اوہامِ باطل در گمان
شد برائے چیستان اندر جہان

ہیچ عاشق در دلِ معشوق نیست
طالب و مطلوب را یکسر بدان

عالم ہستی بسرِّ خیر و شر
از مکینِ لا مکان شد کن فکان

ہرچہ بینی محو کن محو است حق
در کمال دید جانان بتان

جستجو در گفتگو ناقص بود
علم و دانش را شعورِ حق بدان



Marfat.com

ترک کن وسواس را بہرِ خدا
نیست چیزے درمیانِ این و آن

از ھمہ و باھمہ و بے ھمہ
شد نشانِ بے نشان و با نشان

چشم و ہوش و گوش را دانی اگر
حق نما گردد کلامِ اِنس و جان

حسنِ عالم آئینہ شد بے ضرر
جلوہ گاہِ محرمِ رازِ نہان

حیرت اندر باقی و فانی بود
چون ندانی این چنین و آن چنان



Marfat.com

حق بشانِ حمد بے خود آمده
با خدا از خود خدائی شد عیان

بیمثالی از جمالِ مصطفےؐ
رونما شد در زمین و آسمان

مظہرِ حق الیقین حق است و بس
راست گویم در حضوریؒ نورِ جان

ایکہ تو نورست شاہد در دلم
بے زبان و با زبان روحِ روان

مصطفائےؐ سرمدی گلزار شد
در ریاضِؒ احمدیؒ اُمُّ البیان



Marfat.com

# قصیدہ

مہر تابانِ ولایت رونما شد بر زمین
مہ لقائے نجم دین سلطان و فخر کاملین

جلوہ گر شد نورِ احمدؐ بر رخِ زیبائے تو
شد جمالِ مصطفےٰؐ در قلب تو گوشہ نشین

اے فلک رفعت ترا زیبد گرامی مرتبت
مبدءِ فیض و کرم قندیل بزمِ مرسلینؑ

نخلِ بُستان پُر ثمر شد با گلِ خندہ دہن
باغ رضوان شد معطر از قدوم نازنین



Marfat.com

جانِ عالم بر تو قربان اے حبیبؐ کبریا
چوں ظہورِ حق شدی در شانِ ختم المرسلینؐ

از نگاہِ پیر و مرشد چوں نظر کردم بہ تو
من نہ دیدم جز خدا محبوبؐ ربُّ العالمین

وصف مولےٰ میکنم نعت فراوانِ رسولؐ
چوں دلم مجروح گشتہ از نگاہِ مہ جبین

من گنہگارم خطا کارم ز عصیاں اے کریم
رحم کن بر حال زارم بہر ختم المرسلینؐ

اے ریاضِؒ احمدؐ مبارک شو کہ داری نورِ حق
شادِ گردان از دعائے حضرتِ سلطانِ دین



Marfat.com

# حمد

اے خدا اللہ اکبر شانِ رب العالمین
رحمتہ اللعالمینیؐ با خدا حق الیقین

یا نبیؐ یا مصطفٰےؐ یا صاحبِ جود و کرم
فضل و رحمت از تو خواہم یا اِلٰہ العالمین

ایکہ تو شمس الضحیٰؐ بدر الدجیٰؐ صدر العلیٰؐ
نازنینِ ذاتِ باری نور ختم المرسلینؐ

حُسن و خوشبو روشنی علم و ہنر عقل و ذکا
مظہر رُوحِ روان شد زینت عرشِ برین

بے نظیر و بے بَدل بیمثل و یکتائے جہان
خالق و رازق توئی غفار و جان کاملین

مالک یومِ جزا ہم شافعِ محشر توئی
دستگیر عاجزان حقا شفیع المذنبینؐ

منبعِ فیاضِ عالم در ریاضِ احمدیؐ
گوہرِ عظمت توئی واللہ نجمؒ العارفین



Marfat.com

# معرفت

سیرت وصورت بہ عقل وہوش جان مردوزن
چیستان شد در جہان خوشبوئے گل رنگ چمن

رحمتہ اللعالمینؐ واللہ حسن کبریا
وحدۃ المقصود عالم گشت نور ذوالمنن

با جمال ذات و احد ذوالجلال و ذوالکرم
مظہر حق الیقین شد با خدا رحمت فگن

شافع روز جزا امیؐ لقب ختم رسلؐ
دافعِ رنج و بلا شد مصطفےؐ شاہ زمن

با ریاضؒ نجمؒ عرفان جلوہِ خیرالنبیؐ
روح ناطق شد درون قلب نورانی کرن



Marfat.com

# قصیدہ

ہم جرم کریں اور اِترائیں وہ عفو کریں اور بخشائیں
ہم ایسے نبیؐ کے قدموں پر سو جان سے قرباں ہو جائیں

وہ نور مجسم روح رواں وہ رحمت عالم جان جہاں
اُس ذات خدا کے فرقت میں واللہ نہ کیوں ہم مر جائیں

کسطرح کہوں کس حال میں ہوں دنیا کے بہت جنجال میں ہوں
ناچار خودی کے جال میں ہوں اب قید الم سے چھڑوائیں

گلزار جہاں میں پھول و کلی خوشبوئے چمن با حسن جلی
ہو دم میں عیاں پُر نور فضا گر آپ اشارہ فرمائیں

بیچین بہت بیتاب ہے دل لِللہ برحمت اے مولے
والنجمؔ ریاضِؔ احمدؐ کو اب جلد مدینہ بلوائیں



Marfat.com

# تبلیغ

جو دنیا میں حق سے پھرے جا رہے ہیں
وہ شیطاں کے بندے بنے جا رہے ہیں

نبیؐ کی جو تعظیم کرتے نہیں ہیں
خدا سے وہ بالکل کٹے جا رہے ہیں

دلوں میں منافق کے ہے بغض و کینہ
جہنم میں سیدھے چلے جا رہے ہیں

جو مغرور ہیں بد دماغی کے باعث
وہ نارِ حسد میں جلے جا رہے ہیں

بہ نجمؒ السلامیؒ ریاضِؒ چمن میں
محبت کی غنچے کِھلے جا رہے ہیں



Marfat.com

# تصوف

انبیاءؑ و اولیاءؒ الحمدُ رب العالمیں
مظہر اللہ اکبر اولین و آخریں
اہل حق اللہ والے ہیں خدا کے روبرو
پیرؒ و پیغمبرؑ ہیں سارے نور ختم المرسلیںؐ

پیکر نوری ودیعت ہے بشان حقہٗ
کبریائی دین و ایماں رحمتہ اللعالمیںؐ
ہے خلافت امر منکم نعمت خیرالوریٰ
رب العزت کی امانت گوہر حق الیقیں

پتلہِ خاکی ہے با سرِّ خدائے لم یزل
وحدہٗ بالذات رب نور نبیؐ عین الیقیں
جان و دل روح رواں حسن و جمال سرمدی
پُر ضیا ہے ظلِّ نوری عبدہٗ علم الیقیں

نجمؒ دینِ احمدیؐ واللہ با راز دلی
ہے ریاضِؒ مصطفائیؐ بندہِ ایمان و دیں



Marfat.com

# تبلیغ

جو نا محرم ہیں کیا جانیں شریعت کس کو کہتے ہیں
ہدایت کس کو کہتے ہیں طریقت کس کو کہتے ہیں

علوم وسوسہ ہے لام الف انکار بے معنی
بہ صرف و نحو پہچانو حقیقت کس کو کہتے ہیں

نہیں واقف جو قرآں سے نبیؐ سے دین وایماں سے
وہ سرِّ نفس کیا جانیں مروت کس کو کہتے ہیں

ہوئے نا اہل و بیگانے وہ کیا جانیں خلافت کو
نبوت کس کو کہتے ہیں ودیعت کس کو کہتے ہیں

ریاضِؒ نجمؒ اک کلمہ ہے زندہ نور وحدت کا
جو ہیں اغیار کیا جانیں محبت کس کو کہتے ہیں



Marfat.com

# تبلیغ

حسد کی وجہ سے جو گمراہ ہیں
وہ دنیا میں لکھ پڑھ کے بے راہ ہیں
سب اہل محبت ہیں اہل ادب
اطاعت میں اغیار کوتاہ ہیں
ہیں علمائے ظاہر بہ تنظیم حق
بزرگان دیں کے وہ ہمراہ ہیں
بہ نور خلافت ہوئے با خدا
نبیؐ و ولیؒ صاحب جاہ ہیں
مکین دو عالم ہے واللہ ایک
حبیبؐ مکرم شہنشاہ ہیں
ستاروں میں بدرالدجیٰ بالیقیں
بہ شمس الضحیٰ جلوۂ ماہ ہیں
ریاضِ احد حسن و خوشبوئے گل
بہ خیرالنبیؐ نجمِؒ دل خواہ ہیں



Marfat.com

# تصوف

ایک پردہ نشیں حسینوں میں
چھپکے ظاہر ہے مہ جبینوں میں
علم قرآں ہے نور ایمانی
انبیاءؑ اولیاءؒ کے سینوں میں
حق و باطل کے راز حکمت کو
خوب ظاہر کیا سفینوں میں
دشمن دیں ہے راہزن شیطاں
نفس ناداں کے ہم نشینوں میں
اہل باطن کو جس نے چھوڑ دیا
وہ ہی ابلیس ہے کمینوں میں
وحیِ ناطق ہے حسن انسانی
اعلیٰ ارفع تمام دینوں میں
نجمؒ دین ریاضِؒ احمدؐ کو
حق نے چمکا دیا نگینوں میں



Marfat.com

# مناجات

یا الٰہ العالمیں مقصود رب العالمیں
شاہد و مشہود عالم رحمتہ اللعالمیںؐ

اولین و آخریں کی شان میں امیؐ لقب
بالیقیں علم الیقیں ہے با خدا عین الیقیں

حسن و عشق احمدیؐ پُر نور اللہ الصمد
ریشہ ریشہ میں ہوائے رب تو ہی تو حق الیقیں

اپنی خوشنودی رضامندی کی جانب اے خدا
دل کو میرے پھیر دے با نور ختم المرسلیںؐ

صبر و شکر و فقر کے سجدوں میں بے پردہ ہے تو
عجز و طاعت خاکساری انکساری کے قریں

اگلے پچھلے سب گناہوں کو الٰہی بخشدے
معاف فرما کُل خطاؤں کو شفیع المذنبیںؐ

بندۂ اللہ برتر امت خیر البشرؐ
لاج رکھ لے اس گدا کی ہے ریاضِؒ نجم دیںؒ



Marfat.com

# تصوف

بہ ظلمت نفس امارہ کو غیر اللہ کہتے ہیں
شعاع روح انسانی کو اِلّا اللہ کہتے ہیں

وجود لاالٰہ لام الف کا ظرفِ فانی ہے
ضیائے نور کو جانوں میں عبداللہ کہتے ہیں

عدم کے دل میں پوشیدہ رہا جو نور اسلامی
صدف میں اک اُسی گوہر کو بِسم اللہ کہتے ہیں

احد کا نور باطن مظہر اللہ برتر ہے
بہ امیؐ رحمت عالم کو حق اللہ کہتے ہیں



Marfat.com

شریعت اپنی ہستی ہے بظلِّ نور ایمانی
حقیقت کو نبیوںؑ میں حبیبؐ اللہ کہتے ہیں

خدا کی بے مثالی قدرت وصنعت کے پردوں میں
بقائے نور عظمت کو رسولؐ اللہ کہتے ہیں

ستارہ ہے خلافت کا نبوت کا رسالت کا
مجسم نور وحدت کو بحمداللہ کہتے ہیں

ہزاروں بار جو مر کر بھی مُردہ ہو نہیں سکتا
اُسی بندے کو دنیا میں ولیؒ اللہ کہتے ہیں

ریاضِؒ نجمِؒ عرفانی کتاب دین احمدؐ ہے
اِسی باعث سے قرآں کو کلام اللہ کہتے ہیں



Marfat.com

# تصوف

خدا ایک ہے ہر جگہ نور جاں
رسولؐ خدا باعث کن فکاں

اُسی ایک سے زندگانی ملی
اُسی کی امانت ہے روحِ رواں

نبیوںؑ ولیوںؒ کا راز دلی
رسولوںؑ میں امیؐ ہے جانِ جہاں

دو عالم کے ہر چیز میں بالیقیں
حبیبؐ خدا کا ہے نام و نشاں

رسالت کی تصدیق حُبِ نبیؐ
خدا کی ہے نعمت برحمت عیاں



Marfat.com

قسم ہے خدا کی مراد دلی
بچشم بصیرت ہے نطق زباں

فنا و بقا زندگی موت میں
خدا کی ہے قدرت بہ راز نہاں

کوئی بوجھے کیونکر ہے نیکی بدی
دو عالم کی ہر چیز ہے چیستاں

اندھیرے میں جب سوجھتا کچھ نہیں
عبث ہے بہ غفلت چنیں و چناں

خدا سے جو دنیا میں ہے بے خبر
وہی ہے یقینی بہ آہ و فغاں

نبیؐ کی حضوری بہ نجمؒ الہدیٰ
ہے اللہ اکبر ریاضِؒ جناں



Marfat.com

# تصوف

اللہ کا جو نور ہے ام الخطاب میں
دونوں جہاں میں ایک ہے وہ انتخاب میں
قرآں میں صاف صاف خدا نے بتا دیا
اک نور بےمثال ہے عالی جناب میں
فضل و کرم ہے حسن کی تشریف آوری
رحمت ہے با کمال رسالت مآبؐ میں
ہوتی ہے کچھ بھی دیر جو بخشش میں یا نبیؐ
فکروں سے چور ہوتا ہے دل اضطراب میں
آنکھوں میں جان و دل کے بصارت عطا ہوئی
حسن خدا بہ میم احد ہے نقاب میں
ہر شخص دیکھ لے گا قیامت میں خیر و شر
بندوں کا فیصلہ ہے حساب و کتاب میں
نجمؒ السلامؒ کا ہے تصرف ریاضؒ پر
بے چین اس لئے ہے محبت کے باب میں



Marfat.com

# حقائق

امتحان ابلیس کا تھا حکم ربی اُسجدو
حضرت آدمؑ کا سجدہ مصطفےؐ کے روبرو

ہے خلافت کا مخالف دشمنِ ایمان و دیں
بے ادب گستاخ و جاہل بے حیا بے آبرو

حق و باطل سے جدا رب نے کیا انکار پر
دوزخی شیطان بنا پھر کفر پھیلا چار سو

دیکھے دھوکہ شرک کا نادان کو کافر کر لیا
پیروی بدبخت نے اپنی کرالی ہوبہو

نور کی تعظیم کا منکر ہے ابلیس لعین
اس لئے ہے نار دوزخ کو اُسی کی جستجو

با ادب صلِ علیٰ دل سے کھڑے ہو کر پڑھو
محفل میلاد نبویؐ میں سلامی با وضو

نجمِؒ دین مصطفےؐ جانِ ریاضِؒ احمدیؐ
دل کے اندر یا نبیؐ ہے آپؐ ہی کی آرزو



Marfat.com

# تصوف

اللہ کا خلیفہ جو آدمؑ ہے روبرو
صورت ہے نور پاک کی واللہ ہوبہو

سب کچھ دیا خدا نے مگر وائے خود سری
حرص و حسد میں کھو دیا شیطاں نے آبرو

صلو علی النبیؐ مکرم سے بالیقیں
ڈنکا بجا دیا ہے دو عالم میں چار سو

تعظیم مصطفےٰؐ میں اطاعت بجان و دل
اِلّا لِیعبدوں ہے تفسیر اُسجدو



Marfat.com

حقا تُعزروہ بہ صوم و صلوٰۃ ہے
یارو پڑھو درود نمازوں میں با وضو

من قال لاالٰہ کو اِلاَّ رسول میں
سمجھو بہ نفسہٗ سے کہ ہو حق سے سرخرو

تیر نگاہِ ناز کا زخمی بحال زار
عشق نبیؐ میں پھرتا ہے بے ہوش کوبکو

محبوبؐ کبریا کی محبت نصیب کر
اے رب تو ہی مراد ہے پُر نور آرزو

قدموں میں اُس نبیؐ کے بصد شوق اے ریاضؔ
نجمؔ السلامؔ کی ہے سدا دل میں جستجو



Marfat.com

# حقائق

امتحانی جانچ میں تھا حکم ربی اُسجدو
کر دیا انکار شیطاں نے نبیؑ کے روبرو

لاکھوں سجدے زہد و تقویٰ کھو دیا ابلیس نے
شان و شوکت مٹ گئی خود ہو گیا بے آبرو

خود نمائی خود پسندی خود سری ہے پُر خطا
ہے بھٹکتا اس لئے ابلیس ناری کوبکو

سرکشی جائز نہیں ہرگز خدا کے حکم سے
حق سے پھر جانا ہی پہلا جرم ہے اے نیک خو

کُل برائی خوئے بد کبر و حسد ظلم و جفا
بے ادب گستاخ انسانوں میں ہے شیطاں کی خو



Marfat.com

آدمی کے ساتھ جو ہمزاد شیطاں ہے خبیث
وسوسوں میں اُس کے نادانی ہے بیجا گفتگو

کوششیں بیکار ہیں دل میں اگر قرآں نہیں
حق تعالےٰ کی عبادت ہے یقینی اُسجدو

انبیاؑء و اولیاؒء کو جان لو پہچان لو
ورنہ بالکل غیر ممکن ہے خدا کی جستجو

زندگی زندہ دلی اللہ کا اسلام ہے
بولتا ہنستا خوشی میں حق نما ہے آبرو

نور ایماں ہے حبیبؐ کبریا امیؐ لقب
اس لئے امید والوں کو ہے حق کی جستجو

نجمؒ دین مصطفےٰؐ کا نور اے رب بخشدے
ہے ریاضِؒ احمدیؐ کے دل میں بیحد آرزو



Marfat.com

# تبلیغ

اللہ برتر سے ڈرو اے دوستو مسلم بنو
دین برحق ایک ہے اے دوستو مسلم بنو

خود پرستی چھوڑ کر تم فرقہ بندی سے بچو
خود نمائی مت کرو اے دوستو مسلم بنو

سارے مسلم ایک ہیں اسلام کے پرچم تلے
کلمۂ طیب پڑھو اے دوستو مسلم بنو

انبیاءؑ و اولیاءؒ سے دین و ایماں سیکھ کر
حق تعالےٰ سے ملو اے دوستو مسلم بنو

اپنے نادانی سے مت اسلام کے ٹکڑے کرو
با ادب بن کر رہو اے دوستو مسلم بنو



Marfat.com

مال و دولت پر کبھی مغرور مت مسرور ہو
خاکساری سے رہو اے دوستو مسلم بنو

زہد و تقویٰ میں خدا کا فضل ہے توفیق خیر
مکرِ شیطاں سے بچو اے دوستو مسلم بنو

عجز و طاعت بندگی ہے روبرو اللہ کے
نفس کو طاہر کرو اے دوستو مسلم بنو

روح ناطق ہے کلام وحی قرآنی ضیا
نور کو پہچان لو اے دوستو مسلم بنو

مصطفٰےؐ امیؐ لقب خیرالنبیؐ کی یاد میں
با خدا ہر دم رہو اے دوستو مسلم بنو

نجمِؒ دین سرمدی ہے با ریاضِؒ احمدیؐ
معرفت حاصل کرو اے دوستو مسلم بنو



Marfat.com

# تبلیغ

ہر شے کی زندگی ہے قدرت کا اک فسانہ
فانی ہے سارا عالم دنیا کا کارخانہ

برباد زندگی ہے شیطان کی دوستی میں
خود غرضیوں سے اپنے دشمن ہوا زمانہ

کیا خوب ہے شکاری جس کا شکار ہوں میں
نفسانی خواہشوں پر تیروں کا ہے نشانہ

واللہ جان و دل میں ہے نورِ مصطفائیؐ
پردوں میں خیر و شر کے ہے امر منصفانہ



Marfat.com

روزہ نماز یارو طاعت کی ہے نشانی
پڑھتے ہیں بعد رمضان ہم عید کا دوگانہ

مقصود دین و ایماں قسمت کا ہے ستارہ
سارے نبیؑ ولیؒ ہیں اللہ سے یگانہ

توحید کا ہے نقشہ نورانی شکل و صورت
بندوں میں ایک بندہ رحمت کا ہے خزانہ

انسان کو رب نے بھیجا محبوبؐ حق بنا کر
اسلام تا ہو ظاہر پُر نور شامیانہ

نجمؒ السلامؒ ہو کر آخر ریاضؒ احمدؐ
حمد و ثنا کا دل میں دلچسپ ہے ترانہ



Marfat.com

# معرفت

شمس و قمر ستارے دنیا کا کارخانہ
لا کچھ نہیں کے اندر ہے لام الف خزانہ

ہے لاالٰہ اِلَّا فانی بہ حُسنِ باقی
ہوش و حواس گُم ہیں حیرت میں ہے زمانہ

کچھ عقل ہو تو بوجھو اللہ کی پہیلی
سب کچھ میں حق کے کیا ہے الحمد کا ترانہ

پردہ ہٹا کے دیکھو دل سے خودی مِٹا کر
آنکھوں کے پتلیوں میں کس کا ہے آشیانہ



Marfat.com

جانوں میں روشنی ہے اظہارِ مصطفائیؐ
دل میں احد کے نوری ہے پاک آستانہ

خوشبوئے مشک و عنبر فصلِ بہار گلشن
نغموں میں بُلبلوں کے ہے سُوز عاشقانہ

واللہ مر کے جینا ہے ناز بے نیازی
نفسانی خواہشوں پر تیروں کا ہے نشانہ

کلمہ ہے نورِ وحدت اسلام کا ستارہ
عالم میں اپنی ہستی قدرت کا ہے فسانہ

نجمؒ السلامِؒ ربی بندوں میں عبد و مرسل
جانِ ریاضؒ احمدؐ مولے سے ہے یگانہ



Marfat.com

# معرفت

ہے اللہ برتر کا اک نام زندہ
حبیبؐ خدا کا ہے اسلام زندہ
جہنم میں ہے اُسجدو کا مخالف
ہے فرمانِ ربی بہ اکرام زندہ
منافق ہیں کفار و مشرک کے پیرو
شیاطین ہیں دوزخ میں ناکام زندہ
محض خود پسندی ہے باطل پرستی
کہ ابلیس ملعون ہے بدنام زندہ
رسولوںؑ نبیوںؑ ولیوںؒ کا دشمن
ہیں نارِ سقر میں بدانجام زندہ
نبیؐ کے مخالف مذاہب ہیں جتنے
رہینگے نہ ہرگز وہ گمنام زندہ
ریاضؒ ہدایت دُر حسن قرآن
بہ نجمؒ المعارف ہے گلفام زندہ



Marfat.com

# تصوف

لا الٰہ وجود اِلّا اللہ
در فنا شد نفی فنا فی اللہ

چوں الٰہ درُونِ لا آمد
لا فنا شد بحق اِلّا اللہ

شد عدم را بوصفِ لا حیرت
در نفی با وجود حق اللہ

بے ہمہ ایکہ با ھمہ ہستی
بر خودی از خدائے غیر اللہ

مظہر ذات فانی و باقی
نور پاکِ تو شد بقا باللہ



Marfat.com

راز مخفی برائے حسن خدا
سرِ بیچون شدی بجمہ اللہ

عشق و الفت ظہور امکانی
محرم راز گشت بسم اللہ

توئی مقصود لام الف گشتی
در خودی با خدائے حق اللہ

نور وحدت بہ لا شریک لہٗ
کثرت خلق گشت امر اللہ

توئی معبود خالق و رازق
جلوہ کردی بجق عبداللہ



Marfat.com

در وجودِ فنائے لا موجود
شد خدا شاہد رسولؐ اللہ

ظلِّ جبروت را براہِ کرم
حسن بخشید و فضل رُوح اللہ

رونق لا مکان و کون و مکان
شد جمال تو یا نبیؐ اللہ

سِرِّ اخفیٰ خفی شود پنہان
تا بہ حق الیقین فنا فی اللہ

ہر سُو بیند دل ریاضؒ احمدؐ
با خدا جلوۂ حبیبؐ اللہ



Marfat.com

# معارف

لِلّٰلہ الحمد زہے نور جبینم بااللہ
رحمتِ خلق پسِ پردہ حضورم بااللہ

ظلِّ جبروت بسرِّ تو وجودست عیان
جان و دل روح رواں ہست نعائم بااللہ

درفنا شاہد عرفان و حجابم گشتی
لطف داری زِ احد عبد و رسولم بااللہ

اُمیؐ و ختمِ رسلؐ شافعِ روزِ محشر
این لقب شد بخدا رمز نبیّمؐ بااللہ



Marfat.com

محرمِ راز توئی واقفِ اسرار توئی
ایکہ مقصود حقیقی ز نصیبم باللہ

غیر حق لا ز عدم ظلمت و کفرم باشد
در خودی شد بہ ضیائے تو نگاہم باللہ

عالمِ قدس ترا زینتِ یکتائی شد
لا مکان است ورائے تو عزیزم باللہ

عظمتِ شانِ کریمی و رحیمی چہ عجب
نجمؒ دین است سلامم بہ ریاضم باللہ

مالکِ جان و دلم روحِ ریاضِؒ احمدؐ
در مکان خود ز مکین داد وجودم باللہ



Marfat.com

# تصوف

ذات اقدس بحسنِ اِلّا اللہ
جلوہ کردی بشان بِسم اللہ

محرم راز فانی و باقی
شانِ جبروت نور اِلّا اللہ

با خلیلؑ و ذبیحؑ از آدمؑ
حسن و عشقِ کلیمؑ و روحؑ اللہ

عبد و مرسل شدی ظہور اتم
ایکہ مقصود خیر حق اللہ

روح جانم بچشمِ دل روشن
نور پاکِ تو یا حبیبؐ اللہ

انبیاءؑ و اولیائےؒ سبحانی
توئی امی لقب نبیؐ اللہ

نجمؒ دینم ریاضؒ پُر معانی
مظہر قدس یا رسولؐ اللہ



Marfat.com

# معارف

لاالٰہ بحق اِلاَّ اللہ
مظہرِ قدس یا رسولؐ اللہ

وحدہٗ لا شریک و بے ہمتا
ایکہ نورِ خدائے حق اللہ

عبد و مرسل شدی ظہورِ اتم
نحنُ اِنی انا حبیبؐ اللہ

غیر حق لا اِلٰہ در جانم
نفس طاہر شود ز بِسم اللہ

رُوح اِلاَّ ریاضِؒ نجمِؒ ولی
شد ضیائے جمال نور اللہ



Marfat.com

# تصوف

خداوند عالم ہے انساں کے ساتھ
بحق الیقیں نور ایماں کے ساتھ

نبیوںؑ ولیوںؒ کا دشمن ہے جو
یقینی وہ رہتا ہے شیطاں کے ساتھ

خلافت کا منکر منافق ہوا
کہ ہرگز نہیں وہ مسلماں کے ساتھ

دغا باز و حاسد بڑا لالچی
ہے ابلیس مکار ناداں کے ساتھ

ریاضؒ النبیؐ نجمؒ رب العُلا
سب اللہ والے ہیں قرآں کے ساتھ



Marfat.com

# تبلیغ

دنیاوی زندگی میں بیہوش ہے زمانہ
لالچ بہ مال و زر ہے ابلیس کا خزانہ

شیطاں بخود پسندی مغرور ہو چکا ہے
اس واسطے ہے اُس پر غفلت کا تازیانہ

موذی ہے نفس ناری اہل وفا کا دشمن
بیگانہ ہے وہ حق سے باطل سے ہے یگانہ

مکر و فریب سے دل کیونکر ہو پاک و طاہر
خناس راہزن ہے ہمزاد ظالمانہ

پیدا کئے خدا نے جن و بشر ملائک
سارا جہاں فانی عبرت کا کارخانہ

عجز و حیا محبت ایمان و دیں کی دولت
سب سے بڑی ہے نعمت اسلام کا ترانہ

نجمؒ السلامؒ ہو کر جانِ ریاضِؒ احمدؐ
واللہ مصطفٰےؐ سے دل ہو چکا یگانہ



Marfat.com

# تصوف

خدا کا دو عالم میں ہے کارخانہ
فنا کی تجوری بقا کا خزانہ

عدم نے بہ غفلت جو دیکھا خودی کو
لگا نفس پر موت کا تازیانہ

رسولوںؑ میں جو نور خیرالوریٰ ہے
دلوں میں وہی ہے خدا سے یگانہ

خیالات عقل و گماں سے دو بالا
سرِ عرش اعظم ہے اُس کا ٹھکانہ



Marfat.com

خدا کا ہے آنکھوں کی پتلی میں جلوہ
نگاہوں سے پُر نور ہے آشیانہ

نبیؐ کو محض اس لیے حق نے بھیجا
کہ مانے خدا ہی کو سارا زمانہ

خلافت کی تصدیق ہے حسن طاعت
اُولی الامر منکم ہے اُس کا ترانہ

زہے خوش نصیبی یہ دل ہو چکا ہے
نگاہ محبت کا زرّیں نشانہ

ریاضؒ النبیؐ میں ہے نجمؒ المعارف
مدینہ کا گلشن بڑا آستانہ



Marfat.com

# تصوف

ہر شے ہے حجاب اِلَّا اللہ
ہر چیز نقاب اِلَّا اللہ
ہے صدق و یقیں تعظیم و ادب
بندوں میں حساب اِلَّا اللہ
واللہ نبیؐ کے قدموں میں
جنت ہے ثواب اِلَّا اللہ
گلزار جہاں میں روحِ رواں
خوشبو ہے شباب اِلَّا اللہ
اک نور مجسم حرفوں میں
قرآں ہے کتاب اِلَّا اللہ
شیطاں کے خودی میں کبر و حسد
دوزخ ہے عذاب اِلَّا اللہ
والنجمؔ ریاضِؔ احمدؐ میں
امیؐ ہے خطاب اِلَّا اللہ



Marfat.com

# مناجات

بحقِ نورِ ذاتِ کبریائی
ظہورِ سرمدیؐ شانِ خدائی

بحقِ یا الٰہی نورِ قرآن
بحقِ حاملانِ عرشِ سبحان

بحقِ آفتابِ شانِ رحمت
بحقِ ماہِ تابانِ رسالت

بحقِ رازدارِ بیمثالی
جمالِ مصطفٰےؐ شانِ کمالی

بحقِ سیدِؐ ارواحِ جانم
شعاعوں سے ہے جس کے زندہ عالم

بحقِ جنتی عشرین قدسی
بشارت جن کو اے رب تو نے بخشی



Marfat.com

بحقِ مظہرِ انوارِ اطہر
ابوبکرؓ و عمرؓ عثمانؓ و حیدرؓ

زبیرؓ و عبدالرحمٰنؓ سعدؓ و طلحہؓ
سعیدؓ و بوعُبیدہؓ روحِ عشرہ

اولوالعزمی خُدیجہؓ فاطمہؓ کی
شرافت صِدق و عظمت عائشہؓ کی

ملی حسنینؓ کو شانِ ولایت
شہادت کے لئے نورِ ہدایت

بحقِ حمزہؓ و عباسؓ و سلمانؓ
بہ عُمارؓ و بِلالؓ عشاقِ ایماں

امامت میں ہیں بارہ نُور سُبحان
علیؓ حسنینؓ و عابدؓ جانِ عرفان

امامِ باقرؒ و صادقؒ بہ جعفرؒ
بہ موسیٰؒ و رضاؒ نورِ پیمبرؐ



Marfat.com

تقیؒ و ہم نقیؒ و عسکریؒ کو
امامِ قاسم مہدیؒ ولی کو

خدا نے فضل و رحمت سے عطا کی
حضوری خاص محبوبؐ خدا کی

یہ سارے اہلِ جنت بالیقین ہیں
مُبشر ہستیاں حق کے قریں ہیں

ازل سے تا ابد اللہ والے
نبیؐ پر ہیں فدا سب تاج والے

بحقِ اہل عرفان و شریعت
بحرمتِ حق شناسانِ طریقت

بحقِ آلؓ و اصحابؓ مُجلّٰی
جمیع غوثؒ و قطبؒ پیرِ مُعلّٰی

بحقِ نجمِؒ دین صدیقِ اکبرؓ
عمر فاروقؓ و عثمانؓ نورِ حیدرؓ



Marfat.com

## سلاطین خواجگانِ نقشبندی

ملی بندوں کو حق سے سر بلندی

الٰہی دردِ الفت کی دوا دے
مریضانِ محبت کو شفا دے

بڑی سرکار ہے اے قطبِ عالم
نظر رحمت کی ہو یا غوث الاعظمؒ

گناہوں سے بھری ہے میری کشتی
مدد کیجے معین الدین چشتیؒ

نگاہِ فضل و رحمت ہو گدا پر
بحقِ پیر و مرشد شاہِ انورؒ

یہ بندہ ناتواں عاجز ہے مولےٰ
بڑی ہے شان تیری سب سے اولےٰ

ریاضؒ خستہ کی لے کر سلامی
عطا کر اے خدا حق کی غلامی



Marfat.com

# حمد

اللہ پاک و برتر پُر نور مجتبائی
بیمثل و بے بدل ہے با حسنِ کبریائی

ہرگز نہیں ہے اُس کا کوئی شریک و ہمسر
اُمیؐ بشان رحمت ہے مظہرِ خدائی

کنزِ خفی دوعالم عبد و رسول برحق
جانوں میں روح پَرور ہے نور مصطفائیؐ

دریا سے ایک قطرہ قطروں میں بھر کے دریا
تخلیق جن و انساں قدرت ہے ابتدائی

مر کر جینگے ہم سب میدانِ معرفت میں
دیدار حق تعالیٰ رحمت ہے انتہائی

آئینہ حیا میں محبوبؐ کبریا کی
پردوں میں دل کے اندر ہوتی ہے رونمائی

دیکھا جو غور کر کے دل میں ریاضؒ احمدؐ
نجمؒ السلامؒ کی ہے عالم میں حق نمائی



Marfat.com

# تصوف

اللہ یا محمدؐ حق است ہرچہ خواہی
خود را بحق نمائی از ماہ تا بہ ماہی

لُطفِ نسیم سحری انوارِ خوش نصیبی
ہر سُو تومی نمائی جلوہ بہ صبح گاہی

فصلِ بہارِ گلشن خوشبوئے حسنِ عالم
روشن زِ تو نگاہم چشمم کجا سیاہی

الفقر و شانِ فخری و الفقر چوں بہ مِنی
واللہ نورِ رحمت حق است بادشاہی

جانِ ریاضِؒ احمدؐ نجمؒ السلامؒ گشتہ
بیمثل و بیمثالی پُر نور یا الٰہی



Marfat.com

# حمد

لِللّٰہ الحمد نور لاثانی
ظلِّ جبروت و عکسِ لمعانی

خلقِ ناسوت را براہِ کرم
روح بخشید و حُسنِ انسانی

ہرچہ در کثرتِ شعاع آمد
امر کردی بہ ظلِّ روحانی

جلوہ گر شد درُونِ باغِ جہان
ذرّۂ حسن نورِ ایمانی

توئی واللہ دَر فنا و بقا
از کمالِ وجود حقانی



Marfat.com

بالیقین بیمثال و بے ہمتا
ایکہ مقصود شانِ ربّانی

وحدہٗ لا شریک و بیچونی
در جمالِ حضورؐ سبحانی

از وجودِ بقائے ذاتِ احد
شد مکین در مکانِ امکانی

کے تو اند لقائے تو بیند
جز خدائے بزرگ یزدانی

الغیاث اے کریم و نور کرم
لطف فرما بہ فیض نورانی

مدعائے ریاضؒ جان و دلم
از تو خواہم ترا تو می دانی



Marfat.com

# حمد

یا الٰہ العالمین از بہرِ ذاتِ سرمدی
مظہرِ حق الیقین حسن و جمال احمدیؐ

اے مکین لا مکان صل علیٰ نور ازل
تا ابد باد اسلام و ہم درودِ منجلی

رحمتِ عالم توئی حقا کرم کن بر گدا
از برائے مرسلان ذی جاہ و شانِ سروری

جملۂِ ابدال و اوتاد و ولی غوثِ جہاں
نقشبندی قادری و چشتی و ہم صابری

برگزیدانِ دوعالم و ز جمیع المومنین
یک نگاہ چشم دارم صدقۂِ خیر النبیؐ



Marfat.com

گلشنِ امکان ہستی بر قدومِ مصطفٰے
تحفۂ جان و دلم قربان بحقِ سیدی

ذکر و فکر و زہد و طاعت تا رضامندی حق
ہدیۂ جانان بود مقبول روح انوری

خوشنودیِ رب العلا گردد فزون تا لم یزل
در حضوری جلوہ باشد عظمتِ جل و خفی

منزلِ ایقان و عرفان تا وصالِ کبریا
فائیز المقصود کن اے رب بہ اسرار ولی

کبریائی بر تو زیبا اے خدائے ذوالکرم
چون شفیعُ المذنبینی خود توئی یا مرشدی

لطف فرما یا حبیبی یا محمد مصطفٰے
بر ریاضِ نجمِ دین پیران و صدیق و علی



Marfat.com

# معارف

حجابِ لا اِلٰہ چون بخیر و شر شود فانی
ضمیرِ لام الف آخر بود اثباتِ پُر معانی

ظہور عالمِ ہستی ثبوتِ راز باطن شد
بہ ایجادِ فنا قائم شود اِلّا بہ سبحانی

ہجوم خلق در وحدت ضیائے نور جان باشد
شعاعِ لم یزل گردد بقائے روح انسانی

رموز عبد و مرسل را میانِ وحیِ بسم اللہ
چنین و آن چنان کردی بشوق حمد قرآنی



Marfat.com

گلشنِ فردوسِ جنت نعمتِ خوانِ کرم
رحمت باری شود گر توبہ شیطان نیستی

بندگی بیچارگی پیشِ خدا گوہر بود
چون بعجز و انکساری فخر خوبان نیستی

دُور کن رنج و محن ہر دم بسوئے یار باش
غم مخور عاصی اگر تو غوثِ دوران نیستی

شافع محشر ترا حامی بود روز جزا
اے فقیر ناتوان خار مغیلان نیستی

در ریاضِ احمدیؒ آمد بہارِ فصل گل
دین و ایمان شد معطر گرچہ خندان نیستی



Marfat.com

# تبلیغ

بخدائے نور برتر در حسن کبریائی
توئی رحمتِ دو عالم توئی مظہر خدائی

بہ زمین چو سجدہ کردم ز زمین ندا برآمد
کہ مرا خراب کردی تو بسجدۂ ریائی

منم اے زمین بخاکم تہِ نفس پائے امیؒ
تو چرا بدلربائی نشدی بحق نمائی

سر عجز خاکساری بہ زمین حق نہادم
دل و جان نثار کردم بقدوم مصطفائیؐ

زہے لطف سرفرازی کہ شدم ریاضؒ احمدؐ
شہ نجمؒ پیر دینم گل حسن پارسائی



Marfat.com

# تصوف

بحمداللہ اِلاَّ اللہ شانِ ذات ربانی
شہنشاہ دو عالم رحمت اعجاز قرانی

توئی واللہ در جانم شہود حسن یکتائی
جمال قدرت و صنعت کمال روح انسانی

نہ دانم جز خدائے پاک امیؐ داور محشر
ز عقل و ہوش بالا تر شدی اے نور سبحانی

مکین لا مکان اندر مکان آب و گل آمد
زہے اکرام و بخشش با دل پُر درد عرفانی

منم خاک قدوم سید السادات محبوبی
بسرِّ عبد رحمانم ریاضِ نجمؒ حقانی



Marfat.com

# قصیدہ

خدا کا بندہ وہی ہے حق پر نبیؐ کی جسکو ملی غلامی
ثبوت ایمان و دیں بظاہر صحیح خلافت ہے حق بنامی

بحرف قرآن ہے سارا عالم کتاب رحمت بہ عبد و مرسل
خود اپنی ہستی ہے ایک کلمہ بروح ناطق پئے سلامی

جو ہو کے مسلم بنیں منافق نبیؐ کی تعظیم کے ہیں منکر
بہ نفس ابلیس بے ہنر ہیں دلیل و حجت ہے بد کلامی

جو نور و ظلمت سے بیخبر ہے وہ غیر محرم ہے حق کا دشمن
دل اُن کا اندھا ہے اور بہرا کہ نفس ظالم ہے انتقامی

ریاضؒ نجمؒ السلامؒ میں ہے جو نور وحدت بشانِ رحمت
حبیبؐ اکرم کے دستگیری میں ہے غلاموں کی شادکامی



Marfat.com

# تصوف

ایک ہستی ہے نور سبحانی
شکل و صورت بحسن انسانی

مظہر ذات خالق یکتا
رحمت خلق حمد صمدانی

جوہر اصل گوہر خوباں
احدیت ہے مراد حقانی

بے نشاں کا نشاں بہ ختم رسلؐ
بالیقیں ہے کلام ربانی

جان و دل میں ریاضِؒ احمدؐ کے
بیمثالی ہے نجمِؒ روحانی



Marfat.com

# تبلیغ

فقط تعلیم ہوتی ہے مدرسوں میں اطاعت کی
کہ غافل نوجوانوں کو ضرورت ہے ہدایت کی

ضعیفی میں تجربہ خوب ہو جاتا ہے دنیا کا
بڑوں کی بات رد کرنا نشانی ہے حماقت کی

پُرانے پختہ کاروں سے ٹریننگ پاس کروانا
بڑی توہین ہے انساں کے عقل و ذہانت کی

کتابیں پڑھ کے کوئی کام بے سیکھے نہیں آتا
شعور علم و حکمت ہے ہنر مندی اطاعت کی



Marfat.com

غریبوں کی طرفداری و دلجوئی و ہمدردی
خدا کی عین خوشنودی میں لذت ہے عبادت کی

غلاموں کو مشقت سے جو کر دیتے ہیں مستغنیٰ
بڑی تعریف کرتے ہیں وہ آقا کے عنایت کی

بچو اے دوستو دنیا میں بیدینوں کی صحبت سے
بد اعمالی و غفلت میں ہے رسوائی قیامت کی

صداقت نیتوں میں دل کی پاکی دین وایماں ہے
نہیں بد بو ذرا بھی جسمیں شیطاں کے شرارت کی

ریاضؔ اللہ کی بخشیدہ نعمت حق پرستی ہے
کہ دانا قدر کرتے ہیں شریفوں کے شرافت کی



Marfat.com

# قصیدہ

حرص دیمک بہ قلب انسانی
خود نمائی ہے مکر شیطانی

ہے منافق بہ کفر و بے دینی
غافلوں میں ہے بغض نفسانی

اہل نا حق کو جس نے حق جانا
اُس کی مفقود ہے مسلمانی

علم باطن بہ نور عرفاں ہے
ظاہری علم ہے زباں دانی

پیر حق کو نہ جس نے پہچانا
ہو گی اک دن اُسے پشیمانی

نبیؑ و ولیؒ ہیں بہ قرب خدا
اُن کی صحبت ہے نور ایمانی

نجمؒ دیں ریاضؒ احمدؒ میں
نور قرآں ہے علم روحانی



Marfat.com

# تبلیغ

خود پرستی ہے جہل نادانی
بغض و کینہ غرور نفسانی

حرص دنیا فریب و حق پوشی
بالیقیں ہے یہ مکر شیطانی

علم و حکمت ہے جو کتابوں میں
با خدا ہے وہ فضل رحمانی

حرف و لفظوں میں ہے جو پوشیدہ
نور وحدت ہے مغز قرآنی



Marfat.com

غیر حق جو نبیؐ کو کہتا ہے
ہے وہ ابلیس دشمن جانی

ایک امیؐ لقب ہے جانوں میں
مظہر قدس نور صمدانی

باغ ہستی کے پھول و پھل میں ہے
حسن و خوشبو ضیائے نورانی

گوہر مدعا ہے عالم میں
میم احمدؐ کمال ربّانی

یا نبیؐ مصطفےٰؐ بروح رواں
نجمِؒ دینم ریاضِؒ عرفانی



Marfat.com

# تصوف

خدا کا ہے اقرار پیری مریدی
رسالت کا اظہار پیری مریدی

نبیوںؑ ولیوںؒ میں اللہ برتر
خدا کا ہے دیدار پیری مریدی

دلوں میں بہ اَسرار نور حقیقت
ودیعت ہے گلزار پیری مریدی

بہ عجز و حیا خلق و ایفائے وعدہ
وفا کی ہے تکرار پیری مریدی

شریعت ہے اللہ کا حسن ظاہر
خودی سے ہے انکار پیری مریدی



Marfat.com

بہ نور خلافت ہے عرفان ربی
مرادوں کا بازار پیری مریدی

اطاعت بہ اخلاص و اعمال حسنہ
محبت ہے انوار پیری مریدی

اُسی کو میسر ہے اصلی شرافت
ملا جس کو دلدار پیری مریدی

نہیں پاتا ہرگز وہ ایماں کی لذت
جو رہتا ہے بیزار پیری مریدی

نہیں جس کے دل میں محبت نبیؐ کی
اُسی کی ہے بیکار پیری مریدی

ریاضؒ تمنا بہ نجمؒ المعارف
ہے رحمت کی بوچھار پیری مریدی



Marfat.com

# تصوف

زیارت ہوئی جس کو ایمان کی
نبیوںؑ ولیوںؒ میں رحمان کی

کیا حق نے جس آئینہ پر جلا
وہ نورانی صورت ہے انسان کی

نگاہوں میں ہر وقت بینا ہے جو
تلاوت ہے وہ نور قرآن کی

ہے اسلام پر زندگی با خدا
صحیح اور سچے مسلمان کی

بہ ہجر نبیؐ کھو گیا جب ریاضؒ
تو اللہ نے مشکل آسان کی



Marfat.com

# معارف

ہوئی صاف ظاہر خدا کی خدائی
نبیوںؑ ولیوںؒ سے ہے حق نمائی

امانت خدا کی بہ تصدیق ایماں
خلافت ہے اسلام کی رونمائی

خدا ہی کی بخشیدہ یہ زندگی ہے
مُکرنا حقیقت سے ہے نیچائی

بہ حرص و ہوس دنیوی جاہ و حشمت
حسد کبر و نخوت میں ہے خود نمائی



Marfat.com

بزرگان دیں کا ہوا جو مخالف
بڑا بے ادب ہے وہ شیطاں کا بھائی

نہیں قدر دانی اگر اہل حق کی
یقینی یہ رحمت سے ہے بیوفائی

ہے عبرت ضروری خوشی اور غم میں
کہ دنیا میں ہے یہ سبق ابتدائی

بہ مہر نبوت ہوئی ختم حجت
کہ قرآں کا مقصود ہے انتہائی

بہ نجم المعارف ریاض النبی کی
برحمت ہوئی نور حق تک رسائی



Marfat.com

# تبلیغ

ہوئی نور وحدت کی جب دستگیری
خلافت بحق الیقیں ہے فقیری

نہ مغرور ہو غافلو مال و زر پر
کہ یہ چند روزہ ہے جھوٹی امیری

بزرگوں سے ٹھٹا جو کرتے ہیں اکثر
نہیں جانتے وہ بلائے اسیری

سزائے جہنم ہے گستاخیوں پر
تماشا نہیں ہے نبیؐ سے دلیری

نہ آئیگا کچھ کام محشر میں یارو
یہ فوج و سپہ اور زر کی کثیری

سفر آخرت کا ہے در پیش سب کو
ضعیفی کا ہے دور بالکل اخیری

ریاضؒ ہدایت زہے نجمؒ قرآں
ہوئی مصطفٰےؐ کی سراجاً مُنیری



Marfat.com

# تصوف

خدا کی شان قدرت کا مرقع ظرف نورانی
بشان عبد و مرسل ہے بہ شکل حسن انسانی

شہنشاہ جہاں واللہ مقصود خداوندی
اکیلا ہے خدائی میں بوحدت حمد صمدانی

نہ کوئی اُس کا ہمسر ہے نہ ہم پلہ نہ ہم بازو
ازل سے تا ابد ہے ایک بالتصدیق ایمانی

زمین و آسماں شمس و قمر تاروں کی نگہت میں
حبیبؐ کبریا کا نور ہے بالذات سبحانی



Marfat.com

یہ بینائی و شنوائی ذہانت اور گویائی
رسالت کی ہیں سب کرنیں برحمت فضل ربانی

مثالی طور پر انساں کو جانو تار بجلی کا
ربڑ کا خول ہے جس پر یہ خاکی جسم نفسانی

بشر ہے ریڈیو مُردہ نہ جب تک ہو کرنٹ اُس میں
کہ پاور ہاؤس کی طاقت ہے با اعجاز رحمانی

وہی ہے مظہر خوباں بہ عقل و ہوش و دانائی
اُسی کو زندگی کہتے ہیں جانوں میں بروحانی

وہ حاضر اور ناظر ہر جگہ موجود عالم میں
احد با میم احمدؐ ہے ریاضِ نجمؒ عرفانی



Marfat.com

# تصوف

پنجوقتہ نماز جسمانی
با خدا ہے غذائے روحانی

صوم رمضان صلوٰۃ و حب نبیؐ
زہد و تقویٰ ہے اکل نورانی

جس نے مانا نہ حکم خالق کا
اُس کا انجام ہے پشیمانی

حق و باطل کو جو پرکھ نہ سکا
بالیقیں ہے وہ نفس شیطانی

دل کے اندر نبیؐ کا جلوہ ہے
گھر خدا کا ہے قلب انسانی



Marfat.com

پیر و مرشد کو جس نے دیکھ لیا
اُس کی مقبول ہے مسلمانی

مظہر قدس با خلافت ہے
نور وحدت بہ ظرف رحمانی

انبیاءؑ اولیاؒ ہیں بندوں میں
حسن و خوشبو ضیائے حقانی

ایک امیؐ لقب ہے جان جہاں
محرم راز نور سبحانی

حسن طاعت خلوص و ہمدردی
با حیا ہے کمال ایمانی

نجمِ عرفاں ریاضِؒ احمدؐ میں
مصطفائیؐ ہے فضل ربانی



Marfat.com

# تصوف

خدائے پاک کی عظمت ہے سر پر تاج سرداری
خصوصی فضل و احساں ہے عطائے رحمت باری

پھنسے دنیا میں ایسے دین و ایماں کو بھلا بیٹھے
شیاطیں کے بنے خادم رہے غیروں کے درباری

خلافت حضرت آدمؑ کو بخشی حق تعالے نے
نہ مانا حکم ربی کو ہوا ابلیس انکاری

خدا نے نور وحدت کو نبوت کو رسالت کو
دو عالم میں کیا ظاہر بہ غفاری و ستاری

حضوری میں ریاضؒ اللہ اکبر نجمؒ عرفانی
حبیبؐ کبریا پُر نور ہے جانوں میں اقراری



Marfat.com

# ہدائت

خدائے پاک کا باغی ہے ظالم نفس شیطانی
بہ حرص و مکر و حق پوشی تغافل کبر و نادانی

بڑا بدبخت ہے ابلیس ناری رہزن ایماں
فریب و مکر سے افعال بد کا ہے یہی بانی

عبث ہے بغض و کینہ دوستو اللہ والوں سے
بہ عبرت ھٰذہٖ اعمٰی کا مانو حکم قرآنی

نبیوںؑ کی رسولوںؑ کی ولیوںؒ کی وراثت میں
خلافت نور ایمانی ہے رحمت فضل ربانی

ریاضؒ اللہ کے بندوں میں نجمؒ العارفاں ہو کر
حبیبؒ اللہ کا خادم ہے پُر اَسرار ایمانی



Marfat.com

# معارف

ایکہ نادان بہ نفس شیطانی
عمر ضائع مکن بہ نادانی

منکر باش و با حیا ہر دم
تا بہ آداب و خُلق انسانی

پاک و طاہر مکن ز کبر و خودی
جان و دل را بروح ایمانی

ہست قرآں مکین کون و مکاں
مصدر حسن و حمد صمدانی

بے نشان رابین بنام و نشاں
صدر و بدر کمال ربانی

بالیقیں شد نگار ختم رسلؐ
بے بدل بے نظیر و لاثانی

مطلع نور ذاتِ پاک نبیؐ
نجمِ رحؒ دینم ریاضِ رحؒ حقانی



Marfat.com

# تصوف

خدا کی محبت ہے حبِ نبیؐ
کہ قرآں ہے نطق زبان وحی

اُسی کی شعاعوں سے ہے زندگی
بصدیقؓ و فاروقؓ و عثماںؓ علیؓ

نبیوںؑ ولیوںؒ سے با نور حق
خدا کی خلافت ہوئی منجلی

نبیؐ کی غلامی جسے مل گئی
سرِ دین و ایماں ہے وہ متقی



Marfat.com

بہ تعظیم و تکریم اہلِ وفا
حضوری میں ہیں با خدا بے خودی

ادب حسن و اخلاق و عجز و حیا
دل و جاں میں روح رواں ہے خوشی

نہیں معرفت جس کو اللہ کی
اُسی کو دو عالم میں ہے بے کلی

خدا کی امانت ہے صدق و یقیں
چمن میں مسرت کے پھول و کلی

ہے امیؐ لقب ایک نجمؒ الہدیٰ
ریاضؒ النبیؐ با خفی و جلی



Marfat.com

# تبلیغ

مخالف حق تعالےٰ کا ہے ظالم نفس شیطانی
خبیثوں میں وہی خناس ہے ہمزاد انسانی

بڑا ہی بے ادب گستاخ موذی حق کا دشمن ہے
اُسی کے وسوسوں میں پڑ کے یہ دنیا ہے دیوانی

بُری خو حرص و لالچ بغض و کینہ خود پرستی ہے
بجق پوشی و خود بینی حسد ہے جہل و نادانی

شیاطیں دشمن ایماں جو گمراہی سکھاتے ہیں
خدا نے عقل بخشی تا نہو بندوں کو حیرانی

کمال ذوالجلالی رحمت عالم کے پردوں میں
جمال مصطفائیؐ ہے ریاضِؒ نجمِؒ عرفانی



Marfat.com

# معارف

حق تعالٰے کے زیر نگرانی
ذرہ ذرے سے ہے خدادانی

وحدۂ لاشریک روح رواں
ایک ہستی ہے ذات صمدانی

دونوں عالم میں با ظہور اتم
فضل و رحمت کی ہے فراوانی

کون پردوں میں چھپکے ظاہر ہے
کِس تجسس میں ہے پریشانی

دل کی آنکھوں نے رب کو دیکھ لیا
خوب سرمہ ہے نور قرآنی



Marfat.com

غیر محرم خدا کو کیا جانے
خود نمائی ہے شرِ شیطانی

اُسجدو پر شعور دینداری
امر ربی ہے جانچ ایمانی

خانۂ دل ہے پیر کا حجرہ
ظرف خاکی ہے نفس انسانی

جینا مرنا ہے کیا جزا و سزا
رنج و راحت میں کیوں ہے حیرانی

ذرۂ اختیار کیا شے ہے
کس کی قدرت ہے حکم ربانی



Marfat.com

کام دنیا کا خوب کرتے ہیں
اہلکاران عالم فانی

عدل و انصاف سے جو غافل ہے
جاہلوں کی ہے عقل دیوانی

حق و باطل کو جو سمجھ نہ سکا
عقلمندی ہے اُس کی نادانی

زندگی موت سے جو واقف ہے
اُس کی طاعت ہے پاک دامانی

مصطفائیؐ ہے شان محبوبی
نجمِؒ دین ریاضِؒ عرفانی



Marfat.com

# تصوف

بحمد اللہ الا اللہ حمد ذات ربانی
حبیبؐ کبریا ہے بالیقیں محبوبؐ سبحانی

شہنشاہ دو عالم مظہر اللہ برتر ہے
بہ اسرار خداوندی کلام وحی قرآنی

ضیائے نور ظِلّ نور وحدت پیر و مرشد ہے
برحمت فضل صمدانی کمال حسن انسانی

مقام برزخ کبریٰ زیارت گاہ عالم ہے
مدینہ اور مکہ مظہر اعجاز رحمانی

بہ صرف ونحو ابجد خواں ہیں غافل دین وایماں سے
نہیں وہ جانتے بالکل کلام اللہ کے معنی

حضوری حق تعالےٰ کی دلوں میں مدعا ہو کر
شہود لایزالی ہے ریاضِؒ نجمِؒ عرفانی

ریاضِؒ نجمِؒ دین احمدیؐ اللہ کا بندہ
رسولِؐ پاک کے قدموں میں ہے با نور ایمانی



Marfat.com

# تصوف

قدر و قیمت مصطفیٰؐ کے نورِ بسم اللہ کی
دین و ایماں ہے محبت دل میں حق اللہ کی

وحدۃ المقصود ہے واللہ حسن کبریا
مظہر اللہ ہے وحدت حبیبؐ اللہ کی

درمیاں لا و اِلّا ہے اِلٰہ العالمین
کلمۂ طیب میں ہے عظمت رسولؐ اللہ کی

انبیاءؑ و اولیاءؒ دنیا میں آئے اس لئے
تا دکھادیں روشنی جانوں میں اِلّا اللہ کی

پند و عبرت کا سبق ہے چند روزہ زندگی
اہل غفلت نے کیا تکذیب حق اللہ کی

حرص دنیا کے سبب سے حق نظر آتا نہیں
اس لئے کرتے نہیں تصدیق اہل اللہ کی

با ریاضِؒ احمدیؐ نجمؒ السلامؑ سرمدی
نور جاں قرآن ہے تفسیر بسم اللہ کی



Marfat.com

# ہدائیت

بظاہر نفس کو مرغوب ہے دنیا کی سرداری
مگر اللہ والوں کے لئے علت ہے زرداری
سمجھتے ہیں جو اپنے آپ کو بہتر غریبوں سے
وہی شیطاں کے پیرو ہو کے کرتے ہیں دل آزاری
مسلط ہے سروں پر جن کے ظالم نفس امارہ
غم و اندوہ کی رہتی ہے اُن پر گرم بازاری
کھرے کھوٹے کسوٹی پر کسے جاتے ہیں دنیا میں
کہ ثابت ہو خدا کے سامنے اخلاص و دینداری
خلافت امتحانی جانچ تھی ابلیس کے حق میں
خدا کے حکم سے پھرتے ہی ظالم ہو گیا ناری
نبیوںؑ کی ولیوںؒ کی خلافت کا جو منکر ہے
بڑا خطرہ ہے حق پوشی میں شیطاں کی طرفداری
حبیبؐ کبریا واللہ نجمؒ الدین احمدؒ میں
خدا کے نور وحدت کا ریاضؒ احمدؒ ہے اقراری



Marfat.com

# تصوف

آداب خوش خصالی ہے عجز و انکساری
خُلق و حیا محبت ہے خاص فضل باری

علم و ہنر بہ حکمت اللہ کی امانت
عرفان حق تعالیٰ رف رف کی ہے سواری

نُطق زباں سے اعلیٰ عقل و گماں سے بالا
جانوں میں نور وحدت ہے راز دینداری

آتے نہ گر پیمبرؐ عالم میں ہو کے رہبر
ہم بے کسوں کی ہوتی ہرگز نہ غمگساری

حرص و خودی بخالت ہے نفس کی نجاست
دنیا کی گندگی سے ہے دل کو بے قراری

کیونکر ادا کروں اب اے رب میں شکر تیرا
کرتا ہے تو جو ہر دم بندوں کی پاسداری

نجمؔ السلامؔ ہو کر دل میں ریاضؔ احمدؐ
واللہ مصطفےٰؐ کی بے حد ہے انتظاری



Marfat.com

# تصوف

بے نشاں کا نشاں ہے نورانی
فہم و ادراک عقل روحانی

نطق انساں خیال و بینائی
حسن و خوشبو ہے ظِلِّ سبحانی

پُر ضیا ہے جو روشنی ہر سو
نور وحدت کی ہے درخشانی

کل ستاروں میں چاند کی عظمت
ہے رسالت بجمد صمدانی



Marfat.com

شان قدرت کمال رعنائی
حق و باطل میں ہے خدادانی

جینا مرنا و جاگنا سونا
کیوں ہے دنیا میں اُس کی گرانی

پُر جلالی ہے حق سے بے خوفی
خود پرستی میں ہے پریشانی

زر کی لالچ میں دل جو مردہ ہے
نفس کی خوئے بد ہے دیوانی

نجمِ دیں ہے ریاضؒ کی ہستی
مصطفائیؐ جمال قرآنی



Marfat.com

# تصوف

کیا پہیلی ہے زندگی اپنی
موت کے بعد زندگی اپنی

نیک و بد کیا ہے جاگنا سونا
حق پرستی ہے زندگی اپنی

لا پتہ کا پتہ ہے جانوں میں
خوب پردہ ہے زندگی اپنی

چشم و گوش و زباں و دانائی
کس کا جلوہ ہے زندگی اپنی

خاکی پتلہ جو اک کھلونا ہے
کیا تماشہ ہے زندگی اپنی



Marfat.com

حسن و خوشبو سراغ ماہ جبیں
رازداری ہے زندگی اپنی

موت کو بھی تو ہم سمجھ نہ سکے
کیا خبر کیا ہے زندگی اپنی

خود پرستی بہ نفس ناداں ہے
خوابِ غفلت ہے زندگی اپنی

اہل دنیا ہیں مردہ دل انساں
خود وہ کھوتے ہیں زندگی اپنی

کچھ نہیں کا مقام فانی ہے
نور وحدت ہے زندگی اپنی



Marfat.com

ریڈیو بکس میں دھرا کیا ہے
بوجھو کیونکر ہے زندگی اپنی

ٹوٹی کشتی فنا کے دریا میں
ایک طوفاں ہے زندگی اپنی

نفس تاریک دل ہے نورانی
روز روشن ہے زندگی اپنی

اپنے مرشد پہ ہو کے میں قرباں
محو حق کی ہے زندگی اپنی

نجمؒ دینِ ریاضؒ کی باتیں
کیا اشارہ ہے زندگی اپنی



Marfat.com

# ہدائت

لڑکپن گزر کر جوانی جب آئی
تو ابلیس نے خوب پٹی پڑھائی
کیا نفس نے اِسقدر دور حق سے
بجز خود سری کے اُسے کچھ نہ بھائی
رہا روبرو جنگجو وہ ہمیشہ
بدی ہے وہ امارہ با خود نمائی
جدھر دیکھو ہر سمت ہے نور برپا
بِلا وجہ جھگڑا ہے نا حق لڑائی
اکڑتا جو پھرتا ہے مغرور ہو کر
بگھر جائے گی ایک دن سب مُٹائی
بچو دوستو نفس و شیطاں ہے دشمن
کہ ہے خود پرستی میں ساری برائی
ریاضِ ہدایت بہ نجمؔ المعارف
نصیحت کے پردوں میں ہے حق نمائی



Marfat.com

# تبلیغ

رب نے چاہا کرے خدائی دم میں جوت دیو چمکائے
ایشور روپی برہم کہا کے دنیا سگری دین رچائے

روپ دکھایو بھید چھپایو اوتارن کے بیچ
نبیؐ محمدؐ رام رحیما مکتی کھیل سکھایو آئے

اپرم لیلا کھیل کھلونا جیَن مَرن دکھ چین
بُھول بُھلیاں لڑ کے جورُ و چنتو و نہ دھوکا کھائے

دیو بھوانی دھرم کے بیری کام کُرودہ کے بیر
لوبھی مور کہہ بڑا ابھاگی پاپی کریو نرکھہ میں جائے

پاپی پُنی سب کا داتا سب کی رکچھا کرنن ہار
گیان دھرم کی پُستک لا کے قرآن بانی دیو سنائے

سَت مت یوگ بچن سنا کے سچی پریت کی ریت بتا کے
الَّا اللہ کا جاپ سکھا کے ہردے بھیتر گیو سمائے

نینن جوت بھیو مُکھہ درشن نجمؒ ولی کے دوار
گیانی جیون برہم ریاضیؒ نبیؐ کے چرنن میں سُکھہ پائے



Marfat.com

# تصوف

ہم تم سوامی ایک ہیں کہن سُنن کو دوے
من سے من کو تولئے دو من کبھی نہ ہوئے

کجرا دُوں تو کرکرائے سُرمہ دیا نہ جائے
جن نینن میں پیو بسیں دوجا کون سمائے

پاتی تو میں جب لکھوں کہ پیو ہوئن پردیس
تن میں من میں نینن میں واکو کون سندیس

جیون کعبہ بن پرچھائیں ہردے بہیتر ہیں سرکارؐ
دونوں جگ میں نبیؐ محمدؐ ایشور جوتی برہم اوتار

پرم پدم استھان اوش ہے مکتی گیل مدینہ راج
سوتھل بھوم عرب کہاوے مکہ دیس سمندر پار

دھرم کرم کی شکچھا مانو گیانی پستک ہے قرآن
رشی منی سب ولیؒ پیمبرؑ احمدِؐ مُرسل سُرجن ہار

ہردے نینن آئے برا جو چین نہیں دن رات
نجمِؒ ریاضؒ اب پریم کے بس میں پڑو ہے رب کے دُوار



Marfat.com

# حمد

اللہ کی قدرت کیا کہیئے توحید کی عظمت کیا کہیئے
ایمان کی لذت کیا کہیئے اسلام کی دولت کیا کہیئے
بیمثل ہے اسکی ذات جلالی دونوں جہاں میں سب سے نرالی
نور مجسم حسن جمالی سیرت و صورت کیا کہیئے
مظہر حق وہ جان جہاں وہ رحمت عالم روح رواں
اسکے جلوہ سے روشن کون و مکاں یہ رفعت و حکمت کیا کہیئے
معراج کی شب یہ راز کھلا جب نور سے جا کے نور ملا
جو دینا تھا سب کچھ حق نے دیا اسرار حقیقت کیا کہیئے
کیا خوب ہوا محبوب خدا مرغوب خدا مطلوب خدا
فضل خدا با جود و سخا وہ مالک جنت کیا کہیئے
برزخ کبریٰ ظرف مجلیٰ نور کا پتلہ نعمت عظمیٰ
دونوں جہاں کا آقا و مولیٰ چشم بصیرت کیا کہیئے
ہو کے سوالی حضرت آدمؑ نور ابد کے ہو گئے محرم
ہے وہ ریاضؔ دعائے معظم نجمؔ ودیعت کیا کہیئے



Marfat.com

# تصوف

قسم ہے خدا کی خدا ایک ہی ہے
حبیبِ خدا مصطفٰے ایک ہی ہے

ہمہ بے ہمہ باہمہ نورِ وحدت
دو عالم میں شمس الضحیٰ ایک ہی ہے

اُسی کی شعاعیں ہیں نورانی کرنیں
ستاروں میں بدرُ الدجیٰ ایک ہی ہے

شریعت ہے جو شے اولی الامر منکم
حقیقت میں نجم الہدیٰ ایک ہی ہے



Marfat.com

مہکتا ہے جو صاف اُس پھول و پھل میں
گلوں میں وہ نازک ادا ایک ہی ہے

نہ جانا خدا کو کسی غیر حق نے
حسینوں میں جس کا پتہ ایک ہی ہے

ہے اللہ اکبر جو بیمثل و یکتا
وہ کثرت میں بھی برملا ایک ہی ہے

ہے پردہ نشیں جو رسولوںؑ میں چھپ کر
دلوں میں وہی مدعا ایک ہی ہے

ریاضِؒ معارف کا انمول گوہر
جہاں میں دُرِ بے بہا ایک ہی ہے



Marfat.com

# تبلیغ

بوجھے کوئی پہیلی انسان کے پاس کیا ہے
اک موت ہے یقینی جینے کی آس کیا ہے

بندے ہیں سب خدا کے کافر ہو یا مسلماں
حق کا ثبوت لیکن مومن کے پاس کیا ہے

مُوتو بہ اَن تموتو کیونکر ہے مر کے جینا
رحمت کے رہبری میں خوف و ہراس کیا ہے

غافل کی زندگی میں مُردہ ہے خود پرستی
حق پر نہ جسنے جانا ہوش و حواس کیا ہے

بیمثل و بے نشاں ہے ادراکِ مصطفائیؐ
وہم و گماں سے بالا عُلمی قیاس کیا ہے

مظہر بحسن و خوشبو نیرنگ پُر جمالی
اللہ کا حقیقی نوری لباس کیا ہے

نجمؒ السلامِؒ اخفیٰ انیؒ ریاضِؒ احمدؐ
بندوں میں نورِ وحدت جوہر شناس کیا ہے



Marfat.com

# معرفت

بحمداللہ جانوں میں امانت با کرامت ہے
خدا کی ذات برتر خاتم شانِ رسالت ہے

فنائے نفس امّارہ بقائے مُطمئِنہ ہے
اطیعو المصطفےٰؐ واللہ نورانی صداقت ہے

مدارِ زندگی اسلام ہے عرفانِ ربانی
سمجھنا کلمۂ طیب کا روحانی عبادت ہے

بہ اوصاف حمیدہ لااِلٰہ مظہر اِلاّ
کلام حق بہ امر اللہ انسانی شرافت ہے

ریاضؒ نجمؒ اک ذرہ ہے اَسرارِ حقیقت کا
دُرِ انمول ایمانی خداوندی امانت ہے



Marfat.com

# نعت

بحمد اللہ بسم اللہ نورانی محمدؐ ہے
بہ رحمٰن و رحیم آخر خدا دانی محمدؐ ہے

نہیں ہے لا اِلٰہ غیر کَ میں معرفت بالکل
کمال عبد کی شانوں میں پیشانی محمدؐ ہے

حبیبِ کبریا واللہ ذاتِ پاک محبوبی
بہ ظرفِ نفس اِلّا اللہ روحانی محمدؐ ہے

صفیؑ اللہ نجیؑ اللہ کلیمؑ اللہ و روحؑ اللہ
بہ توریت و زبور انجیل قرآنی محمدؐ ہے



Marfat.com

وہی اُمیؐ لقب ہو کر وہی خیرالبشرؐ ہو کر
بشان حمد علیین سُبحانی محمدؐ ہے

وہی بیمثل و یکتا مظہر اللہ برتر ہے
وہی جانوں میں عقل و ہوش لاثانی محمدؐ ہے

حسینوں میں اُسی حق الیقیں کی سیرت وصورت
گلوں میں رنگ وخوشبو ہو کے پُر معنی محمدؐ ہے

خدا کا حسن عالم میں یقینی روز روشن ہے
کہ خوشبو گلشن ہستی میں حقانی محمدؐ ہے

رسولوںؑ میں نبیوںؑ میں ولیوںؒ میں پسِ پردہ
ریاضِؒ نجمؒ دین واللہ ایمانی محمدؐ ہے



Marfat.com

## تبلیغ

بہت دور سے ہم ہیں آئے ہوئے
شیاطیں سے بازی لگائے ہوئے

پہلوان ہیں دنگل میں جن و بشر
اکھاڑہ میں دنیا کے آئے ہوئے

ایدھر روحِ ناطق اُدھر دیو نفس
ہیں دونوں خدا کے بنائے ہوئے

لڑینگے جو ہمزاد سے اہل حق
وہ ہیں نیک و بد سب سکھائے ہوئے

زبردست کشتی میں دونوں جہاں کے
بہت زور و طاقت ہیں پائے ہوئے

جو حق پر ہے پائیگا اللہ سے
محل باغِ جنت سجائے ہوئے



Marfat.com

طرفدار انساں ہیں سارے نبیؐ
صحیح علم قرآن سکھائے ہوئے

نبیؐ و ولیؒ ہیں نہایت جری
دلوں میں خدا کو چھپائے ہوئے

ہیں اللہ والے نبیؐ پر فدا
خودی کو خدا پر مٹائے ہوئے

پچھاڑا بزرگوں نے ابلیس کو
جو رحمت سے ہیں لو لگائے ہوئے

حبیبِؐ خدا اشرفِ انبیاءؑ
رسولوںؑ میں ہیں چھپکے آئے ہوئے

ہے ایماں کا دشمن بڑا بے ادب
کمینوں کی صحبت اُٹھائے ہوئے

جو باغی ہے سرکش ہے اللہ سے
وہ رہتا ہے تیور چڑھائے ہوئے



Marfat.com

حسد کبر و لالچ کی لنگی سے وہ
ہے ناداں کو نیچے گرائے ہوئے
خودی بُغض و کینہ فریب و دغا
یہی داؤں ہے وہ چلائے ہوئے

پھنسا وسوسوں میں جو خنّاس کے
یقینی وہ دھوکا ہے کھائے ہوئے
خباثت ہے جس کے دلوں میں بھری
وہ ظالم ہے طوفاں مچائے ہوئے

شیاطین کا قیدی گیا جیل میں
گناہوں کی گٹھری دبائے ہوئے
وہی بے حیا اور گستاخ ہے
جو غیروں سے ہے دل لگائے ہوئے

فسادی ہیں دنیا میں بیحد بُرے
مصیبت کے مارے ستائے ہوئے



Marfat.com

خودی کا پجاری ہے ہارا ہوا
شریفوں سے پہلو بچائے ہوئے

بہت علم پڑھ کر جو مغرور ہے
وہ ابلیس ہے مونہہ کی کھائے ہوئے

وہی ہو گا محشر میں بے آبرو
جو مالک سے ہے مونہہ چُرائے ہوئے

ہے اپنی ہی مرضی سے نیکی بدی
جو اعمال جس کو ہیں بھائے ہوئے

جو دانا ہیں رہتے ہیں خلوت گزیں
بُرائی سے دامن بچائے ہوئے

غریبوں کے مولےٰ ہیں اُمیؐ لقب
ردائے محبت اُڑھائے ہوئے

ریاضؒ گدا یا نبیؐ مصطفےٰؐ
ہے قدموں میں سر کو جھکائے ہوئے



Marfat.com

# تبلیغ

خبر ہے کہ ابلیس کیا کر رہا ہے
وہ بندوں کو حق سے جُدا کر رہا ہے

غضب کر رہا ہے ستم کر رہا ہے
بہ غفلت خدا سے دغا کر رہا ہے

خباثت ہے ظالم کی کبر و حسد میں
وفاؤں کے بدلے جفا کر رہا ہے

لیا ہے فقیروں نے جس دن سے گوشہ
اُسی دن سے شیطاں مزا کر رہا ہے



Marfat.com

نہیں مانتا جو خدا کے نبیؐ کو
وہ اپنے لئے خود بُرا کر رہا ہے

اکھٹا کرے گا خدا سب کو اِک دن
عدم کی جو بستی فنا کر رہا ہے

قیامت میں ہر شخص دیکھے گا حق کو
کہ سب فیصلہ خود خدا کر رہا ہے

اُسی کو خدا دے گا فردوسِ جنت
عبادت کا جو حق ادا کر رہا ہے

ریاضِؒ محبت بہ نجمؒ المعارف
دل و جاں کو حق پر فدا کر رہا ہے



Marfat.com

# معرفت

لا کی ہستی لام الف تک جینے مرنے کیلئے
ہے ضروری حق پرستی کام کرنے کیلئے

کلمۂ طیّب کی ہے تعلیم حرفِ عبدہٗ
جبکہ اول کفر ظاہر ہے مُکرنے کیلئے

جس نے بوجھا لااِلٰہ کو فنا فی المصطفٰیؐ
ہے الف اِلَّا کا مظہر راہ چلنے کیلئے

عالم ایجاد میں ہر چیز ہے اللہ کی
جان و دل میں نور ایماں ہے نکھرنے کیلئے

دُنیوی حرص وحسد ہے نفس وشیطاں کی خودی
ہے یہ منزل غیر حق سے بچ کے چلنے کیلئے

بالیقیں اعمالِ صالح پر شعور زندگی
خیر و شر با راز حکمت ہے سنورنے کیلئے

ہے ریاضِؒ احمدیؒ واللہ نجمؒ العارفاں
مصطفائیؐ شان میں قرآن پڑھنے کیلئے



Marfat.com

# نعت

دلوں میں یقینی جو رشکِ قمر ہے
وہی ایک عالم میں با خیر و شر ہے

وہ شمس الضحیٰ ہے وہ بدرالدجیٰ ہے
فنا و بقا میں وہ خیر البشر ہے

دو عالم میں ہے حرف لا ابتدائی
کہ پتلی میں آنکھوں کے نور بصر ہے

چھپا لام الف ہے عدم کے خودی میں
نفی میں الف لام جانِ بشر ہے

اِلٰہ بہ اِلّا ہے اللّٰہ اکبر
سرِ مدعا خالقِ بحروبر ہے

مکمل ہے جو کلمہٴ طیبہ
ظہورِ اتم کا وہ علم و ہنر ہے

ریاضِ تمنّا بہ نجم المعارف
رسولوں میں مقصود پیش نظر ہے



Marfat.com

# مناجات

طیبہ والے آقا کے قدموں میں جائینگے
اپنے پیارے مولےٰ کے چرنوں میں جائینگے

کعبہ کو جائینگے طیبہ کو جائینگے
روضۂ مبارک پہ چادر چڑھائینگے

اپنے پیارے مولےٰ کے قدموں میں جائینگے
بطحا والے آقا کے چرنوں میں جائینگے

ڈُھونی رمائینگے آسن جمائینگے
خاکِ مدینہ کا سُرمہ لگائینگے

طیبہ والے آقا کے چرنوں میں جائینگے
اپنے پیارے مولےٰ کے قدموں میں جائینگے



Marfat.com

بگڑی بنائینگے اُجڑی بسائینگے
سوتے مقدر کو اپنے جگائینگے

اپنے پیارے آقا کے قدموں میں جائینگے
طیبہ والے مولٰے کے چرنوں میں جائینگے

جلوہ نبیؐ کا دیکھیں گے ہر دم
اپنے خدا ہی سے دل کو لگائینگے

بطحا والے آقا کے قدموں میں جائینگے
اپنے پیارے مولٰے کے چرنوں میں جائینگے

جا کر ریاضؒ ہم مولٰے کے در پر
مکہ مدینہ سے واپس نہ آئینگے

طیبہ والے آقا کے قدموں میں جائینگے
اپنے پیارے مولٰے کے چرنوں میں جائینگے



Marfat.com

# مناجات

اے رب میں بندہ تیرا ہوں غربت کے سامنے
عاجز بہت حقیر ہوں قدرت کے سامنے

از بسکہ ہوں غریب نہایت گناہ گار
ادنیٰ غلام شافعِؐ امت کے سامنے

رحمت کا حلم ہے جو عنایت ہے کفر پر
ورنہ مجال تھی تری عظمت کے سامنے

جُرموں کو میرے بخش دے اے خالقِ جہاں
مولےٰ قصور وار ہوں رحمت کے سامنے

ہجر نبیؐ میں اے مرے اللہ پاک ذات
مضطر بحالِ زار ہوں فرقت کے سامنے



Marfat.com

گریہ کناں فراقِ رسولِؐ کریم میں
خستہ جگر ہوں عشق و محبت کے سامنے

ہے ٹکٹکی لگی ہوئی تیرے ہی فضل پر
شوقِ نگاہ چشم بصیرت کے سامنے

دیدارِ مصطفیٰؐ کی تمنا وصالِ حق
دل میں یہی مراد ہے عزت کے سامنے

دستِ سوال دامنِ حسرت و راز ہے
پیشِ کریم قاسمِ نعمت کے سامنے

احمدؐ میں میم حمد احد ہے محمدیؐ
دُرِّ یتیم حسنِ عقیدت کے سامنے

واللہ ساری خَلق میں ذی جاہ و ذوالکرمؐ
حق الیقیں ہے صاحبِ رفعت کے سامنے



Marfat.com

ارفع بہت ہے شان غفورالرحیم کی
اے مظہرِؐ اتم ترے عظمت کے سامنے

جن و بشر ہیں سارے ملائک سجود میں
محبوبؐ ذوالجلال کے وحدت کے سامنے

ہر سو ترا جمال ہے عالم میں با ہنر
پردوں میں بے نقاب شریعت کے سامنے

بیمثال و با کمال نبوت بروح کُل
مرسلؐ بہ عبدہٗ ہے طریقت کے سامنے

کیونکر نہ ہوئے خَلق طلبگارِ مصطفٰےؐ
سب کا تو ہی وکیل ہے قسمت کے سامنے

مشتاق ہے ریاضؔ بہ نجمؔ السلامؒ حق
ذوقِ وصال نور حقیقت کے سامنے



Marfat.com

# تصوف

جو نوراً علیٰ نور رب العلا ہے
خودی میں خدا خود حبیبؐ خدا ہے

ظہور اتم ہو کے اللہ برتر
رسولوںؑ میں امیؐ لقب مصطفیٰؐ ہے

وہ شمس الضحیٰ ہے بہ شان رسالت
کلام وحی نور بدرالدجیٰ ہے

دو عالم میں قدرت کے صنعت گری کو
وہی دیکھ سکتا ہے جو با خدا ہے



Marfat.com

صداقت ہے ایمان و دیں کی نشانی
کہ حسن وفا پُر ضیا با حیا ہے

نبیوںؑ کو نورانی جامہ پہنا کر
خدا اپنے بندوں سے چھپ کر ملا ہے

خدا کی حضوری نبیؐ کی سلامی
نمازوں میں دیدار حق برملا ہے

نبیؐ پیر و مرشد خدا دل کے اندر
بہ میم احد ایک ہی مدعا ہے

نبیؐ کے غلاموں میں روز ازل سے
بہ نجمؔ السلامیؔ ریاضِؔ گدا ہے



Marfat.com

# معارف

اللہ پاک ذات مرے دل میں نور ہے
ادراک فہم و ہوش سراغِ حضورؐ ہے

ایمان و دین بہ عقل و حیا خُلق و راستی
صدق و یقین بحسنِ وفا پُر سرور ہے

اللہ کا حبیبؐ برحمت ہے روحِ جاں
جانا نہ جس نے نور کو حق سے وہ دور ہے

نعمت خدا کی شاہد و مشہود بالیقیں
واللہ بے دلیل تجلی بہ طور ہے

عشقِ نبیؐ میں جو بہ ادب با خدا رہا
واللہ با وقار وہی با شعور ہے

بے نوش ہوں میں کوثرِ دیدار مصطفٰےؐ
جامِ نگاہ ناز شرابًا طہور ہے

نجمؔ السلامؒ کا ہے ریاضِؔ محمدیؐ
یادِ خدا میں اسلئے رہنا ضرور ہے



Marfat.com

# معارف

نور وحدت جان و دل میں خالق تقدیر ہے
حق تعالیٰ کا ہے فوٹو علم کی تصویر ہے

امر بالمعروف حق تنظیم ختم المرسلین
پاک و طاہر ظرف خاکی عشق کی زنجیر ہے

چشم گوش و ہوش دانائی کلام جانفزا
گلشن ہستی کا ہر غنچہ بہ شیر و شِیر ہے

جسم خاکی نفس ناری روح ناطق جان و دل
حسن قرآن یا نبیؐ نورانی اپنا پیر ہے

مظہرِ اُمیؒ ریاضؒ نجمؒ السلامی ضیا
اللہ کی جاگیر ہے ایمان کی تفسیر ہے



Marfat.com

# نعت (تصوف)

زندہ ہے دو عالم دُرِ انوارِ نبیؐ سے
واللہ خدا ملتا ہے اقرارِ نبیؐ سے

گُل پیرؒ و پیمبرؑ ہوئے اللہ کے مظہر
دیدارِ خدا ہوتی ہے دیدارِ نبیؐ سے

آدمؑ کی خلافت ہے رسالت کی گواہی
اس واسطے رحمت کی ہے بوچھار نبیؐ سے

دشمن جو خلافت کا ہے منکر ہے خدا کا
کافر ہوا جس نے کیا انکار نبیؐ سے

ابلیس نے منہ پھیر لیا پیر سے اپنے
اللہ کا انکار ہے انکار نبیؐ سے

بدبخت ہے ابلیس بزرگوں کا مخالف
کرتا ہے عبث حجت و تکرار نبیؐ سے



Marfat.com

ہر ذرہ میں اعجاز رسالت کی کرن ہے
بینا وہی گویا ہوا سرکار نبیؐ سے

کس کی ہے چمک شمش و قمر تاروں میں ہر سو
ہر شے کو ملی روشنی اظہارِ نبیؐ سے

الطاف و کرم بخشش و انعامِ الٰہی
بینائی ملی آنکھوں کو انوارِ نبیؐ سے

جانوں میں ہے جو عقل و ذکا روحِ رواں ہوش
پُر نور وہ کرنیں ہیں گُہر بارِ نبیؐ سے

جانا نہ کسی غیر نے اللہ کو دل میں
بندوں میں جو اک موت ہے اَسرارِ نبیؐ سے

جانوں میں جو ہے روح پسِ پردہ دلوں میں
با عقل و ذکا ہوش ہے اسرارِ نبیؐ سے

والنجمؒ کے گلشن میں ریاضؒ احمدِؐ مرسل
پھولوں میں وہ اک پھول ہے گلزارِ نبیؐ سے



Marfat.com

# ہدائت

نہ مانے جو خدا کو حق تعالیٰ سے جو پھر جائے
یقیں ہے دین وایماں کھو کے وہ گمراہ ہو جائے

خدا کے حکم پر ابلیس اپنے علم ظاہر پر
مُقدم جانکر آدمؑ کے آگے کیسے جھک جائے

موحّد تھا معلم تھا بڑا عابد بڑا زاہد
فرشتوں پر فضیلت پا کے کیوں خاکی سے دب جائے

غرور اسدرجہ تھا ظالم کو اپنے علم و منصب پر
عداوت باندھ لی آدمؑ سے خواہ دوزخ میں گر جائے

لگا جب تازیانہ نفس پر الحقؒ مُرؒ کا
خباثت کیوں نہ پھر ابلیس کی غصہ میں بڑھ جائے



Marfat.com

کمر کس کر بڑی ہمت سے یہ ملعون دنیا میں
مقابل آ گیا تا خوب انسانوں کو بہکائے

ہزاروں میں بڑی مشکل سے کوئی جیت پاتا ہے
بِلا امداد مرشد کیسے کوئی اس سے بچ جائے

خلافت دیکھ کر آدمؑ کی جنت میں اولوالعزمی
حسد کی آگ میں جَل بُھن کے کیوں شیطاں نہ گل جائے

میں قرباں اپنے پیارے مصطفےٰؐ کے دستگیری پر
گنہگاروں کے ہمدردی میں جو تشریف لے آئے

اُسی محبوبؐ کا صدقہ کرم ہے فضل و احساں ہے
غلامی نور کی بخشی کہ بندہ حق سے مِل جائے

ریاضِؒ ناتواں بے چین ہے از بسکہ اے مولیٰ
نبیؐ کے پاک قدموں پر فنا ہو کر بقا پائے



Marfat.com

# ہدائیت

سب دلائل ہیں کافروں کیلئے
حجتیں ہیں منافقوں کیلئے

آج کا کام چھوڑنا کل پر
ہے مصیبت یہ کاہلوں کیلئے

دل میں دُنیا کی گر محبت ہے
زر پرستی ہے جاہلوں کیلئے

کفر توڑو محض دلیلوں سے
علم و دانش ہے قابلوں کیلئے

وسوسوں میں ہے شرِ شیطانی
ہے تذبذب منافقوں کیلئے



Marfat.com

نور حاصل کرو بزرگوں سے
ہے نصیحت یہ غافلوں کیلئے

لطف و اکرام و فضل رحمانی
زہد و تقویٰ ہے عابدوں کیلئے

رسمِ آداب سے جو واقف ہیں
حسنِ طاعت ہے مومنوں کیلئے

جن کا اللہ پر بھروسہ ہے
سر بلندی ہے شاکروں کیلئے

ہونگے مسرور باغِ جنت میں
ہے بشارت یہ صابروں کیلئے



Marfat.com

جن کو اللہ سے محبت ہے
دردِ فرقت ہے عاشقوں کیلئے

جن کو بخشش کا مِل گیا مُژدہ
ہیں وہ مخصوص نعمتوں کیلئے

اہلِ ایماں بَری ہیں حجت سے
نورِ قرآں ہے عارفوں کیلئے

عجز میں بندگی خدا کی ہے
رازداری ہے کاملوں کیلئے

دی غلامی ریاضؒ کو حق نے
پند و عبرت ہے عاقلوں کیلئے



Marfat.com

# ہدائت

جہل و خودی تفاخر ظلمت کا راستہ ہے
کبر و حسد دلیری شیطاں کا راستہ ہے

ہیں موت سے جو غافل رہتے ہیں دُور حق سے
جور و جفا و کینہ ظالم کا راستہ ہے

باتیں بہت بنانا بیجا دلیل کرنا
کترا کے حق سے پھرنا باطل کا راستہ ہے

جن کے دماغ و دل میں نخوت بھری ہوئی ہے
تحقیر و سوئے ادبی غفلت کا راستہ ہے

ابلیس کو جو رہبر اپنا بنا رہے ہیں
اُن پر دلیل لانا حجت کا راستہ ہے



Marfat.com

جنت کے جانے والے سب داہنی طرف ہیں
بائیں طرف سے لیکن دوزخ کا راستہ ہے

نعمت کی قدردانی ہے شکر ذاتِ باری
ہر شے میں نور و ظلمت عبرت کا راستہ ہے

عرفانِ حق کی کُنجی ہے نور امر منکم
روزہ نماز و طاعت تقویٰ کا راستہ ہے

صبر و رضا توکل خوشنودی و محبت
دل میں نبیؐ کی اُلفت رحمت کا راستہ ہے

عجز و حیا ندامت اخلاص و بے ریائی
آداب و خُلق و احساں جنت کا راستہ ہے

تجھ کو ریاضؔ حق نے اپنی غلامی بخشی
سب سے بھلائی کرنا خدمت کا راستہ ہے



Marfat.com

# معرفت

عبدہٗ کہتے ہیں جس کو نفس جسم و جان ہے
پتلۂ خاکی ہے نار و نور کی پہچان ہے

غرض و مطلب کی محبت میں وفا بالکل نہیں
حرص دنیا کی وجہ سے زندگی بیجان ہے

جو رہا باغی خدا سے حق پرستی چھوڑ کر
نفس و شیطاں کا پجاری دشمنِ رحمان ہے

امتیازِ خیر و شر ہے مصطفائیؐ آئینہ
اس لئے نیکی بدی پر حجتِ قرآن ہے

ظلِ نوری ہے رسالت عبدہٗ اُس کی کرن
حُسن و خوشبو در حقیقت مظہرِ سبحان ہے

ربُ العزت کی ضیا ہے خوبیِ حسنِ عمل
جس نے دیکھا مصطفٰےؐ کو صاحبِ ایقان ہے

ہے ریاضؒ معرفت اللہ کا فضل و کرم
دل کے اندر نجمِؒ دیں اک گوہرِ ایمان ہے



Marfat.com

سبحان اللہُ بِسم اللہ حق اللہُ احمدؐ ہے
بجمد اللہ اِلاَّ اللہ نورانی محمدؐ ہے

اُسی کی روشنی شمس و قمر میں زندگی بن کر
مجلّیٰ ہے منور ہے اَحد با میم احمدؐ ہے

وہی اول وہی آخر وہی ظاہر وہی باطن
ازل سے تا اَبد وہ ایک ہی نورِ محمدؐ ہے

بجز اللہ برتر کے نہیں غیر از خدا ہرگز
ضمیر ہُو وَ یَا مَن ہُو فقط اِلاَّ محمدؐ ہے

صفیؑ اللہ نجیؑ اللہ کلیمؑ و روحِ صل اللہ
رسُولؐ اللہُ کا جلوہ ظہورِ حُسنِ سرمد ہے

اُسی سے گلشنِ ہستی کا ہر غنچہ مہکتا ہے
چمک ذروں میں پیدا ہے جو بندوں میں محمدؐ ہے

وہی نورِ مقدر ہے ریاضِؒ نجمِؒ عرفانی
نرالی شانِ قدرت سے اُسی کی دل میں آمد ہے



Marfat.com

# حمد

جانوں میں عقل و ہوش بہ حُسنِ مجاز ہے
دنیاوی گُلفتوں میں عجب سُوز و ساز ہے

لاکھوں طرح سے عالمِ ہستی کے رُو برو
بے پردہ ہر لباس میں وہ مست ناز ہے

گلزار بیخزاں میں رسالت کا نور پاک
اللہ کے حضورؐ بہ عجز و نیاز ہے

تکرار اسمِ ذات و شہادت کیواسطے
اپنا وجود کلمۂ وحدت نماز ہے

نجمؒ السلامؒ ہو کے ریاضِؒ محمدیؐ
احمدؐ میں میم حمد گُلِ امتیاز ہے



Marfat.com

# مناجات

نام تیرا اے خدا ستار ہے
عاصیوں کے حق میں تو غفار ہے

رنج و غم سے دے رہائی اب مجھے
بیکلی دل کی بحال زار ہے

عفو کر دے سارے جرموں کو مرے
بیکسوں کا بس تو ہی غمخوار ہے

بندۂ عاصی ہوں تیرا اے کریم
تیری رحمت ہر گھڑی درکار ہے

بے بسی ہم عاجزوں کی یا نبیؐ
میرے مولے دیکھئے پُر خار ہے

اے مرے فریاد رس ختم رسلؐ
آپ کی ہستی بڑی سرکار ہے

نجمؒ دینِ مصطفٰےؐ ہر دم ریاضؒ
یاد میں اللہ کے سرشار ہے



Marfat.com

# تصوف

خدا کی خلافت نبیوںؑ میں ہے
نبیؐ کی خلافت ولیوںؒ میں ہے

رسول خدا سے جو واقف ہوا
وہی اہل جنت شریفوں میں ہے

خودی کبر و لالچ میں جو پھنس گیا
شیاطیں کا قیدی رذیلوں میں ہے

نبیؐ کی جو تعظیم کرتا نہیں
بڑا بے ادب وہ کمینوں میں ہے

حبیبؐ خدا کا ریاضؒ گدا
بہ نجمؒ المعارف حسینوں میں ہے



Marfat.com

# معارف

لا اِلٰہ مقام فانی ہے
کچھ نہیں خواب زندگانی ہے
جینے مرنے کا ہے سبق اس میں
رنج و راحت ہی امتحانی ہے

ہے جو سب کچھ بقائے اِلاّ اللہ
نور وحدت بہ شادمانی ہے
دین و ایماں ہے حسن قرآنی
حق پرستی میں کامرانی ہے

رب العزت کے رونمائی میں
خوب فرمان من رآنی ہے
ہے ہمیشہ سے جو ہمیشہ تک
نور اسلام جاودانی ہے

نجمؒ دین ریاضؒ احمدؐ میں
مصطفائیؐ بہ راز دانی ہے



Marfat.com

# تصوف

ہیں اللہ والے بڑی شان والے
نبیؐ کی حضوری میں سبحان والے

بہ اخلاص و طاعت سر دین و ایماں
محبت کے حامل ہیں رحمان والے

سمجھتے ہیں ابلیس کی ساری چالیں
غلامان شاہی ہیں سلطان والے

جو کرتے ہیں دنیا میں باطل پرستی
وہ حق پوش ہیں قورمہ نان والے

نبیوںؑ ولیوںؒ کو ناداں سمجھ کر
ہیں بدبخت فرعون و ہامان والے

بڑے بے ادب اور گستاخ ہیں وہ
کہ مغرور و حاسد ہیں شیطان والے

ریاضِؒ محبت بہ نجمؒ المُعارف
نبیؐ کے فدائی ہیں ارمان والے



Marfat.com

# تصوف

نفس و شیطاں کا جو پجاری ہے
آخرت میں اُسی کی خواری ہے

حرص و لالچ غرور و بغض و حسد
زہر قاتل بہ نفس ناری ہے

دین و ایماں سے بیخبر ہے جو
زر پرستوں سے اُس کی یاری ہے

مال و دولت کا ہے نشہ جس پر
دیں فروشی کا کاروباری ہے



Marfat.com

ہے جو گستاخ و بے ادب جاہل
اُس کی دنیا میں عقل ماری ہے

ہے جو اپنے نبیؐ سے نا واقف
اُس کے قسمت میں آہ و زاری ہے

اہل نا حق خدا کے دشمن ہیں
اُن کی صحبت گناہ گاری ہے

حق تعالیٰ کے نیک بندوں میں
انکساری بہ خاکساری ہے

نجمؒ دین ریاضؒ کو بے حد
ہجر احمدؐ میں بیقراری ہے



Marfat.com

# تبلیغ

میلاد مصطفیٰؐ پہ قیام و سلام ہے
غفلت میں سوئے ادبی یقینی حرام ہے
صلو علی النبیؐ مکرم پہ اُسجدو
شاہد خدائے پاک کا ناطق کلام ہے
تعظیم جس نے کی نہ خدا کے حبیبؐ کی
واللہ اُس کا نار جہنم مقام ہے
گستاخ و بے ادب ہے منافق بخود سری
ابلیس نا مراد پہ حجت تمام ہے
حق الیقیں سے پھر گیا شیطاں بے شعور
لعنت خدا کی اس لئے اُس پر مدام ہے
بیمثل و بے نظیر ہے قرآن مصطفیٰؐ
ایمان و دیں کے رو برو محکم پیام ہے
دل میں ریاضؒ احمدؐ مرسل ہے جلوہ گر
واللہ نور پاک پہ نجمؒ السلامؒ ہے



Marfat.com

# تصوف

کوئی بوجھے کہ فاتحہ کیا ہے
فضل و رحمت کی ابتدا کیا ہے

ہے درود و سلام حسن وفا
حق پرستی کا مدعا کیا ہے

علم و حکمت ہے نور قرآنی
دل کے پردوں میں پُر ضیا کیا ہے

مرکزی دائروں میں پوشیدہ
جینے مرنے کی انتہا کیا ہے

نجمؒ دینِ ریاضِؒ احمدؐ میں
رہنمائی بہ مصطفٰےؐ کیا ہے



Marfat.com

# تبلیغ

کسی چیز میں کچھ برائی نہیں ہے
دلوں میں بدوں کے صفائی نہیں ہے

نہ جبتک عطا ہوئے چشم بصیرت
نمود و ریا پارسائی نہیں ہے

شیاطیں ہیں مغرور محروم قسمت
کہ غیروں کو حق تک رسائی نہیں ہے

جو محرم نہیں کلمۂ طیبہ کا
وہ ایمان والوں کا بھائی نہیں ہے

خدا کی خلافت سے جو بیخبر ہے
وہ اندھا ہے سوجھ اُس میں آئی نہیں ہے



Marfat.com

ضروری ہے اللہ والوں کی صحبت
خدا کی عبادت ہوائی نہیں ہے

محبت ہے ایمان و دیں کی نشانی
قیام ادب خود نمائی نہیں ہے

نبیؐ کی ہے تعظیم فرمانِ ربی
بِلا حسن طاعت بھلائی نہیں ہے

کریں کیوں نہ تصدیق حسن ادب کی
شریفوں میں جب بیوفائی نہیں ہے

نمازوں میں ڈھونڈے وہ نجمؒ الہدیٰ کو
بَلاؤں سے جس کو رہائی نہیں ہے

ریاضِؒ احد گوہر میم احمدؐ
نبیؐ کے سوا حق نمائی نہیں ہے



Marfat.com

# تبلیغ

قرآں ہے نور پاک اطاعت کیواسطے
ناطق پیام حق ہے ہدایت کیواسطے

کافر کا کفر بڑھتا ہے مومن کے دل میں نور
کیا خوب معجزہ ہے کرامت کیواسطے

بیشک نبیؐ ولیؒ ہیں برحمت ستون دیں
دنیا میں نور حسن خلافت کیواسطے

مانا نہ جس نے نور کو ناری ہے بالیقیں
کبر و حسد خودی میں شرارت کیواسطے

ابلیس نا مراد بہ حجت ہے بے حیا
ترکِ ادب غرور و شقاوت کیواسطے



Marfat.com

گستاخ و بے شعور ہے شیطاں بخود سری
پیش خدائے پاک ندامت کیواسطے

ظالم بڑا خبیث ہے یہ نفس پُر جفا
مکر و دغا فریب و خیانت کیواسطے

ناداں کو اپنے علم و ہنر پر غرور ہے
دل میں ہے بغض و کینہ عداوت کیواسطے

ڈرتے رہو خدا سے بدی سے حذر کرو
شیطاں بہ رہزنی ہے ضلالت کیواسطے

تعظیم جس نے کی نہ خدا کے حبیبؐ کی
کافی ہے اُس کو نار خجالت کیواسطے



Marfat.com

اندھے رہو نہ بہرے بنو غافلو یہاں
پہچان لو نبیؐ کو شفاعت کیواسطے

کلمہ نبیؐ کا پڑھ لو ولیؒ کے حضور میں
سیکھو ہے کیا نماز عبادت کیواسطے

جب تک نظر نہ آئے رسالت کی روشنی
عجز و حیا ہے صبر و قناعت کیواسطے

عبرت کی زندگی میں نہ حق سے جدا رہو
سب مر کے زندہ ہونگے قیامت کیواسطے

نجمؒ الہدیٰ ریاضؒ کی ہستی بجان و دل
عالم میں با خدا ہے شہادت کیواسطے



Marfat.com

# تصوف

میلاد مصطفیٰؐ بہ قیام و سلام ہے
دونوں جہاں میں نور کی شہرت عام ہے

اعلان برملا ہے جو قرآن پیام حق
حمد و ثنا بہ محفل خیر الانام ہے

شاہد تعزّروہ بجکم توقروہ
جاری زباں پر ایک خدا ہی کا نام ہے

صلّو علی النبیؐ مکرم تسبجوہ
ناطق خدائے پاک کا سچا کلام ہے



Marfat.com

تعظیم نور پاک بفرمان اُسجدو
ترک ادب یقینی بہ غفلت حرام ہے

جلسوں میں گر قیام و سلام نبیؐ نہ ہو
مردہ دلوں کا صاف وہاں اِژدہام ہے

اپنی فلاح کیلئے پڑھتے رہو نماز
خالص رضائے حق بہ درود و سلام ہے

ہرگز نبیؐ ولیؒ نہیں اللہ سے جدا
طاعت خدا کی طاعت خیرالانام ہے

آنکھوں میں جان ودل کے رسولؐ خدائے پاک
نور الہدیٰ ریاضؒ بہ نجمؒ السلامؒ ہے



Marfat.com

# تبلیغی تصوف

محفل میلاد نبویؐ رحمتی دربار ہے
با ادب اُس میں سلامی نور کا اقرار ہے

کبریائی آئینوں میں شکل رب العالمیں
رحمتہ اللعالمیںؐ واللہ حسن یار ہے

اشرف انسان ہے آدمؑ حامل نور نبیؐ
جس نے کی تصدیق دل سے وہ بہت ہوشیار ہے

ہے بڑا گستاخ و جاہل دشمن ایمان و دیں
اُسجدو کے حکم سے ابلیس کو انکار ہے



Marfat.com

خود پرستی چھوڑ کر جو بندۂ عارف ہوا
روبرو اللہ کے وہ صاحب اَسرار ہے

کافر و مشرک منافق اہل حق سے دور ہیں
نفس ناری اس لئے تعظیم سے بیزار ہے

یہ نماز پنجگانہ با درود مصطفٰےؐ
فضل و احساں میں خدا کے شکر کا اظہار ہے

بالیقیں نور خدا امیؐ لقب علم الیقیں
گوہر عین الیقیں حق الیقیں سرکار ہے

نجمؒ دین سرمدی جان ریاضِؒ احمدیؐ
شاہد و مشہود عالم سید ابرار ہے



Marfat.com

# ہدائت

سر کو جھکادو خالق اکبر کے سامنے
دل کو جھکادو اپنے پیمبرؐ کے سامنے

رگ رگ بجان و دل رہے مسجود اےخدا
قدموں میں پیر و مرشد و رہبر کے سامنے

واللہ مصطفٰےؐ کی رسالت ہے جان روح
زندہ ہے جس سے خُلق پیمبرؐ کے سامنے

جس نے نہ جانا پیر خدا کے حبیبؐ کو
محروم ہے وہ نور مقدر کے سامنے

نجمؒ السلامؒ بحرِ امانت کے روبرو
قطرہ ہے یہ ریاضؒ سمندر کے سامنے



Marfat.com

# تصوف

جو مسکین و عاجز ہیں رحمان والے
وہ مخلص ہیں دنیا میں سبحان والے
رسالت کی تصدیق کرتے ہیں حق پر
بچشم بصیرت دل و جان والے
نبیؐ کی خلافت ہے نعمت خدا کی
صداقت کے حامل ہیں فرمان والے
جنہیں مل گئی دولت جاودانی
بہ نور مقدر ہیں قرآن والے
فقیری میں کرتے ہیں وہ بادشاہی
نبیؐ کی غلامی میں ایمان والے
بزرگوں سے رکھتے ہیں جو بغض و کینہ
رہیں گے خساروں میں شیطان والے
ریاضؒ اپنے مولٰے ظہور اتم ہیں
بہ نجمؒ السلامیؒ بڑی شان والے



Marfat.com

# معارف

بحمد اللہ عالم میں تیری قدرت نرالی ہے
نبیؐ کا حسن لاثانی خدا کی بیمثالی ہے

پنہا کر جامۂ وحدت اُتارا حق کو بے سایہ
دلوں میں وحیِ قرآنی ثبوت ذات عالی ہے

وجود خالق یکتا بہ امیؐ رحمت عالم
گلوں میں حسن وخوشبو مصطفےٰؐ کی ذوالجلالی ہے

سراغ ہمکلامی ہے وصال ذات محبوبیؐ
بہ اوصاف خداوندی ظہور لایزالی ہے

تیری قدرت تیری صنعت تیری عظمت تیری حکمت
نبیؐ کی صورت و سیرت برحمت پُر جمالی ہے

شریعت ظاہری بندوں میں روحانی طریقت ہے
معارف میں حقیقت کے محبت باکمالی ہے

ریاضؒ اللہ والوں میں حبیبِؐ کبریا آئے
کہ نجمؒ الدین احمدؐ میں نبیؐ کی خوشحالی ہے



Marfat.com

# تصوف

خدا کے نیک بندوں کی علامت حسن طاعت ہے
بہ عجز و انکساری خُلق و آدابِ اقامت ہے
دلوں میں بغض و کینہ سرکشی اللہ والوں سے
رعونت بالیقیں ابلیس کی پہلی شرارت ہے
نہ جانا امر ربی کو نبیؐ کو نور ایماں کو
مخالف جس کا شیطاں ہے وہ آدمؑ کی خلافت ہے
ہوئے دنیا میں جو قابل علومِ وسوسہ پڑھ کر
فنا فی الشیخ کی خاطر ضروری استقامت ہے
بزرگوں پر جو اپنے علم کو ترجیح دیتے ہیں
وہی علمائے جاہل خود پرستوں کی جماعت ہے
برحمت بخشدے گا رب العزت ایسے بندوں کو
جنہیں اپنے گناہوں پر تہ دل سے ندامت ہے
ریاضِؒ نجمِؒ عرفانی ہے جویاں پیر و مرشد کا
نبیوںؑ میں حبیبِؐ اللہ برتر کی شفاعت ہے



Marfat.com

# معرفت

لا اِلٰہ عبدہٗ کی شان ہے
نفس اِلَّا اللہ اپنی جان ہے

حق پرستی ہے شعور زندگی
نفس ناری غیر حق انجان ہے

کبریائی آئینوں میں جلوہ گر
ایک ہستی اشرف انسان ہے

ذرۂ نورِ نبیؐ سِرِ خدا
دل کے اندر واجب الایقان ہے

رحمتہ اللعالمینؐ روحِ رواں
حق تعالےٰ گوہر ایمان ہے

مصطفائیؐ ہے بہ ختم الانبیاءؑ
حسن و خوشبو نور کی پہچان ہے

نجمِؒ دین احمدیؐ پر اے ریاضؒ
راہ حق میں جان و دل قربان ہے



Marfat.com

# تصوف

کچھ نہیں کا مقام فانی ہے
خواب غفلت کی زندگانی ہے

آئے دنیا میں نامور کیا کیا
مرنے والوں کی اک کہانی ہے

کوئی آ کر یہاں نہیں رہتا
ساری مخلوق آنی جانی ہے

زور و طاقت بہ چشم حق بینی
درس عبرت چڑھی جوانی ہے

موت بن کر جو نیند آتی ہے
مرنے جینے کی یہ نشانی ہے



Marfat.com

آخرت با مراد ہے سب کچھ
حق پرستی بہ کامرانی ہے

بامزہ پُر سرور حُب نبیؐ
حسن و خوشبو میں شادمانی ہے

تھے جو مشتاق حضرتِ موسےٰؑ
ربِّ اَرِنی بہ لن ترانی ہے

جس کے گھر تھے نبیؐ شبِ معراج
یہ فضیلت بہ اُمہانیؓ ہے

حق تعالےٰ کو ہم نے دیکھ لیا
خوب فرمان من رآنی ہے

نجمِؒ دینِ ریاضِؒ احمدؐ کی
با خدا عمر جاودانی ہے



Marfat.com

# معارف

دل و جاں کے پردوں میں نور خدا ہے
بہ امیؐ لقب مظہر کبریا ہے
بہ تخلیق کونین مقصود عالم
حبیبؐ خدا خاتم الانبیاءؐ ہے
اولی الامر منکم کو جس نے نہ جانا
بہ جہل و خودی بندۂ پُر خطا ہے
بزرگان دیں کا مخالف ہے شیطاں
کہ وہ پُر جفا بے ادب بے حیا ہے
سیاست ہے دنیا میں طاعت کی خاطر
رسالت بہ توحید خیرالوریٰؐ ہے
بہ تنظیم آداب و حسن شریعت
محبت کی تکمیل شرط وفا ہے
در مصطفےٰؐ پر ریاضؒ تمنا
بہ نجمؒ المعارف سر مدعا ہے



Marfat.com

# تصوف

بندوں میں ایک بندہ پُر نور پُر ضیا ہے
پیروں میں پیر برحق واللہ با خدا ہے

دنیا کی ساری حکمت حاصل کیا و لیکن
سیکھا نہ جس نے کلمہ وہ مرد بیوفا ہے

علم و عمل میں افضل اپنے کو جس نے جانا
مغرور وہ یقینی ابلیس پیچیا ہے

منطق فلاسفہ ہے ایمان و دیں کی کنجی
ڈھونڈا نہ جس نے حق کو اللہ سے جدا ہے

سارے نبیؑ ولیؒ ہیں اسلام کے ستارے
نجمِؒ ریاضِؒ احمدؐ با نور مصطفےٰؐ ہے



Marfat.com

# تبلیغ

خوب سوچو دوستو دنیا میں کیا سامان ہے
دونوں عالم میں خدا کی جو نرالی شان ہے

ایک پاور ہاؤس ہے نورانی پرُزوں سے بھرا
جس کی ادنیٰ اک کرن نفسوں میں اپنی جان ہے

خاکی پتلہ اِنسولیٹر ہے غلافِ عبدہٗ
جس کے اندر کی مشینوں میں چھپا انسان ہے

ریڈیو کا بکس بالکل ٹھیک حق نے فٹ کیا
اپنی ہستی میں یقینی قدرتِ سبحان ہے



Marfat.com

پیر و مرشد ہے سوئچ جنکشن ہیں حق پر انبیاءؑ
سارے بندوں کے پلگ میں حکمتِ رحمان ہے

نیتیں میٹر کی سوئی قلب نوری بلب ہے
پاک و طاہر یہ مریدوں میں صحیح ایمان ہے

خود پرستی میں ہے خطرہ پیروی ابلیس کی
زنگ لگ جائیگا پُرزوں میں بہت امکان ہے

نسبتِ خالص ہے طاعت پانچ وقتوں کی نماز
کیونکہ دل کو فیوز کرنے پر تُلا شیطان ہے

روح ناطق ہے ریاضِ نجمؒ قرآنی سبق
مصطفٰےؐ کے روبرو اللہ کا فرمان ہے



Marfat.com

# ہدائت

حق تعالےٰ بالیقیں اللہ برتر ایک ہے
مصطفائیؐ حسن اطہر بندہ پرور ایک ہے

مالک کون و مکاں جن و بشر شمس و قمر
رحمتہ اللعالمیںؐ ماہِ منور ایک ہے

ایک برقع پوش ہے محبوبؐ حق خیر البشرؐ
عبد و مرسل کا لباسِ حمد پُر زر ایک ہے

رب العزت نے جسے اپنی خدائی بخشدی
وہ حبیبؐ کبریا معشوق و دلبر ایک ہے



Marfat.com

وحدۃ المقصود ہے جانوں میں روحِ زندگی
بالیقیں نورانی پیکر دل کے اندر ایک ہے

بولتا سنتا ہے جو پردوں میں قرآنی سبق
ہے صدا کانوں میں جس کی وہ پیمبرؐ ایک ہے

چشمِ عبرت کی نگاہوں میں ہے جس کی روشنی
دونوں عالم میں اکیلا حق کا مظہر ایک ہے

خَلق ساری ہو گی حاضر روبرو اللہ کے
بالیقیں روزِ جزا میدان محشر ایک ہے

نجمؔ دین مصطفےٰؐ امیؔ ریاضِؔ احمدیؔ
بندۂ حق الیقیں نور مقدر ایک ہے



Marfat.com

# تبلیغ

مسجد خدا کے بندوں کا دربار عام ہے
دربار خاص کعبہ و بیت الحرام ہے
یارو پڑھو نماز بہ عجز و حیا ادب
تکرار اسم ذات بوحدت مدام ہے
فرمان اُسجدو ہے بہ تکریم مصطفٰےؐ
سارے نبیؑ ولی کا یہ آخر پیام ہے
کرنیں بجان و دل ہیں رسالت مآب کی
نفسوں میں نور پاک برحمت تمام ہے
معراج عبدہٗ کی صداقت ہے حقہٗ
محبوبؐ ذوالجلال بہ عالی مقام ہے
اللہ کی تجلی بہ خلوت ہے جلوہ گر
حجرہ رسولؐ پاک کا دار السلام ہے
نامحرموں سے پردہ ضروری ہے اے ریاضؒ
نجمؒ السلامؒ مظہر خیرالانامؐ ہے



Marfat.com

# تبلیغ

واللہ لا جواب خدا کا کلام ہے
قرآں میں نور پاک بخیر الانامؐ ہے

اللہ کا خلیفہ جو آدمؑ ہے نور جاں
ایمان و دیں کی مہر صداقت مدام ہے

تعظیم جان د دل سے کرو با ادب رہو
فرمان اُسجدو میں یہ ناطق پیام ہے

مانو خدا کا حکم بہ تکریم مصطفےٰؐ
قسمت کا سب کے فیصلہ حجت تمام ہے

اللہ کے حبیبؐ کا جلوہ بنام حق
دل میں ریاضؒ گوہر نجمؒ السلامؒ ہے



Marfat.com

# تصوف

جسم خاکی بہ نفس نادان ہے
نفس ناری وجود شیطان ہے

حاسد راہزن مغرور وہ ہے
جاں بہ غفلت بہت پریشان ہے

خود پرستی نہیں ہے دینداری
حق پرستی میں نور ایمان ہے

لاالٰہ بروح اِلَّا اللہ
دین و ایماں بحسن سبحان ہے



Marfat.com

انکساری حیا و خُلق و ادب
حسن طاعت شعور انسان ہے

ہے نفی میں جو لام الف باقی
عبد و مرسل بہ نور قرآن ہے

ہے مراد دلی بہ حسن عمل
قدر دانی بہ شکر و احسان ہے

مصطفائیؐ حُضور نعمت کی
ظل رحمت ضیائے عرفان ہے

نجمِ دینِ ریاضِ السلامی
میم احمدؐ سراغ رحمان ہے



Marfat.com

# معارف

بتاؤ دلوں میں چھپا کون ہے
حسینوں میں حسنِ خدا کون ہے

نبیوںؑ ولیوںؒ میں پردہ نشیں
حبیبؐ خدا مصطفےٰؐ کون ہے

پسِ پردۂ عقل و نطق زباں
بہ ذہن و ذکا برملا کون ہے

مکینِ دو عالم ہے امیؐ لقب
شہنشاہِ ارض و سما کون ہے

خدا کا بہ معراج محرم بنا
نبیؐ کے سوا دلربا کون ہے



Marfat.com

جہاں میں جو بخشش کی بھر مار ہے
مفخر بہ جود و سخا کون ہے

کسے مل گئی دولت جاوداں
مسلماں بہ حسن وفا کون ہے

خلافت کا منکر گیا نار میں
جہنم میں سب سے بُرا کون ہے

شیاطیں ہیں اغیار اہلِ جفا
بہ حرص و خودی پُر خطا کون ہے

نشانی شرافت کی ہے بندگی
مشرف بہ عجز و حیا کون ہے



Marfat.com

سکھایا حکیموں کو علم و ہنر
دوا دیکے لیتا دعا کون ہے

مریض محبت کو تھی بیکلی
دیا جس نے ہم کو شفا کون ہے

جو خاک در مصطفےٰ بن گیا
مقدر میں اُس سے بڑا کون ہے

دل و جاں میں ہے کون جلوہ نما
دُر بے بہا مدعا کون ہے

ریاضؒ دو عالم بہ نجمؒ الہدیٰ
حضوری میں صدر العلا کون ہے



Marfat.com

# نعتیہ سلام

بس اب اُٹھ کھڑے ہو دعا کے لیے
صلوٰۃ و سلام و ثنا کے لیے

سلامی پڑھو دل سے اے مومنو
محبت میں خیرالوریٰ کے لیے

بحمد احد نعت احمدؐ رسول
رہے سر بسجدہ خدا کے لیے

دلوں کو جھکا دو بسوئے نبیؐ
بشوق ادب کبریا کے لیے

بہ تعظیم و تکریم و صل علیٰ
حبیبؐ خدا مصطفیٰؐ کے لیے

نبیؐ کی محبت بہ ایمان و دیں
دعا ہے یہی مدعا کے لیے

ریاضؒ النبیؐ کا دُر بے بہا
مقدر ہے نجمؒ الہدیٰ کے لیے



Marfat.com

# تصوف

علم اک انساں ہے نوری خاک دامن گیر ہے
کلمۂ طیب کا عالم صاحب جاگیر ہے

چاند سورج کل ستارے یہ زمین و آسماں
اپنی ہستی سارا عالم علم کی تصویر ہے

علم کے ذرے ہیں حرفوں میں بشکل امتحاں
جینا مرنا اس لیے دنیا میں عالم گیر ہے

رحمتِ عالم یقینی ہے مُراد انس و جاں
حسن صورت حسن سیرت نور کی تفسیر ہے



Marfat.com

جان وتن میں روح ناطق ہے جو نورانی کرن
عرش و کرسی پر مجلیٰ بے زباں تقریر ہے

خالق زیر و زبر ہے موجد لوح و قلم
عظمت نام خدا دل میں میرے تحریر ہے

دین وایماں بخشدے رحمت سے اے رب لعلا
با خدا عشق نبیؐ سب سے بڑی اکسیر ہے

مصطفےٰؐ ہے نور قرآں خاتم حسنِ ازل
وحدۃ المقصود عالم ایک زندہ پیر ہے

با ریاضِؒ احمدیؒ نجمؒ الہدیٰ عبد السلامؒ
حامد و محمود احمدؒ مالک تقدیر ہے



Marfat.com

# تصوف

دائرہ تنظیم کا اول بہ حرف لام ہے
امتیاز حق و باطل گوہر اسلام ہے
علم کی تصویر حق پُر نور ختم المرسلینؐ
حسن و خوشبو سیرت روح رواں گلفام ہے
ہے سیاست با شریعت لام الف کی زندگی
معرفت اللہ کی واللہ اصلی کام ہے
اپنی ہستی کلمۂ طیب ہے نورانی کرن
دونوں عالم میں بوحدت حق کا منظر عام ہے
رحمتہ اللعالمینؐ ہے مالک زیر و زبر
طاعت خیر البشرؐ اللہ کا پیغام ہے
ہے ضیائے نور ظل نور جان آب و گل
عبد و مرسل کی حقیقت با خدا سرنام ہے
نجمؒ دین سرمدی عبد السلامؒ حقہٗ
دل ریاضِ احمدیؐ کا مصطفائیؒ جام ہے



Marfat.com

# معرفت

پیر حق اللہ اکبر نور بسم اللہ ہے
لا اِلٰہ نفس اِلّا با خدا اللہ ہے

عبد و مرسل ہے وہی محبوبؐ رب العالمیں
رحمتہ اللعالمینؐ علم الیقیں اللہ ہے

ظاہر و باطن خدا کا نور ہے عین الیقیں
جان و دل روح رواں حسن رسولؐ اللہ ہے

کلمۂ حق الیقیں ظل خدا نور نبیؐ
بے نظیر و بے بدل بیمثل حق اللہ ہے

نجمؔ دین سرمدی جان ریاضِؒ احمدیؐ
مصطفائیؐ شان میں مظہر بقا باللہ ہے



Marfat.com

# معرفت

عالم لا کچھ نہیں کا راز ہے
لااِلٰہ عبدہٗ کا ساز ہے

لا و اِلّا دو مقام خیر و شر
ہاں نہیں اللہ کی آواز ہے

ایک سب کچھ ہے حبیبؐ کبریا
حسن و خوشبو جلوۂ شہِ ناز ہے

نحن اقرب ہو بہو اِنی اَنا
بیخودی میں با خدا دم ساز ہے

اپنی ہستی میں ریاضِؒ احمدیؐ
نجمؒ الدین مصطفٰےؐ ہمراز ہے



Marfat.com

# تصوف

جان بہ غفلت بہت پریشان ہے
نفس ناری وجود شیطان ہے

حاسد راہزن مغرور جو ہے
جسم خاکی بہ نفس نادان ہے

خود پرستی نہیں ہے دینداری
حق پرستی میں نور ایمان ہے

اللہ اِلَّا روح بہ لاالٰہ
دین و ایماں بہ حسن انسان ہے

مصطفائیؐ حضور نعمت کی
ظل رحمت ضیائے عرفان ہے

ادب و خُلق و حیا انکساری
حسن طاعت شعور انسان ہے

نجمؒ دین ریاضؒ کی ہستی
پیر و مرشد پر اپنے نازان ہے



Marfat.com

# مناجات

یا خدا جسم میں جب تک کہ میری جان رہے
تجھ پہ صدقے تیرے محبوبؐ پہ قربان رہے

آپ کے غم کو کلیجہ نہ کھلاؤں کیونکر
شرم کی بات ہے فاقے سے یہ مہمان رہے

کیا گنہ کر کے بھی شرمندہ نہیں تھے وہ لوگ
کہ گنہ بھی نہ کئے اور پشیمان رہے

سایہ قائم رہے احمدؐ کا میری تربت پر
کُشتۂ عشق محمدؐ کی یہ پہچان رہے

کچھ رہے یا نہ رہے پر یہ دعا ہے کہ ریاضؒ
نزع کیوقت سلامت میرا ایمان رہے



Marfat.com

# شجرہ شریف نسبی

## حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم

سیدنا حضرت قاسم — سیدنا حضرت ابراہیم — سیدنا حضرت عبداللہ حضری — حضرت زینب — حضرت رقیہ — حضرت ام کلثوم — حضرت فاطمۃ الزہرا زوجہ حضرت علی

حضرت عباس — امام حسن — امام حسین — محمد حنفیہ — بی بی زینب — ام کلثوم

امام زین العابدین — سیدہ فاطمۃ الصغریٰ زوجہ حضرت حسن مثنیٰ پسر امام حسن

ابوالحسن — زید — عمر — حسین — امام محمد — باقر حسن — محمد علی — عبداللہ — چار دختران

علی سجاد ← موسیٰ حمیس ← سید حسن عرف شاہ ناصر ترمذی ← سید محمد مدنی ←

سید حسن ثانی ← سید علی کا کی ← سلطان سید احمد ← سید محمد سعید ←

سید عمر علی ← سید ابا بکر ← سید حمزہ ← مخدوم سید احمد زاہد ←

سید شاہ زید شہید ← سید سلیمان کفر شکن ← سید عثمان ← سید ابرار الدین نو بہار ←

سید شاہ تاج الدین ← سید ابرار الدین ← سید شاہ نظام الدین ← سید شاہ عبدالحمید ←

سید شاہ عبدالوہاب قطب داعی پوری گنج عالم متصل سمرقند ← سید علی ← سید عبداللہ ←

سید فیض اللہ ← سید قطب الدین ← سید گوہر علی ← سید شاہ ہیبت اللہ سمرقندی

سید ابراہیم — سید مصطفیٰ

سید صالح ← سید فیاض احمد ← سید ہدایت اللہ

سید ہیبت اللہ ثانی ساکن کڑا — سید صالح — سید ابراہیم — سید نصیر الدین

زوجہ ایشاں عصمت بی بی بنت سید ضیاء الدین کڑوی



Marfat.com

## سید ہبت اللہ ثانی ساکن کڑا

زوجہ ایشاں عصمت بی بی بنت سید ضیاء الدین کڑوی

سید قطب الدین زوج صاحب النساء بنت نصیر الدین

سید محمد غیاث الدین عرف گھیسا میاں زوج دولت بی بی

### سید محمد عرف دمڑی میاں

بی بی مریم زوجہ ایشاں سید حسام الدین کڑوی

بی بی رحمانی زوجہ سید عباد اللہ پسر ابو محمد کڑوی

سید محمد فیاض احمد زوج عائشہ بی بی بنت ابو محمد کڑوی

سید محمد سعید الدین زوج خاطر النساء بنت سید عباد اللہ

حیا بی بی زوجہ سید احمد علی پسر سید عباد اللہ

ماہ بی بی زوجہ مقصود علی پسر یار محمد
شیعہ ہو گئے

سید محمد غیاث الدین عرف شہاب الدین زوج بتول بی بی بنت مقصود علی

سید حسن الدین زوج بنی فاطمہ بنت مظفر علی

سید محمد حسام احمد عرف غیور احمد

سید محمد فیاض احمد زوج ظہیر النساء ماکپوری بنت امین الدین حسن میاں ماکپوری

حسین فاطمہ زوجہ سید ذکر اللہ
لاولد پسر حسام احمد

میمونہ خاتون زوجہ ثانی
سید ذکر اللہ لاولد

### سید شاہ ریاض احمد حسنینی

زوج اول سلیق فاطمہ } بنت محمد اشرف ماکپور
زوج ثانی کنیز فاطمہ

نعیم فاطمہ زوجہ منظور احمد
ڈرگ روڈ کراچی پاکستان

### سید شاہ ریاض احمد حسنینی

سید سعید احمد حسنینی
منتقل سعود آباد کراچی لاولد

سیدہ بنی فاطمہ زوجہ سید
افتخار حسین دھگوھا الہ آباد

سید صدیق احمد حسنینی
منتقل لطیف آباد حیدر آباد پاکستان

سیدہ ریاض النساء عرف میمونہ بی بی
زوجہ قاضی رکن الدین بھاٹر ضلع گوالیار

سید امین احمد حسنینی
عرف قاسم ریاض میاں
زوج حمیرہ خاتون بنت شاہ عبید اللہ فاروقی الہ آباد

### سید صدیق احمد حسنینی

زوج اول نفیس فاطمہ عرف نور جہاں، زوج ثانی ام حبیبہ

فیروزہ حسنینی

ممتاز حسنینی زوجہ
انصار حسین میرٹھ

سید غیاث احمد حسنینی
زوج میمونہ صدیقی

فیتق فاطمہ حسنینی عرف زیبا
زوجہ شمیم احمد صدیقی

سید شفیق احمد حسنینی

سیدہ خشوت فاطمہ حسنینی
عرف گل زوجہ
چوہدری ذیشان اشرف

## سید امین احمد حسنینی عرف قاسم ریاض میاں

زوج ایشاں حمیرہ خاتون عرف سلطانہ بنت شاہ عبید اللہ فریدی (فاروقی) خاندان دائرہ شاہ محب اللہ الہ آبادی بہادر گنج الہ آباد

کنیز فاطمہ عرف غزالہ حسنینی
زوجہ سید سہیل احمد مدنی عرف
عبد اللہ کڑہ فتحپور

سلیق فاطمہ عرف
ماریہ حسنینی
زوجہ ساجد فریدی ماکپوری

نعیم فاطمہ عرف
نعیماں حسنینی
زوجہ طلحہ فریدی ماکپوری

ادیبہ حسنینی
زوجہ سید محمد اسلام
کاظمی عرف احسن
اوریٰ

فرحین فاطمہ
عرف امینہ حسنینی

سید صارم
ریاض حسنینی

سید عاصم ریاض
حسنینی عرف
ہبت اللہ ثالث



Marfat.com

باہتمام فقیر سید امین احمد حسنینی

حنفی نقشبندی مجددی انجمی ریاضی عرف قاسم ریاض
خلف وسجادہ نشین آستانہ عالیہ ریاض المعارف
146۔ ریاض منزل سیدواڑہ شہر فتح پور (یو۔پی) انڈیا
پوسٹ کوڈ 212601 فون نمبر 0091-05180-225205
موبائل نمبر: 0091-9335010936

Marfat.com

Marfat.com

باہتمام فقیر سید امین احمد حسینی

حنفی نقشبندی مجددی النجمی ریاضی عرف قاسم ریاض
خلف وسجادہ نشین آستانہ عالیہ ریاض المعارف

146۔ ریاض منزل سیدواڑہ شہر فتح پور (یو۔ پی) انڈیا
پوسٹ کوڈ 212601 فون نمبر 0091-05180-225205
موبائل نمبر: 0091-9335010936

Marfat.com